
حضرت میاں محمدّ بخش رحمۃ اللہ علیہ کی حالاتِ زندگی پر خوبصورت کتاب

# سیرت

# حضرت میاں محمدّ بخش رحمۃ اللہ علیہ

## کھڑی شریف



تالیف:
محمد حسیب القادری

ناشر
اکبر بُک سیلرز لاہور

Marfat.com

Marfat.com

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی حالاتِ زندگی پر خوبصورت کتاب

# سیرت

# حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

## کھڑی شریف


تالیف:

محمد حسیب القادری



ناشر

اکبر بک سیلرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور Ph: 7352022



Marfat.com

111570



جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں


نام کتاب: حضرت میاں محمد بخش قادری رحمۃ اللہ علیہ

مصنف: محمد حسیب القادری

پبلشرز: اکبر بک سیلرز

تعداد: 600

قیمت: -/120 روپے

ناشر
اکبر بک سیلرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور Ph: 7352022


Marfat.com

# انتساب

## سلطان العارفین

## حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے نام

Marfat.com

عشق اسانوں لِسیّاں جاتا کر کر آوے دھائی ھو
جت وَل ویکھاں عشق دسیندے خالی جگہ نہ کائی ھو
مرشد کامل اوہ ملیا جس دل دی تاکی لاہی ھو
میں قربان اس مرشد توں جس دسیا بھیت الٰہی ھو

Marfat.com

# فہرست



| صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|
| 5 | حرفِ آغاز |
| 7 | حمد باری تعالیٰ |
| 16 | نعت رسولِ مقبول ﷺ |
| 18 | رحمت دامینہ |
| 20 | مختصر تعارف |
| 22 | نام ونسب |
| 23 | حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ |
| 24 | ولادت باسعادت |
| 27 | تعلیم وتربیت |
| 29 | جستجو مرشد کامل |
| 35 | شجرۂ طریقت |
| 37 | مدح حضور سیدنا غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ بزبان حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ |
| 42 | مدح حضرت میراں شاہ مقیم رحمۃ اللہ علیہ بزبان حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ |
| 44 | حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے عقیدت کا اظہار |
| 47 | پیرو مرشد سے عقیدت کا اظہار |
| 50 | والد بزرگوار کا وصال اور مسئلہ جانشینی درگاہ حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ |



Marfat.com

| | |
|---|---|
| عبادت وریاضت | 53 |
| کشف وکرامات | 57 |
| حلیہ مبارک | 82 |
| سلسلہ رشد وہدایت | 83 |
| دنیا مسافر خانہ ہے | 84 |
| حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بحیثیت مصنف | 86 |
| حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا نظریہ عشق | 98 |
| واقعہ معراج بزبان حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ | 104 |
| حضور سیّدنا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ سے عقیدت | 109 |
| مرشد کامل کی عظمت | 110 |
| حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اور نظریہ تصوف | 111 |
| مسئلہ وحدت الوجود | 116 |
| اخلاقیات اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ | 119 |
| عمل کا درس | 122 |
| حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ مبارک کی پختہ تعمیر | 124 |
| وصال حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ | 127 |
| فرمودات | 135 |
| سلسلہ عالیہ قادریہ کے نامور صوفی شاعر | 137 |
| کتابیات | 160 |


Marfat.com

# حرفِ آغاز

اللہ عزوجل کے نام سے شروع جو بڑا مہربان اور نہایت رحم فرمانے والا ہے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل وازواج واصحاب پر بے شمار درود وسلام۔ تصوف حقیقت میں شریعت' معرفت اور حقیقت کا نام ہے۔ شریعت ایک دستور یا آئین کا نام ہے اور اس دستور پر عمل کرنے کا نام ہی طریقت ہے۔ شریعت پر عمل کرنے کے بعد جس راز سے آگاہی حاصل ہوتی ہے وہ حقیقت ہے اور حقیقت سے واقفیت کا نام ہی معرفت ہے۔

متاع بے بہا ہے درد وسوزِ آرزومندی
مقام بندگی دے کر نہ لوں شانِ خداوندی

پنجابی زبان میں صوفیانہ شاعری کا سفر دسویں صدی ہجری میں حضرت شاہ حسین رحمۃ اللہ علیہ سے شروع ہوا جسے سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت بابا بلھے شاہ قادری شطاری رحمۃ اللہ علیہ نے پروان چڑھایا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے پنجابی زبان میں صوفیانہ کلام کے ذریعے تصوف کی روح کو جلا بخشی اور اپنے کلام کے ذریعے لوگوں کو معرفت حقیقی سے روشناس کرایا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق پوٹھوہار کے علاقہ ضلع جہلم سے ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی شاعری میں عشق حقیقی کا رنگ نمایاں ہے۔

ملت عشق از ہمہ دیہنا جدا است
عاشقاں را ملت و مذہب خدا است

عشق حقیقی کا معیار وہ نہیں ہے جو دنیاداروں نے مقرر کر رکھا ہے اور اس کے پیمانے میں پہلا درجہ طلب محبت' استقامت' لگن اور شوق کا ہے۔ جس سالک کے اندر یہ

Marfat.com

سب چیزیں موجود ہیں وہ بت خانہ میں بھی بیٹھا ہوا کیوں نہ ہو اپنے شوق کی شمع کو نورِ الٰہی سے روشناس کر کے اپنے مقصد حقیقی کو پالیتا ہے وگرنہ مساجد میں کثرتِ عبادت سے بھی اس کے اندر عشق الٰہی کی شمع روشن نہیں ہو پاتی۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شاعری کے ذریعے عشق حقیقی کے اسرار و رموز سے آگاہ کیا اور اس راہ کی تکالیف کو بیان کیا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی شاعری سادگی' سچائی' حقیقت اور تشبیہات کا مجموعہ ہے۔

عشق آمد و عقل رخت بر بست
ایں ہم ز کمال کاروانی است

زیر نظر کتاب ''سیرتِ پاک حضرت میاں محمد بخش قادری رحمۃ اللہ علیہ'' کی تالیف کا مقصد بھی یہی ہے کہ لوگوں کو آپ رحمۃ اللہ علیہ کی سیرتِ پاک اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے کلام سے روشناس کروایا جائے تاکہ لوگ صحیح معنوں میں عشق حقیقی کے اسرار و رموز سے واقف ہوسکیں۔ اللہ عزوجل کی بارگاہ میں یہ دعا ہے کہ وہ میری اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبولیت عطا فرمائے اور ہم مسلمانوں کو صحیح معنوں میں دین اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

محمد حسیب القادری

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

اوّل حمد ثناء الٰہی جو مالک ہَر ہَر دا
اُس دا نام چتارن والا ہَر میدان نہ ہَردا

کام تمام میسر ہوندے نام اوہدا چت دَھریاں
رحموں سکے ساوے کردا قہروں ساڑے ہَریاں

قدرت تھیں جس باغ بنائے جگ سنسار تمامی
رنگ برنگی بُوٹے لائے کُجھ خاصی کُجھ عامی

اِکناں دے پھَل مِٹھے کیتے پَت انہاندے کوڑے
اکناں دے پھُل کاری آون نفے پھَلاندے تھوڑے

ایس عجائب باغے اندر آدم دا رُکھ لایا
معرفت دا میوہ دے کے وَاہ پھلدار بنایا

رحمت دا جَد پانی لگا تاں ہویا ایہہ ہریا
ہر ہر ڈالی نے پھُل پایا سر دھرتی جد دھریا

واہ وا خالق سر جہارا ملکاں جن انساناں
اربع عناصر تھیں جس کیتا گونا گون حیواناں

گن اُوہدی نوں کوئی نہ پُہنتا عاقل بالغ داناں
در جس دے سر سجدے سٹے لوح قلم آساناں

حکم اوہدے بن ککھ نہ ہلدا واہ قدرت دا والی
جیا جون نگاہ اوہدی وچ ہر پتر ہر ڈالی

Marfat.com

آپ مکانوں خالی اُس تھیں کوئی مکان نہ خالی
ہَر ویلے ہَر چیز محمدؐ رَکھدَا دا نِت سنبھال
جُون ہزار اٹھاراں اُس نے دیناں وِچ بنائی
صورت سیرت تے خاصیّت وِکھو وَکھری پائی
جُدا جُدا ہر جُوگے جَگ تے کیتے کھانے
اُتھے لُوہلے ماڑے موٹے ہَر نُوں نِت پچانے
جو جو رزق کسے دا کیتوس لکھیا کدے نہ ٹالے
لاکھ کروڑ تکّے بُریائیاں پھر بھی اونویں پالے
آدم تھیں لے اِس دم توڑی لاکھ ہوئے مَر مٹّی
صورت جُدا جُدا سبھس دی علم اوہدے وِچ مٹّی
وَکھو وَکھرے لیکھ سبھس دے ملکھ چھڈیوس اکواری
جمن مرن نہ گھسّن دیندا ساعت اَدّھی ساری
اِکو فرش زمین دا سارا اِکو مینہ تراوت
بُوٹے رُکھ زمن پر جتنے سبھناں وچ تفاوت
سے ناڑیں اِک پتّرا اندر جوڑ کئی وِچ جوڑے
علم اوہدے وِچ لکھ نہ بُھلاّ سبھ معلم بن لوڑے
صنعت دا کجھ انت نہ لبھدا نظر کرو جس جائی
دھّن اوہ قادر سرِ جنہار جس سبھ چیز بنائی
جے ہِک مچّھر دا پَر بھجّے توڑے جو جگ لگے
ہر گز رَاس نہ ہوندا مُڑ کے جیونکر آہا اگّے
اتنا کم نہیں کرسک دے دانشمند سیانے
حکمت پاک حکیم سچّے دی کون کوئی سبھ جانے

Marfat.com

آپے داناں آپے بیناں ہر کم کردا آپے
واحد لا شریک الٰہی صفتاں نال سیہاپے
رَبّ جبّار قہار سُنیندا خوف بھلا اِس بالوں
ہے ستّار غفّار ہمیشہ رحم اُمید جنابوں
بادشہاں تھیں بھیکھ منگاوے تخت بہاوے گھاہی
کُجھ پرواہ نہیں گھر اُس دے دائم بے پروائی
صمٌ بُکمٌ رہن فرشتے کس طاقت دم مارے
دَر اُس دے پر عاجز ہو کے ڈھیندے بزرگ سارے
ہر ڈھٹھے نُوں ہتھے دیندا بخشنہار خطائیاں
دیتوس سُخن زباناں اندر سُخناں وِچ صفائیاں
ہَر درتوں دُرکارن ہوندا جو اُس دَر تھیں مُڑیا
اوّسے دا اُس شان ودھایا جو اُس پاسے اڑیا
بادشہاں دے شاہ اُس اَگے منہ مَارے وِچ خاکاں
اوگنہار کہایا اوتھے سچیاں صافاں پاکاں
مغروراں نُوں پکڑ نہ کردا اوسے وقت شتابی
معذوراں نُوں چھکے ناہیں کر کے قہر خرابی
جے کر خفگی کرے اَساں پر تک کے کماں بُریاں
بخشش کر کے مہریں آوے پھیر اوہدے دَر اُڑیاں
ماوَ پیوٗ دی بے فرمانی جو بیٹا نت کردا
فرزندگی دا پیار نہ رہندا کہن کویں ایہ مَردا
بچن بھین بھرا نہ ہوون راضی جس کبراوں
گھر آئے دا کرن نہ آورکیتن اوہدیاں داوں

Marfat.com

دوست یار کسے دا ہکدن آور بھاء نہ ہووے
فیرا وہ مُکھ دکھاندا ناہیں یاری تھیں ہتھ دھوے
نفر غلام کِسے دا ہووے خدمت اندر ڈِھلا
خاوند نُوں کد چنگا لگ دا جھڑکے کر کر کلّا!
میر وزیر مصاحب شاہ دے حکموں باہر ہوون
شاہ کھدیڑے غصہ کر کے ہور بھی نوکر روون
واہ وہ صاحب بخشنہار تگ تگ ایڈ گناہاں
عزت رزق نہ گھٹے ساڈ دیندا فیر پناہاں
دوئے جہاناں اسماناں زِ میاں جووا فرزبے اوڑے
وِچ سُمندر علم اوہدے دے ہک قطرے تھیں تھوڑے
کھانے پا بہائیوس چوکی ڈاہ زمین دا پلاّ!
بجّن دشمن چنگے مندے دیندا ناں دھر کلاّ!
جے اوہ قہر کماون لگ دا کون جو چُھٹ دا
رحمت اُس دی جگ وسائی ہر یک نعمت لُٹ دا
بندگی دی پرواہ نہ اُس نُوں گھاٹا نہیں گناہوں
زُہد عبادت تاہیں ہوندے جان گُھلّے درگاہوں
سدا سلامت راج اوسے دا اُس دَر سَبھ سلامی
آدم جن ملائک ہر شے جِتیا جُون تمامی
مان کریندیاں مان تروڑے مسکیناں دا ساتھی
کوہ قافاں وِچ روزی دیندا سیمر غاں نوں ہاتھی
لُطف کریندا کرم کنندہ ہر دے کام سنوارے
سبھ خلقت دارا کھا اوہو بھیت پچھانے سارے

Marfat.com

سبھ وڈیائی اُس نوں لائق بے پرواہ ہمیشہ
ہکناں تاج سعادت دیندا ہکناں بداندیشہ
عیب میرے پر پلّا دیندا ہُنر کریندا ظاہر
جدوں کرم دا واڑا کردا کوئی نہ رہندا باہر
ہر عاجز پر رحمت کردا کرے قبول دعائیں
بن منگے لکھ دان دوائے محرم دل دا سائیں
ہَر کوئی محتاج اوسے دا منگن ہارا دَردا
ہرگز کیتی اُس دی اُتے اُنگل کوئی نہ دَھردا
دائم نیکوکاری کردا نیکی اُس نوں بھاوے
بَدیاں بھی پھر بخش گذر دا جاں رحمت پر آوے
سورج تارے اُوٹھ قطارے مشرق مغرب جاندے
خاک زمین دی ثابت رکھدا پانی تے تھر باندے
دَھرتی پونڈ ڈولاندی آہی ایدھرا اودھر ہوکے
حکمت نال لگائیوس محکم کوہ قافاں دے کوکے
قطرے ہک منی دے تائیں کہہ کُجھ جوبن دیندا
پانی اُتے صورت لکھے حکمت عجب کریندا
اوس صورت وِچ سیرت پاوے اہل بصیرت تکدے
اُنہیں لوک اسےتھر بھائی قدر پچھان نہ سکدے
وَٹے دے وِچ لعل ٹِکاندا جانن قیمت پاندے
سادی شاخوں ویکھ نکالے گُل پھل رنگ رنگاندے
سِپّاں اندر موتی کردا رکھ کے قطرہ پانی!
شِکماں وچوں باہر آنے صورت بی بی رانی

Marfat.com

اگا پچھا اُس نوں معلم ناں چھپیا ہِک ذرّہ
داناں بیناں کشف قلوبی حی قیوم مقرہ!
کناں باہجوں سُننے۔ والا تکدا ہے بن نیناں
باہجھ زبان کلام کریندا ناں اُس بھائی بھیناں
غالب امر مبارک اُس دے ناں ہویاں نُوں کیتا
ہویاں نُوں نابُود کریسی آپ ہمیشہ جیتا
خاک ہویاں نُوں دوجی واری مُڑ کے زندے کرسی
وِچ میدان قیامت والے ہر کوئی لیکھا بھرسی
سبھ جہان کو کیندا ایہو ہے تحقیق الٰہی
لیکن کُہنہ مبارک۔اُس دی کِسے نہ لدّھی آہی
صفت اوہدی نوں فہم نہ پہنچا ذاتی وہم نہ پاندے
اِس ڈابے کئی بیڑے ڈبے تختہ ہویا نہ باندے
اِس مَیدان نہ چلّے گھوڑا شینہہ حیرت دا گجّے
خاص پہلے لا اٹھی کھکے اس دوڑوں سن رجّے
ہرجائی نہیں چلدی بھائی جِتھّے دی چترائی
کن ڈورے جِبھ گونگی ہوندی جاں کوئی جاگہ آئی
اِس مجلس دا محرم ہو کے پھیر نہ مُردا کوئی
جو ایہہ مست پیالہ پیندا ہوش کھڑاندا سوئی
اس خونی دریاوں ڈر دے عقل فکر دے سائیں
کِس دی بیڑی باہر آئی پہنچ اجہیں جائیں
جے کر تینوں طلب محمدؐ اس رستے ٹر اُڑیا
مُڑ آون دی رکھ نہ ہکّھی ایتھوں کوئی نہ مُڑیا

Marfat.com

نال ریاضت کریں صفائی سان فکر دی کہس توں
مَت خوشبو دی کرسی طالب عہد الستوں
پَیر طلب دے گھڑسن اوتھے اوڈیں حُبّ دے بالوں
اگوں پکڑ یقین لنگھاسی پڑدے پاڑ جنابوں
ایہہ دریا موہانے باجھوں لنگھن مول نہ ہوندا
رُھڑ مردا یاڈبڈا جیہڑا آپ ہکلاّ پوندا
جنہاں ملاح منایا ناہیں بیڑی چڑنے نہ اُس دی
راہوں پَرت پئے وِچ باراں مفت نکرمی مُسدی
رستہ چھوڑ نبیؐ دا ٹریاں کوئی نہ منزل پگ دا
جے لکھ محنت ایویں کریئے کلّر کول نہ اُگ دا
رستہ صاف نبیؐ دے پچھے ہور نہ جانوں کوئی
اوہو کرے شفاعت ساڈی تاہئیں ملسی ڈھوئی

(حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

واہ کریم اُمت دا والی مہر شفاعت کردا
جبرائیل جیہے جس چاکر نبیاں دا سَر کردا
اوہ محبوبؐ حبیبؐ ربانان حامی روز محشر دا
آپ یتیم یتیماں تاہیں ہتھ سرے پر دَھردا
جے لکھ واریں عطر گلابوں دھوئیے نِت زباناں
نام اُنہاں دے لائق ناہیں کی قلمے دا کاناں
نعت اُنہاں دی لائق پاکی کدا ساں نادا ناں
میں پلیت ندی وِچ وڑیا پاک کرے تن جاناں
نال اشارت ٹکڑے کیتا جس نے چن اسمانی
سنگروڑاں تھیں جس پڑھایا کلمہ ذکر زبانی!
یوں اُس بہت ودہائی. تھوڑی سی مہمانی
مر تَسا سَبھ رجایا ہکسے کاسے پانی!
صدر نشین دیوان حشر دا افسر وِچ اِماماں
گل نبی محتاج اُنہاندے اَبراں وانگ غلاماں
دُنیاں تے جد ظاہر ہویا کُھریا دین دماماں
کوہ قافاں نے سیس نمایا کوٹ کفار تماماں
تخت چبارے شاہی کنبے ڈھٹھے کُفر مُنارے
چھیک دِتے قرآن اوہدے نے اگلے دفتر سارے

Marfat.com

سبھو نور اُوسے دے نوروں اُس دا نور حضوروں
اُس نوں تخت عرش دا مِلیا موسےؑ نوں کوہ طوروں
لَوْلَاکَ لَمَاخَلَقْتُ الْکَوْنُ آیا شان اُنہاندے
جن انسان غلام فرشتے دوئے جہان اُنہاندے
نور محمدؐ روشن آہا آدم جدوں نہ ہویا
اوّل آخر دوئے پاسے اُوہو مَل کھلویا
پاک جمال اوہدے نُوں سِکدے رُوح نبیاں سندے
حُوراں مَلک اُنہاندی خاطر خدمت کارن بندے
ولی جہاں دی اُمت سندے نبیاں نال برابر
اُمت اُس دی بنیا لوڑن مُرسل ہورا کابر
حسن بازار اوہدے سے یوسفؑ بردے ہووکاندے
ذوالقرنین سلیمان جیہے خدمت گار کہاندے
عیسےؑ خاک اُنہاں دے دَردی گھن تمیم کردا
تاہئیں دست مبارک اُس دا شافی ہر ضرر دا
خال غلامی اُس دی والا لایا پاک خلیلےؑ
جانی نوں قربانی کیتا مہتر اسماعیلےؑ
موسےؑ خضر نقیب اُنہاندے اگے بھجن راہی
اوہ سلطان محمدؐ والی مُرسل ہور سپاہی
دہ سی سد جہاناں نوں ہویا نیڑے آ، پیارا
نعت اُنہاں دی کیہ کُجھ لکھے شاعر اوگنہارا

(حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# رحمت دا مینہ

رحمت دا مینہ پا خدایا باغ سُکا کر ہریا
بُوٹا آس اُمید میری دا کردے میوے بھریا
مِٹھا میوہ بخش اجیہا قدرت دی گھت شیری
جو کھاوے روگ اُس دا جاوے دُور ہووے دلگیری
سدا بہاروئیں اِس باغے کدے خزاں نہ آوے
ہوون فیض ہزاران تائیں ہر بُھکھا پھل کھاوے
بال چراغ عشق دا میرا رُوشن کر دے سیناں
دِل دیوے دی روشنائی جاوے وِچ زمیناں
نعمت اپنی دی کُجھ مینوں بخش شناساں پاواں
ہمّت دیہہ وِلے نوں تیرا شُکر بجالیاواں
لاہ ہنیرا جہل بُرے دا چانن لاء عقل دا
بخش ولایت شعر سخن دی یمن رہے وِچ رلدا
اوّل دیہ دِل جیہا وِچ ہوون سُچے سخن خزانے
لعل جواہر کڈھ کڈھ دیوے قوّت بخش زبانے
طبع میری دا نافہ کھولیں ملکیں مُشک دُھمائیں
سُن سُن مغز مُعطّر ہوون بُو عشق دی پائیں
سخن میرے دی شکروں ہوون مِٹھے منہ قلم دے
شعر میرے دے عطروں کاغذ لاوے خال رقم دے

Marfat.com

بوہتی نویں کتاب میری دی جوبن بخش سنگاریں
پاک نظر دے ویکھن والے ندی عشق دی تاریں
جے کوئی میلی اکھیں دیکھے عیب دھگانے لاوے
اوہ بھی عدل تیرے دے گھر تھیں کجھ سزائیں پاوے
مَر مَر اِک بناون شیشہ مار وَٹا اِک بھن دے
دُنیا اُتے تھوڑے رہندے قدر شناس سُخن دے
اوّل تے کجھ شوق نہ کسے نوں سخن اج سُن دا
جے سُنسی تاں قِصہ اُتلا کوئی نہ رمزاں پُن دا
لَدّ گئے اوہ یار پیارے قدر شناس ہمارے
سُخن صرّاف محمدؐ بخشا لعلاں دے ونجارے
مجلس بَہ بَہ گئے سیانے کر کر ہوش سنبھالے
ہک دوئے سنگ ورتی اُلفت جیوں بھلیاں دے چالے
لے لے گئے سُخن دی لذت پی پی مست پیالے
خالی رہ گئے محمدؐ خانے مجلس والے
کدھرے نظر نہ آوے کوئی بھرے پیالے والا
جے دِسے تاں وَرتے ناہیں ناں ہک گُھٹ نوالا
کہے اساں تھیں اوہلے ہوے ساقی مَٹ پیالے
ہائے افسوس محمدؐ بخشا کون کرے اُپرالے
یاراں باجھ شراب سُخن دا ورتن تے کدجیوی
سُچا مَیلا کڈھ محمدؐ جو پیوی سو پیوی

(حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# مختصر تعارف

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا شمار پنجابی زبان کے نامور صوفی شعراء میں ہوتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد بزرگوار کا نام حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے سن ولادت کے بارے میں مختلف آراء موجود ہیں۔ مستند روایات کے مطابق آپ رحمۃ اللہ علیہ کا سن پیدائش ۱۲۷۹ھ ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد بزرگوار حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ، حضرت پیر غازی شاہ المعروف حضرت پیر دمڑی والا رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ کے سجادہ نشین تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ ابتدائی تعلیم سے فارغ ہوئے تو مزید تعلیم کے لئے سموال شریف میں حافظ محمد علی صاحب کی درسگاہ میں تشریف لے گئے۔ حافظ محمد علی صاحب سے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فقہ وحدیث، منطق واصول اور نظم ونثر کی تعلیم حاصل کی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ جب ظاہری علوم سے فارغ ہوئے تو دل میں روحانی علوم کی جستجو کا شوق بیدار ہوا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ مرشد کامل کی تلاش میں گھر سے نکل پڑے اور جنگلوں، بیابانوں کا رخ کیا۔ اس دوران آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ملاقات بے شمار اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم سے ہوئی جن سے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کسب فیض حاصل کیا۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ، حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی جانب سے بشارت ملنے پر حضرت پیر سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پر بیعت ہوئے۔ حضرت پیر سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے کسب فیض کے بعد ان کے حکم سے کشمیر تشریف لے گئے اور حضرت شیخ احمد ولی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بے شمار روحانی فیوض وبرکات

Marfat.com

سے مالا مال ہوئے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ جب واپس تشریف لائے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد بزرگوار شدید علیل ہو گئے۔انہوں نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ کا سجادہ نشین مقرر کیا۔آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ کے حق میں دستبردار ہو گئے۔

والد بزرگوار کے وصال کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ گوشہ نشین ہو گئے اور حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک کے احاطہ میں ایک گھاس پھونس کا جھونپڑا بنا کر عبادت و ریاضت میں مشغول ہو گئے۔ بعدازاں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ پھر سفر اختیار کیا اور صحرا نوردی شروع کر دی۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کئی کئی روز تک فاقہ کشی کرتے تھے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کا لباس ایک تہبند اور ایک کمبل تھا۔جب آرام فرمانے لگتے تو کمبل زمین پر بچھا لیتے۔

۱۲۹۸ھ میں جب آپ رحمۃ اللہ علیہ کے بھائی حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ مسند نشین ہوئے اور رشد و ہدایت کا سلسلہ شروع کیا۔آپ رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کو وعظ و نصیحت کے لئے اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کیا۔آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کئی معرکۃ الآراء کتب تصانیف کیں۔آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ساری زندگی شادی نہ کی اور مجرد رہے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۳۲۴ھ بمطابق ۱۹۰۷ء کو اس جہانِ فانی سے کوچ فرمایا۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ صاحب کشف و کرامت بزرگ تھے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کی بے شمار کرامات زبان زد و عام ہیں۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اشعار میں عشق حقیقی کا رنگ نمایاں ہے جو سالک راہِ حق کے لئے بہترین راہنما ہیں۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پر بے شمار لوگوں نے دین اسلام قبول کیا اور بے شمار لوگ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تربیت میں رہ کر ولایت میں بلند مرتبہ سے سرفراز ہوئے۔

ہوئے نصیب نبی دا کلمہ دین قبول محمدؐ
لا الٰہ الا اللّٰہ سچ رسول محمدؐ

Marfat.com

# نام ونسب

آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نام میاں محمد بخش (رحمۃ اللہ علیہ) ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے آباؤ اجداد کا تعلق چک بہرام ضلع گجرات سے ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ نسب کے بارے میں کتب سیر خاموش ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا شجرہ نسب آپ رحمۃ اللہ علیہ کے پڑدادا حضرت میاں دین محمد تک ملتا ہے جو کھڑی شریف کے مشہور بزرگ حضرت پیر غازی شاہ المعروف حضرت پیر دمڑی والا رحمۃ اللہ علیہ کے مرید وخلیفہ اور سجادہ نشین تھے۔ بیشتر تذکرہ نگاروں نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا شجرہ نسب حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی روحانی نسبت کی وجہ سے خلیفہ دوم حضرت سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ملایا ہے۔ ۱۹۲۸ء میں پروفیسر ڈاکٹر سیّد نصر امان جعفری نے اپنے تحقیقی مقالہ میں لکھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا شجرہ نسب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلیل القدر صحابی حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے جن کی نسل میں سے کچھ افراد ضلع جہلم کے نواحی علاقوں میں آ کر آباد ہوئے تھے۔

کتب سیر میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ نسب آپ رحمۃ اللہ علیہ کے پڑدادا تک یوں منقول ہے۔

۱۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

۲۔ بن حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ

۳۔ بن حضرت میاں جیون رحمۃ اللہ علیہ

۴۔ بن حضرت میاں دین محمد

111s70

Marfat.com

# حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے والد بزرگوار حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کا شمار نابغہ روزگار اولیاء اللہ میں ہوتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ صاحب جود وسخا تھے۔ حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ ظاہری و باطنی علوم سے سرفراز تھے اور حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک کے سجادہ نشین تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو سجادہ نشین اپنے والد بزرگوار سے حضرت میاں جیون رحمۃ اللہ علیہ سے بطور ورثہ ملی تھی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے دادا حضرت میاں دین محمد رحمۃ اللہ علیہ حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے منہ بولے بیٹے اور ان کے مرید وخلیفہ تھے۔ حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ قطب زمانہ تھے اور سیف للسان تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنی زبان مبارک سے جو بات فرماتے وہ پوری ہو جاتی تھی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ عزوجل نے تین ہونہار فرزندوں سے نوازا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے بیٹے حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ، منجھلے بیٹے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اور چھوٹے بیٹے حضرت میاں علی بخش رحمۃ اللہ علیہ تھے۔

حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۲۶۳ھ میں اس جہانِ فانی سے کوچ فرمایا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے بوقت وصال حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک کا سجادہ نشین مقرر کیا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اپنے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ کے حق میں دستبردار ہو گئے۔ حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک کے احاطہ میں مدفون کیا گیا جہاں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا مزارِ پاک مرجع گاہ خلائق خاص وعام ہے۔

Marfat.com

# ولادت باسعادت

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے سن ولادت کے بارے میں کتب سیر میں مصدقہ تحریر کہیں بھی دستیاب نہیں ہے البتہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے سن ولادت کو اپنی تصنیف ''سیف الملوک'' میں ذیل اشعار کے ذریعہ بیان کیا ہے جس سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی مصدقہ تاریخ ولادت سامنے آتی ہے۔

سن مقدس ہجری دساں باراں وے ست دا ہے
ست اتے دو اور محمدؐ اوپر اس تھیں آ ہے
عمر مصنف دی قد آہی تن دائے تن یکے
بھین وڈی فرماندی آہی اپنے رب نوں پکے

ان اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا سن پیدائش ۱۲۴۶ھ بمطابق ۱۸۳۰ء ہے اور ان ہی اشعار سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ''سیف الملوک'' ۱۲۷۹ھ میں تصنیف کی گئی۔ ان اشعار سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عمر مبارک بقول آپ رحمۃ اللہ علیہ کی بہن تینتیس (۳۳) برس تھی۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف ہیر رانجھا کے ذیل کے اشعار میں اپنے سن پیدائش کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے۔

تیراں سے پندرہ سن ہجری جدوں ایہہ رباعیاں آئیاں نی
موضوع پنجتی بیٹھ کے نظم کہتے جتھے بوہت کماں بھیڑاں چائیاں نی
داہے چھوئے اٹھ سی عمر گزری ہوشاں ہتھاں وچ خطائیاں نی
سب شرم محمدا پیر نوں جی جس دے کرم اتے اساں لائیاں نی

Marfat.com

اس رباعی کے مطابق ان اشعار کے وقت اگر آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عمر مبارک ۶۸ سال تسلیم کی جائے تو سن ولادت ۱۲۴۷ھ بنتا ہے جبکہ سیف الملوک کے مطابق آپ کا سن ولادت ۱۲۴۶ھ ظاہر ہوتا ہے۔ بہر حال یہ تضادت آپ رحمۃ اللہ علیہ کے بقول بڑی بہن کے بیان میں ہیں جس کی کسی بھی مصدقہ ذریعہ سے مزید تصدیق نہیں ہوسکتی۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی بڑی بہن فرماتی ہیں کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش صبح سویرے ہوئی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش کے ساتھ ہی سارا مکان معطر اور روشن ہو گیا اور والدہ ماجدہ سہم گئیں۔

## حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی جائے پیدائش:

بیشتر تذکرہ نگار حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے ذیل کے شعر کے حوالہ سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی جائے پیدائش کھڑی شریف کو قرار دیتے ہیں حالانکہ کھڑی نام کا کوئی قصبہ موجود نہیں ہے۔

جہلم گھاٹوں پربت پاسے میر پورے تھیں دکھنی
کھڑی ملک وہی موڑن جیہڑے طلب بندے دی رکھن

پنجابی پوٹھوہاری زبان میں کھڑی یا کھاڑی وہ جگہ کہلاتی ہے جو کھائیوں' گھاٹیوں' ناہموار پہاڑوں اور ٹیلوں والی ہو۔ ضلع جہلم سے لے کر میر پور تک کا تمام علاقہ چونکہ ناہموار پہاڑیوں اور ٹیلوں پر مشتمل ہے اس لئے یہ سارا علاقہ ہی کھڑی کہلاتا ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور تصنیف ''شیریں فرہاد'' میں اپنے گاؤں کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں۔

کیہہ تعریف مکان دی آکھ سناواں یار
دنیا وچ نہ دیکھا کوئی ایسا دربار
جھنگی سبز سہاوندی کھویا چشمہ دار
کردا رونق والڑا ھر دم جنت ہار

Marfat.com

کنڈھے کول پہاڑ دے بہسین دریا کنار
کھڑی رنگیلا ملک ہے دوہاندے وچکار
کھڑی اندر چک ٹھاکرا پنڈ وڈا سرکار
جس وچ وسے محمدا پیر شاہ سچیار

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اپنے مشہور قصے ''مرزا صاحباں'' میں فرماتے ہیں۔

ندی وستہ دا گھاٹ ہے نام جہلم نالے شہر ضلع اس پار ہے جیو
اوتھوں ست کوہ طرف شمال دے تے سخی پیر شاہ دا دربار ہے جیو
دمڑی والڑا پیر سنسارا تے جہیدا اہاں جنہوں قرب اگے کرتار ہے جیو
شمس دین داسی ساڈا باپ سخی بھری نور دی جہید مزار رہے جیو
بہاوہ بخش سائیں میتھوں وڈا بھائی اج سرجیندی ستار رہے جیو

محققین اس بات پر متفق ہیں کہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش چک ٹھاکرا ضلع جہلم ہی ہے۔

## سجادہ نشین حضرت حاجی بگا شیر رحمۃ اللہ علیہ کی نصیحت:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو حاجی بگا شیر رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ پر سلام کروانے کیلئے لے گئیں تو اس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عمر مبارک چھ سال تھی۔ اس وقت وہاں کے سجادہ نشین وخلیفہ صاحبزادہ عبدالحکیم رحمۃ اللہ علیہ کی نظر آپ رحمۃ اللہ علیہ پر پڑی توانہوں نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ کو تلقین کی کہ اس ہونہار بچے کی تعلیم وتربیت میں کوئی کسر نہ چھوڑیں کیونکہ یہ بچہ بڑا ہو کر نابغہ روزگار ہوگا اور ایک زمانہ کو روشن ومنور کرے گا۔ حضرت عبدالحکیم رحمۃ اللہ علیہ کی یہ پیشین گوئی بعدازاں سچ ثابت ہوئی اور ایک زمانہ نے آپ رحمۃ اللہ علیہ سے کسب فیض حاصل کیا۔

Marfat.com

# تعلیم وتربیت

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد حضرت شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کا شمار اپنے زمانہ کے جید عالم دین میں ہوتا تھے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی۔ بعدازاں حضرت شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اوران کے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ کواس زمانہ کے مشہور مدرسہ سموال شریف میں تعلیم وتربیت کیلئے داخل کروایا اوراس درسگاہ کے ناظم اعلیٰ حافظ محمد علی صاحب تھے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ظاہری تعلیم وتربیت اسی مدرسہ سے حاصل کی اور اس زمانہ کے تمام مروجہ علوم نظم، نثر، علم حدیث، علم فقہ، منطق واصول اوراس کے علاوہ دیگر علوم میں درجہ کمال حاصل کیا اوراپنے سینہ بے کینہ کو بمصداق الم نشرح لک صدرک بنایا اور بعد میں زمانہ بھر سے اپنی بزرگی کا لوہا منوایا۔

## شعروشاعری سے لگاؤ:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ شعر کہا کرتے تھے چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ کی مانند شعروشاعری سے لگاؤ پیدا ہو گیا اورآپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے بڑے بھائی کے ساتھ مل کر مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کی زلیخا گانی شروع کردی۔ رفتہ رفتہ دونوں بھائی اپنی دردسوز آواز کی بدولت سارے علاقہ میں مشہور ہو گئے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اوران کے بھائی حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ کی اس شہرت کو سن کر اس زمانہ کے سموال شریف میں مقیم گوشہ نشین باکمال مجذوب

Marfat.com

اور درویش حافظ ناصر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے آپ دونوں کو اپنے پاس بلوایا اور زلیخا سننے کی فرمائش کی۔ جب حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بھائی کے ساتھ مل کر زلیخا سنائی تو حافظ ناصر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ہچکی بندھ گئی اور وہ بہت زار و قطار روئے۔ چونکہ حافظ ناصر صاحب صاحب رحمۃ اللہ علیہ مجذوب الحال بزرگ تھے اور ان کو عشق الٰہی سے شدید لگن تھی اسی لئے وہ مولانا عبدالرحمان جامی رحمۃ اللہ علیہ کی زلیخا سن کر روئے تھے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کے بڑے بھائی بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ کی سریلی آواز نے حافظ ناصر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے دل کو موہ لیا تھا اور وہ ان کے شیدا ہو گئے تھے۔ اس لئے انہوں نے چند یوم کے وقفے کے بعد زلیخا سننے کی خاطر ان دونوں بھائیوں کو پھر بلایا اور اس پر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ حافظ صاحب! اگر آپ ہماری ایک شرط پوری کر دیں گے تو تب ہم آپ کو زلیخا سنائیں گے ورنہ نہیں۔

حافظ ناصر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے دریافت کیا کہ وہ کون سی شرط ہے اور اگر وہ ہمارے بس میں ہوئی تو ہم ضرور پوری کریں گے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں تمام علوم خواندہ اور ناخواندہ کی کتب زبانی یاد ہو جائیں۔ اس پر حافظ ناصر صاحب رحمۃ اللہ علیہ انتہائی جوش و جلال میں آ گئے اور انہوں نے اپنی زبان سے فرمایا کہ جاؤ میاں صاحبزادو! تم دونوں پر ہی تمام علوم منکشف کر دیئے گئے ہیں۔

اس واقعہ کے بعد حافظ ناصر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں بھائیوں پر بھرپور توجہ فرمائی اور ان کے سینے اور دماغ کو تمام علوم سے معمور کیا۔

Marfat.com

# جستجو مرشد کامل

ظاہری علوم سے فراغت کے بعد حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو باطنی علوم کی جستجو ہوئی اور اس جستجو کے ہاتھوں مجبور ہو کر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے گھر کو خیر باد کہہ کر کسی ولی کامل اور درویش ہمہ موصوف کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ دوران سفر تلاش مرشد کامل آپ رحمۃ اللہ علیہ نے بے شمار چلے کئے اور مسلسل روزے رکھے، ہمہ وقت عبادت و ریاضت کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا اور اس سفر کے دوران آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ملاقات بے شمار صوفیوں، ولیوں اور درویشوں سے ہوئی اور ان نامور صوفیاء عظام کی صحبت سے بے پناہ فوائد حاصل کئے لیکن گوہر مقصود کہیں سے بھی ہاتھ نہ آیا اور دل کی مرجھائی ہوئی کلی کسی بھی صاحب نظر کی باکمال توجہ سے نہ کھل سکی۔ جس پر آپ رحمۃ اللہ علیہ بے حد متفکر اور پریشان ہوئے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ اکثر اپنی بے بسی پر روتے اور روتے روتے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ہچکی بھی بندھ جاتی تھی۔ ایک دن روتے روتے اچانک آپ رحمۃ اللہ علیہ کو خیال آیا کہ اس بارے میں استخارہ کیا جائے شاید مشکل آسان ہو جائے۔ استخارہ کرنے کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ نے نیم خوابی کی حالت میں حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا انہوں نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا بازو پکڑ رکھا تھا اور فرما رہے تھے:

> ''تو میرا فرزند اور مرید ہے اور میں تیرا پیر ہوں۔ اٹھو اور قادریہ سلسلہ کے پیر سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ جو کہ میرے روحانی فرزند ہیں اور کھروڑی شریف میں ان کا ڈیرہ ہے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر سعادت بیعت حاصل کرو۔''

Marfat.com

## حضرت پیر سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ یہ فرمان سنتے ہی نیند سے بیدار ہوئے اور بڑے شوق اور ادب کے ساتھ حضرت پیر سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی چوکھٹ پر جا پہنچے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ نے دیکھا کہ حضرت پیر سائیں غلام محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ دنیا و مافیہا سے بے نیاز تارک ہو کر یادالٰہی میں مصروف ہیں اور عبادت و ریاضت سے ایک لحظہ بھی غافل دکھائی نہیں دیتے اور نہ ہی کسی کو ان سے بات کرنے کی مجال ہے۔

حضرت پیر سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ' بابا بدوح صاحب ابدال رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے اور بابا بدوح صاحب رحمۃ اللہ علیہ میاں حاجی شیر بگا رحمۃ اللہ علیہ ساکن درکمالی شریف کے مُرید خاص تھے جبکہ حاجی شیر بگا رحمۃ اللہ علیہ براہ راست حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ المعروف دمڑی والے کے دست حق پر بیعت تھے اور اس طرح یہ سلسلہ قادریہ سے منسلک بزرگ تھے۔ چونکہ حضرت پیر سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ تارک الدنیا بزرگ تھے۔اس لئے انہوں نے اپنا سلسلہ پیری و مریدی نہ رکھا ہوا تھا۔آپ بڑے معزز خاندان اہل حکومت کے رکن تھے اور آپ نے اپنا تمام مال و متاع دنیا لٹا دیا تھا۔خاندانی امیر ہونے کے باوصف ایک غریب انسان کی مانند اپنے پیر کی خدمت کی اور اپنا وقت اسی طرح گزارا کرتے تھے اور دنیاوی عیش و عشرت اور خواہشات سے بالکل کنارہ کش رہتے تھے۔

حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے حکم کے مطابق حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے جا کر حضرت سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی قدم بوسی کی اور بیعت کرنے کے بارے میں التجا و استدعا کی اور اس کے ساتھ ہی حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد بھی سنایا جو کہ بحالت خواب ہوا تھا۔اس پر حضرت سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ چند روز صبر سے کام لو۔

چند روز گزرنے کے بعد حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں دوبارہ حاضری دی اور درخواست بیعت عرض کی۔جس پر انہوں نے پھر یہی جواب دیا کہ چند روز صبر سے کام لو۔الغرض اس کشمکش میں کئی سال گزر گئے اور

Marfat.com

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بیعت نہ ہو سکے۔ اس وجہ سے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا شوق اضطراب بے پناہ بڑھ چکا تھا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کو کسی بھی پل چین نہ آتا تھا اور شب و روز ایک عجیب سی کیفیت' بے کلی اور خلش میں گزرنے لگے اور درافتگی بڑھنے لگی۔ اس دوران حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو جو تزکیہ نفس حاصل ہوا وہ شاید کسی بھی بڑی سے بڑی عبادت و ریاضت سے نہ حاصل ہو سکا۔ بالآخر کئی سال کے انتظار کے بعد ایک روز گوہر مقصود ہاتھ آیا اور حضرت سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا دریائے فیضان جوش میں آیا اور حضرت سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ آپ کا بازو پکڑ کر اسی حالت جوش میں اپنے پیر بابا بدوح رحمۃ اللہ علیہ ابدال کی درگاہ میں ان کے مرقد مبارک کے پاس لے گئے اور وہاں جا کر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو بیعت سے سرفراز فرمایا۔

## کشمیر روانگی:

بیعت کے فوراً بعد ہی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت سائیں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے حکم دیا کہ تم فی الفور کشمیر میں حضرت شیخ احمد ولی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس چلے جاؤ اور وہاں جو تمہارا حصہ باطنی موجود و محفوظ ہے اسے حاصل کرو۔ حضرت شیخ احمد ولی رحمۃ اللہ علیہ اس وقت زمانہ کے قطب و غوث تھے۔

مرشد پاک کا حکم ملتے ہی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے کاندھے پر کمبل ڈالا اور پیادہ پا سفر کشمیر کو روانہ ہوئے اور ان دنوں سری نگر پہنچنے کا راستہ بے حد دشوار تھا اور بے پناہ مشکلات کا حامل تھا۔ راہ میں بے شمار گھاٹیاں اور اونچے نیچے پہاڑی ٹیلے تھے اور اس کے علاوہ بے شمار مصیبتیں بھی راہ میں حائل تھیں۔ لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ان تمام مشکلات اور مصیبتوں کا مردانہ وار مقابلہ کیا اور بالآخر سری نگر جا پہنچے۔ دوران سفر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ان سینکڑوں لوگوں سے ملاقات کی جو کہ دور دراز علاقوں سے حضرت شیخ احمد ولی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کیلئے تشریف لائے تھے لیکن باوجود تلاش بسیار کے نہ پا سکے اور بالآخر ناکام واپس لوٹے تھے۔ لیکن ان تمام حوصلہ شکن باتوں سے واقفیت پانے کے باوصف بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

دلبرداشتہ نہ ہوئے اور نہ ہی حوصلہ ہارا بلکہ پہلے سے بھی زیادہ شوق وانہماک سے برابر سفر طے کرتے چلے گئے۔ گو کہ راستہ میں ملنے والے ہر فرد نے آپ کے حوصلے کو توڑنے کیلئے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کو دلبرداشتہ کرنے کی بے حد کوشش کی لیکن اس سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا شوق و ارادہ مزید بڑھتا چلا گیا۔ آپ کے شوق نے آپ کو عقاب کی مانند محو پرواز رکھا اور بالآخر راہ کی صعوبتوں کو مردانہ وار برداشت کرتے ہوئے آپ رحمۃ اللہ علیہ منزل مقصود جا پہنچے۔

سری نگر پہنچنے کے بعد حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ کے مکان ومحلہ کا پتہ کیا اور سیدھے وہاں پہنچے اور اندر داخل ہوئے اور دیکھا کہ ایک نوجوان لکڑی کے تخت پر بیٹھا ہوا ہے اور تلاوت قرآن پاک میں مصروف ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس نوجوان سے اجازت طلب کی اور صحن میں اس کے پاس تشریف لے گئے اور پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس نوجوان سے حضرت شیخ احمد ولی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں استفسار کیا اور اپنے آنے کا مدعا بیان کیا۔ اس نوجوان نے فوراً جواب دیا کہ یہ مکان تو شیخ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ہی ہے لیکن یہ معلوم نہیں کہ وہ کب تشریف لائیں گے کیونکہ ان کا کوئی باقاعدہ معمول نہیں ہے اور نہ ہی انہوں نے کوئی باقاعدہ وقت مقررہ کیا ہوا ہے۔ وہ کبھی ایک ماہ بعد اور کبھی دو ماہ بعد اور کبھی تین ماہ بعد تشریف لاتے ہیں اور پھر اچانک ہی چلے جاتے ہیں۔ اس بات کو سن کر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ خاموش ہو گئے اور اس خیال میں مستغرق رہنے لگے کہ اب کیا ہوگا اور اب وہ کیا کریں۔

اس دوران بیرونی دروازہ سے ایک نورانی صورت بزرگ ہاتھ میں صاف و شفاف عصاء لئے ہوئے آئے اور ان کے ساتھ ایک آدمی بھی تھا۔ ان کو دیکھتے ہی اس نوجوان نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ لیجئے شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ تشریف لے آئے ہیں۔

## حضرت شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات:

حضرت شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ نے میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی جانب دیکھا اور ان کی

Marfat.com

جانب اس طریقے سے بڑھے جیسے ان کی میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے پرانی آشنائی ہو جس کی وجہ سے ملاقات کا شوق رکھتے ہوں۔ شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے بزبان فارسی حال دریافت کیا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فی الفور اسی وقت ایک ہی نظر سے شناخت کر لیا کہ جس گوہر مقصود کی انہیں تلاش تھی وہ یہی ہیں اور انہی کی خاطر میں نے اتنے دور دراز سفر کی صعوبت اختیار کی ہے اور ان کا تجسس شوق انہیں کشاں کشاں یہاں لے آیا ہے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اصل مدعائے سفر باجازت پیر بغرض زیارت حضرت احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ اختیار کیا تھا بیان فرمایا اور مقام مسکن خود کو ظاہر کیا۔ جب حضرت احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ نے قلندر پاک پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا اسم مبارک سنا تو اشارۃً سر کو خم کر کے تعظیم کی اور دیر تک باہمی گفتگو جاری رکھی۔ کچھ دیر بعد حضرت احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کا بازو پکڑا اور اندر لے گئے اور دستار ولایت عطا کی۔ چونکہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ پابرہنہ تھے' تہبند' کرتا اور کمبل اوپر تھا اس پر حضرت شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ نے جیب میں ہاتھ ڈالا اور چند درہم رائج الوقت نکال کر فرمایا کہ کوچہ ہائے کشمیر گندہ ہیں آپ مرد نمازی ہیں پاپوش جو گھاس سے بنا بازار میں فروخت کرتے ہیں خرید کر پاؤں میں ڈالیں۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے انکار کرنا چاہا لیکن بالآخر باصرار شیخ درہم لے کر رکھ لئے اور عرض کیا کہ شاید دوبارہ اتفاق زیارت نہ ہو سکے اس پر حضرت شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب یہاں سے جانے کا ارادہ ہو تو یہاں ضرور آنا ملاقات ہو جائے گی۔ اس کے بعد حضرت شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ اپنے ہمراہی کے ساتھ مکان سے واپس تشریف لے گئے۔

## حاکم کشمیر کی عقیدت:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ مکان سے نکل کر تبرکات کی زیارت کیلئے تشریف لے گئے۔ جب آپ شیخ نورالدین ولی رحمۃ اللہ علیہ کے مقبرہ پر پہنچے تو ایک مردِ جوان جو کہ حاکم

Marfat.com

کشمیر کا درباری تھا اس نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو شناخت کر لیا اور اسی وقت حاکم کشمیر کو اطلاع کر دی۔ حاکم کشمیر آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نادیدہ محب تھا اور باخبر اور اہل علم آدمی تھا اور فقراء سے بہت محبت رکھتا تھا۔ اس کے دوستانہ تعلقات سید باقر علی شاہ سے تھے اور انہیں کی زبانی ہی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے اوصاف سن کر نادیدہ مشتاق دیدار تھا۔ اس اطلاع کے ملتے ہی حاکم کشمیر بذات خود ایک مجمع معززین کے ساتھ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے پاس چل کر آیا اور دوسری طرف سیّد باقر علی شاہ بھی اطلاع پاتے ہی پاپیادہ دوڑے چلے آئے۔ حاکم کشمیر باصرار حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے ہمراہ محل میں لے آیا اور علیحدہ جگہ ٹھہرنے کیلئے دی۔ سیّد باقر علی شاہ نے آتے ہی آپ کے خورد ونوش اور دیگر آسائشات کا مکمل انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ یہاں میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ تقریباً ایک ماہ تک مقیم رہے اور اپنی شاعرانہ وصوفیانہ صلاحیتوں سے لوگوں کو نوازتے رہے۔

## نعمت باطن کا حصول:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے ایک ماہ ٹھہرنے کے بعد واپسی وطن کا ارادہ کیا اور پھر اسی مکان پر دوبارہ تشریف لے گئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی نوجوان کو مصروف تلاوت قرآن پاک فرمایا۔ عین اسی وقت حضرت احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ اچانک نمودار ہوئے اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا ہاتھ پکڑ کر نیچے تہہ خانہ میں لے گئے جو کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا حجرہ مبارک اور حجرہ خاص عبادت گاہ تھا۔ اسے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اندر سے بند کر دیا اور نعمت باطنی سے سرفراز فرمایا۔ بعد ازاں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی اجازت سے واپس تشریف لے آئے۔

Marfat.com

# شجرۂ طریقت

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا شجرہ طریقت ذیل ہے۔

۱۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

۲۔ حضرت میاں غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ

۳۔ حضرت بابائے بدوح شاہ رحمۃ اللہ علیہ

۴۔ حضرت شیر حاجی بگا شیر رحمۃ اللہ علیہ

۵۔ حضرت پیر غازی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ المعروف پیر دمڑی والا

۶۔ حضرت سیّد علی امیر رحمۃ اللہ علیہ

۷۔ حضرت حضر نہیر حیات رحمۃ اللہ علیہ

۸۔ حضرت سیّد علی امیر رحمۃ اللہ علیہ

۹۔ حضرت میراں محمد مقیم رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۔ حضرت حیات میراں شاہ رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۔ حضرت سخی حیات میر رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۔ حضور سیّدنا غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا شجرہ طریقت سب سلاسل تصوف میں سب سے افضل سلسلہ گنا جاتا ہے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ کا شجرۂ طریقت ذیل کے اشعار سے بھی واضح ہے۔

• برترز فہم و عقل مقام محمد است
پیر طریقتش چو غلام محمد است

Marfat.com

آواز جناب حضرت شیخ جہاں پناہ
نوشید جام شوق ز بابائے بدوح شاہ
بدوح شاہ کہ نعمت کونین یافتہ است
زبگہ شیر حاجی بگا شیر کہ بود عاشق الہ
برسر گرفت تاج خلافت ز پیر شاہ
برآسماں فقر کہ ماہ منور است
آں پیر شاہ ماست کہ غازی قلندر است
در ہر کشید خرقہ ز سیّد علی امیر
زاں در درج حیدر و فرزند دستگیر
از جام خضر نہنیر حیات مدام یافتہ
بالاتر از مقام بلنداں مقام یافتہ
سیّد علی امیر کہ جدش کریم بود
فرزند و جانشین محمد مقیم بود
حضرت حیات میرنشاہ مقیم شاد
آں خلعتے ز فقربشاں عظیم داد
آن زندہ چو خضر سخی حیات میر
نوشید جام معرفت از دست دستگیر
قطب مدار غوث جہاں شاہ اولیاء
محبوب کردگار جگر بند مصطفےٰ

Marfat.com

# مدح حضور سیّدنا غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ
# بزبان حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق سلسلہ عالیہ قادریہ سے ہے آپ رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ عالیہ قادریہ کے بانی اور پیرانِ پیر حضور سیّدنا غوث الاعظم حضرت سیّدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے اپنی عقیدت کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

واہ وا میراں شاہ شہاں دا سیّد دوہیں جہانی
غوث الاعظم پیر پیراں دا ہے محبوب ربانی
نانک داوک وَلّوں اُچا سُچّا حسبوں نسبوں
نبیاں نالوں گھٹ نہ رہیا ہر صفتوں ہر وسبوں
نبیاں نوں ربّ وَلّوں آندے وحی سلام سنیہے
وحی نہ محرم میراں تاہیں دَسّے بھیت اجیہے
نام نرنویں اس نُوں بخشے حکم ایہو فرمایا
اعظم اسم تُساڈا ناواں جس پڑھا پھل پایا
آل نبیؐ اولاد علیؓ دی سیرت شکل اُنہاں دی
نام لیا لکھ پاپ نہ رہندے میل اندر دی جاندی
سے برساں دے موئے جوائے سُکّے نیرو گائے
کھتے روح فرشتے ہتھوں لکھے لیکھ مٹائے

Marfat.com

غوثاں قطباں دے سر میراں قدم مبارک دھریا
جو دربار اُنہاں دے آیا خالی بھانڈا بھریا
نبیاں تے جدا وکھ آئی روح میراں دا پہتا
مشکل حَل کرائی ہردی قُرب شاہاں دا بہتا
اوس محبوب الٰہی جیسا جگ پر سخی نہ کوئی
مُشت نمونہ سُن خرواروں ہکدن کیسی ہوئی
ڈِیگر ویلے ہکس مُریدے کیتی عرض ضروروں
یا حضرات اج کوئی سخاوت ڈِٹھی نہیں حضوری
باطن اندر کیتی سایاں سانوں نظر نہ آئی
یا کوئی ہور اسرار اجیہا جس دیہاڑ لنگھائی
حضرت نے فرمایا شخصا عجے لکھ باطن کیتی
لیکن تُساں نہ ڈِٹھی کوئی جو بیتی سو بیت
ظاہر بھی کجھ دساں تینوں پلک نہ جاندا خالی
ایہو جیہی ہمیش سخاوت کھڑ دے روز سوالی
سَت وِیہاں کوئی عاصی مُجرم چُن چُن بُرے لیاوَ
نظر اساڈی اگے رکھو ساعت ڈِھل نہ لاوَ
خدمت گاراں پکڑ لیاندے اوگن ہار نکارے
میراں نظر کرم دی کیتی غوث بنائے سارے
ہِک کوئی ولی اللہ دا ہویا ردّ کِسے تقصیروں
چور اُچکاتے مُنہ کالا رب بنایا پیروں!
جتّوں جاوے نِکے وڈے لوک سبھو دُرکارن
ایہہ مردود الٰہی مندا آیا ہے کِس کارن

Marfat.com

منگیا خیر نہ پیندا کدھروں ناں ملدا گھٹ پانی
بھکھاتے ترہایا وَتدا پکڑی چال نمانی
ترے سے سٹھ ولی دی قد میں لگاوار ووارى
اوہ تقصیر معاف نہ ہوئی دِن دِن وَدھ قہاری
صاف جواب وَلیاں دتا توں مرڈود جنابی
جے کوئی کرے شفاعت تیری اُسدے باب خرابی
اوڑک ہکس ولی نے کہیا جا بغداد سُہاوے
اوہ میراں محبوب خدادا مت تینوں بخشاوے
مُنہ کالا کر گیا نماناں حضرت دی درگاہے
حق اوہدے وچ رحمت منگی میراں شاہنشا ہے
ہویا حُکم جنابوں میراں ناں کراس دی یاری
جو اوپر الہ اِس دا کرسی اُس دے باب خواری
اِس گلوں محبوب الٰہی رُس ہویا مُڑ راہی!
جاں ہک قدم اُٹھایوس اونویں ہویا حُکم الٰہی
ایہہ مرڈود زیانی بخشاں ہور ہزار اجیہا
رُس نہیں محبوب پیارے منیم تیرا کیہا!
دُوجا قدم اٹھایا حضرت فیر کیہا ربّ والی
دو ہزار اجیہا بخشاں نالے ایہہ سوالی
تریجا قدم مُبارک چایا آیا حُکم حضوروں
ترے ہزار اتے ہک ایہہ بھی واصل کرساں نوروں
تیرا کہیا کدے نہ موڑاں اے محبوب یگانے
اوہ سارے جد قطب بنائے پیر پڑھے شکرانے

Marfat.com

ایسی عزّت خاطر تیری ربّ د خاص عزیزا
آس تُساڈی رکھاں میں بھی اوگنہار ناچیزا
سیوا دار تساڈا حضرت کوئی نہ رہیا خالی
سخی دوار تُساڈے اُتّے میں کنگال سوال
لکھیں خیر تُساڈے لیندے بن منگے بن لوڑے
دین دوان سبھ ہتھ تیرے کوئی نہ ٹھاکے ہوڑے
میں پاپی شرمندہ جُھوٹھا بھریا نال گُناہاں
ہکّو آس تُساڈے دَر دی نال کوئی ہور پناہاں
مَیں انھاں تے تِلکن رستہ کیونکر رہے سنبھالا
دھکّے دیون والے بہتے. توں ہتھ پکڑن والا
تُوں پکڑیں تاں کوئی نہ دھکّے پہنچ شتابی کرکے
گھمّن گھیر اندر منتارو لنگھ نہ سکّاں ترکے
تِلک تِلک کے مُنہ سر بھریا گندی گلی گیا ہاں
تک دا لوک تماشے حضرت مَیں بیحال پیاہاں
پاک نہیں ہتھکڑا اُٹھاندے بھریوس نال پلیتی
یا میراں کی حال بندے دا جے تُدھ سار نہ لیتی
چوراں نوں توں قطب بنایا میں بھی چور اُچکّا
جس دَر جانواں دھکّے کھاواں ہک تیرا دَر تکّا
سُن فریاد پیراں دے پیرا دھکا دَئیں نہ مینوں
بیکساں دا والی توہیں شرم دِتّی ربّ تینوں
آپ مُہارے پچھے پیّاں سَٹ نہ جائیں مردا
عرض کرن دے لائق شاہا سُخن نہ میں تھیں سردا

Marfat.com

عرض کراں شرمندہ تھیواں کی میں کراں ُگکارا
مُنہ میرا کدعرضاں لائق ناقص عقل بے چارا
مت کوئی سخن اَن بھاناں نکلے عاجز مفت مریواں
رکھو قدم میرے سر حضرت سدا سکھالا تھیواں
بچیاں دے سر صدقہ مَیں وَل نظر کرم دی پاؤ
شاہ مقیم محمدؐ پچھے پاک جمال دکھاؤ
میں بے جاناں او گنہارا لائق نہیں جمالاں
تینوں سَبھ توفیقاں حضرت نیک کرو بد حالاں

Marfat.com

# مدح حضرت میراں شاہ مقیم رحمۃ اللہ علیہ
# بزبان حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ برصغیر پاک و ہند میں سلسلہ عالیہ قادریہ کے نامور بزرگ حضرت میراں محمد شاہ ساکن حجرہ شاہ مقیم رحمۃ اللہ علیہ سے اپنی عقیدت کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

حضرت میراں شاہ مُقیماں تیرا شان زیادہ
سوہناں سخی جدھے گھر جایا علی امیر شاہزادہ
نُوری مَلک کریندے چَوری حُوراں منگل گایا
بالا پیر لکھاں دا داتا دَھن مائی جِس جایا
عالم تے روشنائی ہوئی چڑھیا چَن نُورانی
حَسنی سیّد پیدا ہویا صُورت یُوسف ثانی
حُجرے اندر گھریاں پھیراں دینی ڈنکے مارن
لعل بہاول شیر قلندر دَم دَم نال پُکارن
طوطے میناں، قُمرے بولن دَھن مُقیم مُحمدؐ
گودی وِچ کھڈا دے جس نوں نبی کریم محمدؐ
جِس نُوں ویکھ سِرا لکھ ہویا عارف اہل ولایت
کِس نُوں طاقت آکھ سُناوے اُس دے قرب نہایت

Marfat.com

آل نبیؐ اولاد علیؓ دی واہ سیّد گیلانی
دستگیر جنہاں دا دادا کون تنہاں دا ثانی
کُتے جو درگاہ اوہدی دے شیراں اوپر بھارے
پیراں دے سر پیر محمد واہ وا پیر ہمارے
پیراں دے درباروں پاوے دائم خلق مُراداں
مینوں بھی کُجھ شوق الٰہی بخشو سُن فریاداں
دَمڑی والا لعل تُساڈا جس دی ہے منظوری
پاک جناب اُنہاندی اندر مینوں کرو حضوری

Marfat.com

# حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے عقیدت کا اظہار

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اپنے رہبر و محسن حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے اپنی عقیدت کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

بسم اللہ بسم اللہ اگوں مدح مُبارک آئی
ہادی مُرشد دی جس ڈولے چارے کُوٹ نوائی
مُسلم ہندو کوئی نہ باہر سیوے سَبھ لوکائی
داتا سخی محمد بخشا دِن دِن دیگ سوائی
عاجز زردھن اس دے وَرتے لکھ نعامت کھاندے
ہک دمڑی دا تحفہ لے کے دیندا وان لکھاندے
شاہ سلطان اُنہاندے بُوہے عاجز بَن دکھاندے
عاجز اُسدے شاہ سداون اُس دا مان رکھاندے
اس دَر دے سگ عاری کولوں شیر ببر بھَو کردا
اگے چڑھ نہ چِڑی اوہدی دے باز شکاری ڈر دا
بادشہاں دا پیر کہاوے پیراں شاہ کر جاتا
پیرا شاہ قلندر غازی نِت سوا لکھ داتا
سیک لگے جد سیوک تائیں تُرت سُنے فریاداں
پہنچے کر تاکید محمدؐ پان مُرید مُراداں
زندہ پیر کرامت ظاہر فیض ہمیشہ جاری
باغ نبیؐ دا گل عجائب کھِڑیا سدا بہاری

Marfat.com

جُمل جہان دُھمّی خوشبوئی جُھلّی واوٗ کرم دی
واہ سُہیلِ کرے بلغاراں قیمت پَیندی چَم دی
سادی جھنگی جوبن رنگی جلوہ حُسن کمالوں
شاخاں مستاں سِر لٹکائے دَم دَم جُھولن حالوں
طوطے میناں خُمرے بولن کوئل مور لٹورے
دِھن پیرا دھن پیرا جس نے رزق اساڈے لوڑے
بُلبُل بَھور گُلاں دی باسوں پھروے مست دیوانے
ہُد ہُد کرن سُجود عبادت سر پر تاج شہانے
ککڑ اُٹھ صباحیں دیندے ٹھپّ تمیم بانگاں!
بوزے تے کلچپّیاں سوزوں کردے کُوکاں چانگاں
اٹھویں روز ہووے نت میلا لوک زیارت آون
شاہ مَرداں تے مست قلندر پھیراں گج سُناون
پیر میرے دی دُھوم چوفیرے آون ولی سلامی
چُمّن خاک کریندے خدمت دعوے ارکھ غلامی
جنت شان مکان منوّر روپ ڈھلے ہر پاسے
دَر اُس دے نت نویں سوالی پاون آن نراسے
اَوتریاں نُوں پُتر دیندا وِچھڑے یار ملاوے
دراُس دے دی خاک مَلن تھیں کوڑھ فرنگ اُٹھ جاوے
رُڑے جہاز لگاوے بنّے ہر مشکل حل کر دا
لڑ لگے دا شرم تُسانوں پاک شہیدا ا مردا
جس پر تیرا سایہ پیرا اوگن دے گُن اُس دے
جانی دشمن دوست بن دے جو دوکھی سو مُسدے

Marfat.com

رحمت نظر تساڈی جیکر میں پر ہووے سایاں
بخشنہارے دی کی حاجت کجھ عیب خطایاں
توہیں بخشنہارا میرا نت ستاری کردا
ظاہر باطن معلم تینوں تک بُرائیاں جردا
مَیں نکاری او گنہاری پُر تقصیر بیچاری
مان تران تُساڈا حضرت شرم شاہاں نوں ساری
جو چاہیں سو لکھیں سایاں مالک لوح قلم دا
میں مسکین حوالے تیرے توں ضامن ہر کم دا
ہک پَل مُشکل باجھ تساڈے سائے پشت پناہوں
میں عاجز نوں نام اللہ دے، ردّیں نہ درگاہوں
سدا محمدؐ بخش نماناں، ہلیا کرم فضل دا
تکیہ پرناں محض تُساڈا ناں کُجھ رَلا عمل دا
کے مجال میری جے آکھاں اِنج کرو گل میری
گل میری ہتھ تیرے سایاں ساہم پیانت تیری
نہاں عزیز مصاحبی لائق در تیرے سگ سُتا
کُتیاں دا بھی نفر ٹکار انفراں پچھے کُتا
جس سرے ہے دستار تُساڈی میں بھی اُسدے درتے
خیر خیرایت بیٹھا کھانواں جے کُجھ چھاندا درتے

Marfat.com

# پیرومرشد سے عقیدت کا اظہار

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اپنے پیرومرشد سے عقیدت کا اظہار یوں کرتے ہیں۔

آ ء قلمے منہ لاء سیاہی چم زمین نورانی
رت کالی چھنکا اکھیں تھیں وانگ ہنجوں دے پانی
پئے سجدے نک رگڑ زمین تے کر کر عجز نیازاں
مہر پوے مت حال تیرے تے انہاں غریب نوازاں
صفت مبارک پیر میرے دی باہر حد بیانوں
پر توں بھی کجھ چکھ شیرنی جاوے پھک زبانوں
مرد بھلیرا مرشد میرا شاہ غلام میرا
اہل شریعت اہل طریقت وانگ امام محمدؒ
محرم حال حقیقت کولوں واقف سی عرفانوں
پر تقصیراں نوں تاثیراں ہوون اوس زبانوں
جیوں مہتر داؤدؑ نبی سن موم کریندا لوہا!
پتھر دل نوں مومن کر دے گل انہاندی اوہا
صحبت مجلس پیر میرے دی بہتر نفل نمازوں
ہک ہک سخن شریف انہاندا کردا محرم رازوں
سینہ سر الٰہی بھریا متھا چن اسمانی!
چشماں شرم حیاؤں بھریاں روشن دوہیں جہانی

Marfat.com

رحمت حلم وفاء محبت چارے طبعاں رلا کے
رب اوہ شخص شریف بنایا نیک صفاتاں پا کے
آب خات کلام رسیلی چہرہ خضر ولی دا
درد کنوں رنگ زرد ہمیشہ آتش عشق تلی دا
تن من اندر راہ حقانی اندر دین پیغمبرؐ
سالک صوفی نالے زاہد نالے مست قلندر
جیبھ مٹھی تلے خوسلونی صورت اپن اپاری
راہبر راہ ہدایت اندر کسب تواضع داری
چھبی مارلیادن موتی وحدت دے دریاؤں
کھریاں گلان کھریاں چالاں دامن پاک ریاؤں
کھریاں دے لڑلگا میں بھی کھوٹا آپ جہانوں
شالا کھوٹ میرے نوں کجن دائم شرم انہاں نوں
پردہ پوشی کم فقردا کر سن اللہ بھاوے
سدا امید محمدؐ بخشا زور دلے وچ پاوے
آساوند نہ خالی جاون سخیاں دے درباروں
ایتھے اوتھے دوہیں جہانی کرم منگاں سرکاروں
کے کے تھیں کے کسے تھیں کے خضر الیاسوں
شعر کلام سخن دی بخشش میںوں مرشد پاسوں
ہکو سخن نہ ہور تمامی جو نعمت میں پائی
اوسے مرد سچے دا صدقہ اپنی نہیں کمائی!
خشخش جتنا قدر نہ میرا اس نوں سبھ وڈیایاں
میں گلیاں دا روڑا کوڑا محل چڑھایا سایاں

Marfat.com

سایاں رب وڈیایاں دیوے جس میرا ہتھ پھڑیا
عاجز رہڑ دا ڈبدا جاندا بیڑی تیری چڑھیا
اوس بیڑی دا پور ہمیشہ شالا صحیح سلامت
دنیا اتے موجاں مانے سکھی روز قیامت
ہر دم رہے ملاح سرے تے رکھے ہر گردابوں
پار چڑھاوے پورا اساڈا بچیئے سبھ عذابوں
سر ساڈے پر ہووے ہمیشہ مہر اوہدی دا سایا
پاون سبھ پیارے اس دے یمن برکت پایا

Marfat.com

# والد بزرگوار کا وصال اور مسئلہ جانشینی درگاہ حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ جب حضرت شیخ احمد شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت سے واپس لوٹے تو انہی دنوں آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد بزرگوار حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ بیمار ہو گئے اور انہیں بچنے کی کوئی امید نظر نہ آنے لگی۔

ایک روز حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ نے سب عزیزوں کو اپنے دیوانِ خاص میں طلب کیا اور فرمایا کہ یہ دنیا فانی ہے اور کسی کو بھی یہاں مستقل نہیں رہنا' سب کو اپنی باری پر ایک روز یہاں سے چلا جانا ہے اور میں اب بیمار ہوں اور مجھے اب اس بات کا یقین واثق ہو چکا ہے کہ میں شاید اس بیماری سے جانبر نہ ہو سکوں۔ پھر انہوں نے حافظ برخودار کا شعر ذیل پڑھا:

دند گھسے سنگ او کھڑے دھولاں سٹے کن
لاہ لے خصماں ٹلیاں گل ہوری دے بھن

پھر سب کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ آپ لوگ اس بات کے گواہ ہیں کہ میں اپنی حیاتی ہی میں منصب سجادگی جو کہ حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی سنت ہے کسی کو بخش کر اپنے اس بھاری بوجھ سے سبکدوش ہونا چاہتا ہوں اور بعد از سوچ و بچار میں اس کیلئے اپنے فرزند میاں محمد بخش (رحمۃ اللہ علیہ) کو نامزد کرتا ہوں اور آپ سب کی تائید اس سلسلہ میں چاہتا ہوں۔

حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کی بات سن کر سب نے اس بات کی تائید میں

Marfat.com

سر ہلا دیئے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ جو کہ نزدیک ہی کھڑے تھے انہوں نے کہا کہ اگر چہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی بات سے میری حوصلہ افزائی ہوئی ہے مگر مجھے اپنے بڑے بھائی حضرت بہاول بخش (رحمۃ اللہ علیہ) کی محرومی کسی طور پر گوارا نہیں ہے اس لئے برائے مہربانی ان کو اس منصب پر سرفراز فرمایا جائے اور میرے لئے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی دعائیں ہی کافی ہے۔

خدایا کن تو برمن مہربانی
کہ جز تو نیست در دم دا تو دانی

اس بات کو سنتے ہی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد فرط محبت سے چارپائی سے اٹھ کھڑے ہوئے اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا منہ بغداد شریف کی جانب کر کے اس طرح گویا ہوئے:

''اے شہنشاہ بغداد! میرے اس فرزند کے دونوں بازو اپنے دست شفقت سے قبول فرمایئے۔''

اتنا سننا ہی تھا کہ میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی حالت غیر ہوگئی اور روتے روتے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ہچکی بندھ گئی اور اس پر تمام اہل مجلس بھی زاروقطار رونے لگی۔ اس بات کو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے سیف الملوک میں اس طرح بیان فرمایا ہے:

میں پاپی شرمندہ جوٹھا بھریا نال گناہاں
ہکو آس تساڈے دردی ناں کوئی ہور اپناہاں
میں انھاں تے تلکن رستہ کیونکر رہے سنبھالا
دھکے دیون والے بہتے توں ہتھ پکڑن والا
توں پکڑیں تاں کوئی نہ دھکے پہنچ شتابی کر کے
گھمن گھیر اندر منتار دلنگھ نہ سکاں تر کے

آپ رحمۃ اللہ علیہ مزید فرماتے ہیں:

Marfat.com

بچیاں دے سر صدقہ میں دل نظر کرم دی پاؤ
شاہ مقیم محمد پچھے پاک جمال دکھاؤ
میں بھی جاناں او گنہارا لائق نہیں جمالاں
تینوں سمجھ توفیقاں حضرت نیک کرو بدحالاں

## والد بزرگوار کا وصال:

۱۲۶۳ھ کی ایک صبح کو حضرت میاں شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کی حالت بہت زیادہ خراب ہوگئی اور ان کو سانس لینا بھی دشوار ہو گیا اور بالآخر اسی روز وہ دار بقاء سے دار فانی کی جانب کوچ کر گئے اور ان کو حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ کے احاطہ میں مدفون کیا گیا۔ جس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد بزرگوار کا وصال ہوا اس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عمر مبارک صرف پندرہ برس تھی۔

Marfat.com

# عبادت وریاضت

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے والد بزرگوار کے وصال کے بعد ان کے خاص حجرہ میں چار سال کا عرصہ تنہائی میں سخت ریاضت میں گزارہ اور پھر انیس سال کی عمر میں اس حجرہ مبارک کی رہائش کو خیر باد کہا اور احاطہ دربار حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے ایک کونہ میں مقیم ہو گئے اور وہاں ایک گھاس پھوس کا چھپڑ بنالیا اور دن رات اسی چھپڑ کے نیچے سخت عبادت وریاضت میں مشغول ہو گئے اور اس دوران آپ رحمۃ اللہ علیہ سے کئی کرامات بھی سرزد ہوئیں۔اس چھپڑ کے نیچے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے عرصہ چھ سال انتہائی شدید مجاہدہ اور ریاضت میں گزارا اور پھر یہاں سے اٹھے اور دیگر فقراء کی مانند صحرانوردی کو اختیار کیا۔

ابتداء میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا لباس صرف ایک دھوتی اور ایک کمبل تھا جسے آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے جسم کے گرد لپیٹ لیتے تھے اور رات کو اسی کمبل کو زمین پر بچھا کر محو استراحت ہوتے تھے۔اس صحرانوردی کے زمانہ میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ ایک روز ایک جنگل میں گھوم رہے تھے کہ اچانک ایک نورانی صورت والے بزرگ ظاہر ہوئے اور فارسی زبان میں آپ رحمۃ اللہ علیہ سے کچھ فرمانے لگے۔جس پر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سمجھ گئے کہ یہ ضرور کوئی اللہ عزوجل کے ولی ہیں۔وہ کچھ دیر تک آپ رحمۃ اللہ علیہ سے باتیں کرتے رہے۔پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ کا ہاتھ پکڑ کر ایک جڑی بوٹی توڑی اور فرمایا۔

''اس بوٹی سے سونا بن سکتا ہے بشرطیکہ تم چاہو تو ابھی خالص سونا بنانے کی ترکیب بتا سکتا ہوں۔''

اس پر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

Marfat.com

''مجھے تو وہ ترکیب بتائیں جس سے میرا قلب سونے سے بھی زیادہ چمک اٹھے۔''

اس بات کو سن کر وہ بزرگ بہت زیادہ ہنسے اور پھر وہاں سے چلے گئے اور اس طرح حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس مرتبہ آزمائش سے بچ نکلے۔ کچھ دنوں کے بعد وہ بزرگ دوبارہ نمودار ہوئے اور کہا:

''میں قندھار سے آیا ہوں اور تمہیں ایک عمل سکھاتا ہوں جس سے جنگل کے تمام جانور تمہارے تابع فرمان ہو جائیں گے اور بوقت ضرورت آپ کی سواری کیلئے حاضر ہو جایا کریں گے اور آپ جس جانور پر سواری کرنا چاہیں گے اس پر باآسانی سوار ہو جائیں گے۔''

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

''میرے باپ کے طویلے میں بے شمار گھوڑے موجود ہیں اور شیر کی سواری سے گھوڑے کی سواری ہزارہا درجہ بہتر اور فائدہ بخش ہے۔ مجھے تو آپ کوئی ایسا نسخہ بتائیں جس سے میں اپنے نفس پر سواری کر سکوں۔''

اس پر ان بزرگ نے دعا فرمائی اور کچھ اوراد و وظائف بھی بتائے اور وہاں سے چلے گئے۔ اس طرح حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ دوسری مرتبہ بھی آزمائش سے بچ نکلے اور متبادلاً انعام واکرام سے بھی مستفید ہوئے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے ان بزرگ کا راز کبھی بھی عیاں نہیں کیا کہ وہ بزرگ کون تھے۔ البتہ بیشتر تذکرہ نگاروں کے مطابق وہ بزرگ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔

جنگلوں اور ویرانوں میں سخت ترین مراقبے اور چلے کاٹنے کے دوران حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا یہ عالم تھا کہ کئی کئی روز فاقے سے گزر جاتے تھے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کچھ بھی نہ کھاتے پیتے تھے۔ اس دوران حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے جسم مبارک پر تہبند اور

Marfat.com

کمبل کے سوا کچھ بھی نہ تھا۔ کسی بھی ملاقاتی کو آپ رحمۃ اللہ علیہ سے نظر ملانے کی جرأت نہ تھی اور نہ ہی کوئی آپ رحمۃ اللہ علیہ سے بات چیت کر سکتا تھا۔

## معمولاتِ زندگی:

شدید مجاہدات کے بعد حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اپنے چھپڑ احاطہ حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ میں واپس تشریف لے آئے اور پھر یہاں ہی خلق خدا کو فیض سے نوازنے لگے اور اس جگہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے معمولات حسب ذیل تھے۔

بعد از نماز صبح وظائف و اوراد مقررہ سے فراغت پانے کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ روضہ مبارک حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ میں جا کر خود جاروب کشی فرماتے تھے اور ظہر تک اندر ہی مراقبہ میں اپنا وقت گزارتے تھے۔ حضرت غازی قلندر شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ مبارک کی ڈیوڑھی کے بائیں جانب ایک زینہ اتر کر نشیب میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا خلوت خانہ تھا۔ اس خلوت خانہ میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے چھ چھ ماہ تک چلہ کشی کی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ روضہ مبارک سے برآمد ہوتے ہی اپنے مقام تک پس پشت اور ادب سے چلا کرتے تھے۔ مرقد مبارک کی جانب کبھی پیٹھ نہ کیا کرتے تھے اور جب صحن دربار میں تشریف لاتے تھے تو اس وقت صدہا پرندے مختلف قسم کی بولیاں بولتے ہوئے درختوں کی شاخوں پر جمع ہو جاتے تھے۔ خادم دربار حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے فرمانے پر دانہ لا کر پیش کرتے تھے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ اس دانہ کو اپنے ہاتھ میں لے کر ان جانوروں اور پرندوں کو ڈالتے تھے اور وہ بہت شوق سے کھاتے تھے۔

آپ ہر وقت چشم پرنم دل میں درد اور شوق غالب رہتا تھا۔ روزانہ رات کو بعد از نماز مغرب اور نماز عشاء سے پہلے قصیدہ غوثیہ کا ورد فرماتے تھے اور اس دوران کسی کو بھی جرأت نہ ہوتی تھی کہ کوئی آپ کے معمول میں ذرا برابر بھی دخل دے سکے یا اونچی آواز میں گفتگو کر سکے اور جب تک آپ خدام میں سے کسی کو خود نہ بلاتے تھے وہ کبھی آپ کے پاس بھی نہ پھٹکتے تھے۔

Marfat.com

آپ رحمۃ اللہ علیہ کو شعر و شاعری سے فطری لگاؤ تھا اس لئے ایسی حالت میں جب آپ رحمۃ اللہ علیہ پر جذبہ عشق حقیقی طاری ہوتا تھا تو طبیعت میں ایسا جوش ابھرتا تھا کہ زبان سے جو بات نکلتی تھی وہ پرتاثیر حقیقت بن جاتی تھی اور ایسے عالم میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کے سینہ مبارک سے درد بھری آہوں کا دھواں سا نکلتا تھا اور صفحہ قرطاس پر شعروں کے موتیوں کی ہم آہنگ تسبیح نمودار ہو جاتی اور سننے والوں کے دل موہ لیتی۔ اس جذبہ عشق نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نام شعر و شاعری کے میدان میں بلند کر دیا اور کئی معرکۃ الآراء کتب آپ رحمۃ اللہ علیہ نے تصنیف فرمائیں۔

کون بندے نُوں یاد کریسی ڈھونڈے کون قبر نُوں
کِس نُوں درد اساڈا ہوسی روگ نہ رنڈی وَر نُوں
رُوح درد وِچھنّن سبھ جاسن آپو اپنے گھر نُوں
تیرا رُوح محمدؐ بخشا تکسی کیہڑے دَر نُوں

Marfat.com

# کشف وکرامات

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ صاحب کشف وکرامت تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ہزارہا کرامات زبان زدِ عام ہیں۔ ذیل میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی چند کرامات کا تذکرہ کیا جارہا ہے۔

## اشعار کے ذریعے دادرسی:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کبھی کسی سائل کو خالی ہاتھ نہیں بھیجا کرتے تھے۔ باوجود بیماری کے بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ ہر سائل سے خندہ پیشانی سے ملتے تھے اور اس کی بات کا نہ صرف جواب اشعار میں پیش کرتے تھے بلکہ اس اشعار کے ذریعے اس کی دادرسی بارگاہ الٰہی میں کروا دیتے تھے۔ بیماری کے زمانہ کا ایک واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ ایک مرتبہ حضرت قاضی سلطان محمود دربار شریف تشریف لائے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ بیماری کی وجہ سے بستر علالت پر پڑے ہوئے تھے۔ قاضی صاحب کو آپ رحمۃ اللہ علیہ کی بیماری سے بے حد پریشانی لاحق ہوئی اور واپسی پر اعوان شریف سے مولوی احمد دین صاحب برنالوی کو جو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے رشتہ دار، خلیفہ ہونے کے علاوہ حکیم حاذق تھے دربار شریف میں بغرض علاج بھجوایا۔ مولوی احمد دین صاحب حاضر دربار ہوئے اور قدم بوسی کی اور بڑی محبت سے اپنی آمد کی غرض وغایت بیان کی۔ جس پر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے ذیل کے اشعار کے ذریعے انہیں اجازت عطا فرمائی۔

کس طبیب لگاونے پانی خیر سقم
شربت کون پلاوسی کر کے لطف عمیم
رونڈے ہی مرجان گے عاجز نین یتیم
رکھ امید محمدؐ! کرسی کرم کریم

Marfat.com

## توجہ باطنی:

ایک مرتبہ ملک محمد ٹھیکیدار صاحب شدید بیمار ہو گئے اور شفایابی کہیں سے بھی نظر نہ آنے لگی۔ مجبور ہو کر ایک عریضہ کے ذریعے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو خبر کی اور انہوں نے بعد از مطالعہ عریضہ دعا فرمائی اور بعد ازاں ذیل کی تحریر فرما کر عریضہ کنندہ کے ہاتھ ارسال فرمائی۔

سک سکندیاں سجناں دلوں اَج آیاں اخباراں
سکھاں وچہ نہ پاس وے سن یاد کیتا بیماراں
سن بخار گلا دی سانوں چڑھے ہزاراں
رب ملاوے پھر محمدؒ سک سکندیاں یاراں
اگے زخم لگائے سجناں جڑ جڑ تیر ہجر دے
سان سان بن مرہم لگائی اِک رفیق اندر دی
سن بیماری تے لاچاری ٹٹی گھاہ جگر دی
خیری رب محمدؒ مینوں میل دے دلبر دے

جب یہ گرامی نامہ ملک محمد ٹھیکیدار صاحب کے پاس پہنچا تو اس کو پڑھنے سے ہی صحت یابی شروع ہو گئی اور میاں صاحب کی توجہ باطنی سے میں چند روز میں ہی صحت یاب ہو گیا اور بعد از صحت یابی دربار شریف کھڑی شریف میں حاضر کر حضور کی قدم بوسی کی اور ان کا شکریہ ادا کیا۔

## ملزم بری ہو گیا:

تحصیل میر پور کا ایک باشندہ راج پوت میر باز نام اپنے مخالفین کی سازش سے چوری کے الزام میں پکڑا گیا۔ اس نے بصد مشکل اپنی ضمانت تھانہ متعلقہ سے کروائی اور بعد از ضمانت سیدھا حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے پاس دربار شریف میں حاضر ہوا اور قدم

Marfat.com

بوسی کے بعد زار و قطار رونا شروع کر دیا۔ چونکہ وہ بالکل بے گناہ تھا اس لئے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو اس کی حالت زار پر رحم آ گیا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی وقت ایک منظوم سفارش نامہ لکھ کر اس کے ہاتھ حکام کی طرف ارسال کیا۔ حکام میر پور نے جب نامہ مبارک دیکھا تو اس کی ایک ایک نقل ہر صاحب نے اپنے پاس رکھ لی اور تاریخ پیشی پر ملزم کو بری کر کے اور شیرینی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی بارگاہ اقدس میں بھیجی جہاں آ کر ملزم نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا شکریہ ادا کیا۔

سنو تحصیل دار و پیش کارو
حکومت کی سواری پر سوارو
دعا گو سے سنو یہ بات کن دھر
کہ ہے یہ شخص اس تہمت سے باہر
اگر نالش کرے اس پر کوئی اور
نہ کرنا قید اس کو یہ نہیں چور
نہیں چوروں کا سنگی ہے یہ سادہ
فنمر کے در ہوا آ ایستادہ
رہائی دے کے، اس کو طرف خانہ
شتابی سے کرو یارو روانہ
فقیروں کی سدا یہ مت کرو رد
نہ کرنا بے گناہ پر ظلم بے حد
دیوانی فوجداری کے جو حاکم
یہ فرمائش سبھی پر کرے راقم

## اللہ عزوجل نے فرزند عطا کر دیا:

جب سیّد محمد شاہ صاحب رئیس سیّداں میر پور نے انتقال کیا تو ان کے دونوں

Marfat.com

بیٹوں سیّد جماعت علی شاہ اور سیّد باقر علی شاہ کے مابین تقسیم وراثت پر اختلاف پیدا ہو گیا۔ بڑے بھائی نے باقر علی شاہ صاحب کو دوران بحث طعنہ دیا کہ تم کو خدا نے کوئی نرینہ اولاد عطا نہیں کی جس کو حق وراثت تمہارے جائیداد کا تمہارے بعد پہنچتا۔ ایسی حالت میں اس قدر جھگڑا تمہارا تقسیم ملکیت پر فضول ہے۔ حریف کی اس طنز پر باقر علی شاہ صاحب کو بے حد رنج اور دل کو صدمہ ہوا اور اسی روز وہ دربار شریف کھڑی حضرت قبلہ مرحوم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ حضور! مجھ کو آج تک فرزند کی کوئی آرزو نہ تھی لیکن برادر کلاں کے کلمات نے میرے دل پر سخت اثر کیا ہے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو سیّد باقر علی شاہ صاحب سے کمال درجہ عنایت تھی۔ شاہ صاحب کے کلام سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی رگ حمیت کو جوش آیا اور شاہ صاحب کو کلمات تسلی آمیز فرما کر رخصت کیا۔ چند روز کے بعد میاں شرف الدین خلیفہ دربار کو دو برگ سبز درختاں دربار سے دے کر شاہ صاحب کی طرف روانہ کیا اور زبانی خلیفہ شرف الدین سے فرمایا کہ دونوں پتوں میں سے ایک ایک پتہ میاں بیوی باوضو ہو کر کھالیں۔

میاں شرف الدین کا کہنا ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ کو حکم دیا کہ جب برگ درخت شاہ صاحب کو حوالہ کرو گے تو اس وقت چند آدمی روبرو شہادت کے طور پر طلب کرنا اور صاف فرما دیا کہ ہم اس کا کوئی عوض آپ سے طلب نہیں کریں گے لیکن بطور شکریہ اس انعام کو یاد رکھنا۔ اس کو کسی دوسرے حیلہ کی طرف منسوب نہ کرنا۔ اس کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ جلدی پہاڑی مقام اپنی قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔ پہاڑ پر پہنچ کر شاہ صاحب کی طرف آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مفصل نامہ مبارک تحریر فرما کر بھیج دیا اور اس میں صاف درج تھا کہ اس سال کے اندر سیّد مظفر تمہارے گھر آویں گے ان کو ہمارا سلام ہو طرفہ یہ کہ سیّد مظفر صاحبزادہ کا بحساب ابجد تاریخی نام قبل از ولادت لکھ رہا ہوں۔

شاہ صاحب نے نامہ مبارک کو دیکھا لیکن اصلی راز کو نہ سمجھ سکے اور یہ خیال پیدا ہوا کہ کوئی مہمان آنے والا ہے جس کا نام سیّد مظفر ہو گا۔

Marfat.com

را شمس دیں مست چوں تاب بخش
عجب نیست گر یافت ماہتاب بخش
ہماں نامہ دیرینہ ہمرنگ عود
کہ بندہ ز پنجن فرسناد بود
تجس نمودہ مطالع کنید
کہ از راز و از نام آ کہ شوہد
ہماں نام شایاں باںجد بود
کہ مولود ہمرنگ اب جد شود

تبدیلی موسم پر جب آپ رحمۃ اللہ علیہ پہاڑ سے تشریف لائے تو جلدی موضع جانی چک ضلع گجرات بغرض زیارت موئے مبارک سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لے گئے۔ بعد واپسی پر حسب استدعائے خاکسار راقم جہلم تشریف لائے۔ عیدگاہ میں ظہر کی نماز ادا فرمائی۔ اسی وقت ایک قاصد میر پور سے پہنچا اس کے پاس سیّد باقر علی شاہ صاحب کا خط تھا۔ اس نے وہ خط حضرت قبلہ کو دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس خط کا مطالعہ کیا اس میں لکھا ہوا تھا کہ حضور کی دعا اور توجہ سے اللہ تعالیٰ نے فرزند عطا کیا ہے اور اس کا نام آپ رحمۃ اللہ علیہ خود ہی تجویز کریں۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس بچے کا نام سیّد مظفر رکھا۔ جس کی تاریخ ولادت بحساب ۱۲۹۴ ہجری بنتی ہے جو کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی پیشن گوئی کا انمول ثبوت ہے۔

## مستجاب الدعوات:

کھڑی دربار شریف کے قریب ایک موضع سیم آباد ہے۔ اس جگہ سے ایک عورت حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی کہ حضرت دعا فرمائیں مجھ کو خداوند فرزند عطا کرے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ یہ سن کر ابھی خاموش تھے اور کچھ آدمی اور بھی حاضر ہوئے تھے کہ ایک اور دوسری عورت نے بھی اسی وقت وہی آرزو ظاہر کی۔ حضرت میاں محمد

Marfat.com

بخش رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں عورتوں کو حکم دیا کہ وہ پتھروں کی پتھری اس جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ جہاں اشارہ فرمایا وہاں لے جاؤ اللہ عزوجل تم دونوں کو فرزند عطا کرے گا۔ یہ سن کر دونوں عورتوں نے مردانہ جرأت سے وہ پتھروں کا تودہ ایک جگہ سے دوسری جگہ جہاں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا تھا اٹھا کر رکھ دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے حق میں دعائے خیر فرمائی اور پھر ڈیڑھ سال بعد ان دونوں عورتوں کو اللہ عزوجل نے اولادِ نرینہ عطا فرمائی۔

## کشف باطن:

ایک مرتبہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ حجرہ شاہ مقیم برائے زیارت حضرت شاہ مقیم رحمۃ اللہ علیہ تشریف لے گئے اور بوقت روانگی اپنے مرید خاص ملک محمد ٹھیکیدار کو بعض مخصوص ہدایات فرمائیں جن کو وہ بوجہ مصروفیت بھول گئے اور اس طرح آپ رحمۃ اللہ علیہ کے حکم کی نافرمانی کا سبب بنے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس وقت حجرہ شاہ مقیم سے واپس تشریف لا رہے تھے اور چونیاں میں اپنے معتقدین کے پاس تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے وہاں سے ایک منظوم خط بذریعہ ڈاک جہلم بھیجا اور جس میں ان کی خطا کا حال درج تھا۔ ملک محمد ٹھیکیدار از حد نادم و شرمسار ہوئے اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے کشف باطن کے دل و جان سے قائل ہو گئے۔

از من کہ ترا عزیز دارد
بہتر ز دل و سخن چہ آرد
ازمن شدہ بدور خوسند
آں کمیت کہ در کمیندت امکند
روز آیت و وقت ظہر اول
چوں سیز دھم بدست بشمار
چوں روز گذشت و آں شب آور
جامی بکیت لبالب آمد

Marfat.com

ایں راز نہ باز ایں چنیں بہ
خاموشی محمدؐ ہمیں بہ

## فقیر کی زبان:

ایک مرتبہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ لوہاری دروازہ باغ شیخاں میں تشریف فرما تھے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں نواب سندھے خان ملتانی حاضر ہوا اور خلوت میں عرض کیا کہ نواب شیخ غلام محبوب سبحانی رئیس لاہور میرا داماد ہے اور میری بیٹی جو اس کی اہلیہ ہے اس پر ظلم وستم و بدسلوکی کرتا ہے جس سے بہت زیادہ پریشانی لاحق ہے اور اس کے علاوہ نواب مذکور داماد نے مسمات کموں طوائف سے اپنا ناطہ جوڑ رکھا ہے۔ حضور دعا فرمائیں کہ نواب صاحب مسمات کموں کو چھوڑ دے اور اپنے گھر کی آبادی کا خیال کرے میں یہ اقرار کرتا ہوں کہ بذات خود دربار کھڑی شریف حاضر ہو کر پانچ صد روپیہ نظر کروں گا۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ فقیر کو نذر و نیاز کی پرواہ نہیں ہے لیکن لوگ مراد برآنے کے بعد صرف زبانی بھی شکریہ ادا نہیں کیا کرتے۔ یہ سن کر نواب صاحب نے بڑی چرب زبانی سے تقریر فرمائی اور دوسرے روز میاں صاحب کی اطلاع پا کر نواب غلام محبوب سبحانی بھی سلام کو تشریف لائے۔ نواب صاحب چونکہ بڑے ہی معزز خاندان کی یادگار تھے اور بڑے موؤب فقیر دوست صاحب علم تھے نہایت ادب سے تعظیم سے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی قدم بوسی کی لیکن نواب سندھے خان صاحب کی زبان سے، آپ رحمۃ اللہ علیہ جو شکایت ان کے بارے میں سن چکے تھے اس وجہ سے نواب مذکور سے فرمایا کہ تم کو معلوم ہے کہ جس باپ کے تم بیٹے ہو وہ کیسا انسان تھا؟ اس باپ کے اوصاف میں سے تمہاری ذات میں کونسا وصف ہے اور تم اس کا فرزند کہلانے کے لائق کب ہو سکتے ہو جب تک اس کے جوہر تم میں نہ ہوں۔

نواب صاحب نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا یہ فرمان سن کر ادب اور حیاء سے سر جھکا لیا اور فرمایا کہ بے شک! میں اس لائق نہیں ہوں جس سے میرے بزرگوں کو

Marfat.com

میرے وجود پر فخر ہو۔ یہ فرما کر نواب صاحب خاموش ہو گئے۔

کچھ دیر کے بعد نواب صاحب نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے دعوت کی درخواست کی جو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے قبول فرمائی۔ چونکہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کسی کے مکان پر جا کر دعوت نہ کھایا کرتے تھے اس لئے جائے قیام پر شام کو نہایت پر تکلف خوان ہائے طعام گوناں گو آئے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے ہمراہ تین خادم بھی تھے اور کھانا تقریباً پچاس آدمیوں کا ہوگا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اور حاضرین محفل نے یہ کھانا نوش فرمایا۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ لاہور سے رخصت ہو کر واپس دربار شریف کھڑی چلے گئے۔ دو ماہ بعد نواب میاں سزادار لاہور سے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی قدم بوسی کیلئے حاضر ہوئے ان کی زبان سے معلوم ہوا کہ نواب صاحب نے مسمات کموں طوائفہ سے قطع تعلق کر لیا ہے۔ دو سال کے بعد حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ حجرہ شاہ مقیم سے واپسی پر لاہور تشریف لائے تو اسی مقام پر باغ میں قیام فرمایا۔

چند روز کے بعد ایک روز بوقت عصر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ باغ میں تشریف فرما تھے اور اس وقت بہت سے لوگ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ عین اس وقت نواب سندھے خان صاحب ایک نقری گھوڑی پر سوار بطور سیر چلے جاتے تھے اور جب انہوں نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی طرف دیکھا تو ہاتھ سے سلام کرتے ہوئے چلے گئے۔ اس وقت حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے پاس بیٹھے ہوئے ایک آدمی سے دریافت کیا کہ یہ نواب سندھے خان ہے تو اس نے جواب دیا کہ جی حضور! یہ وہی ہے۔ جب اس وقت حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے چہرہ مبارک پر نظر ڈالی گئی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے چہرہ مبارک پر جلالیت کے آثار نمایاں تھے۔ اس وقت فاروقی رگ نے جنبش کی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے زیر لب کچھ فرمایا جس کو کوئی نہ سمجھ سکا۔ اگلے روز حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ لاہور سے کھڑی شریف دوبارہ تشریف لے گئے۔

کچھ دنوں کے بعد نواب سندھے خان کے کسی عزیز رئیس کے ہاں شادی کی

Marfat.com

تقریب تھی جس میں لاہور کی تمام طوائفوں کو ناچنے کے واسطے بلوایا گیا تھا۔ اسی گروہ میں مسمات کموں طوائفہ بھی موجود تھی اور جب رقص و سرور کی محفل اپنے عروج پر تھی اور نواب صاحب بھی اس محفل میں موجود تھے مسمات کموں نے اپنی پرسوز آواز میں نواب صاحب کے مقابل حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ شعر گایا۔

توبہ نرمے کر دم و آمد بہار
ساقیا توبہ شکنم آرز دست

یہ گویا ایک ایسا تیر تھا جو کہ سیدھا نواب صاحب کے دل پر لگا یارائے ضبط نہ رہا اور ایام ماضی کی محبت کا زمانہ یاد آ گیا اور محبت کی آگ جو کہ کسی گوشہ دل میں پنہاں تھی ایک ہی آواز سے اس کا شرارہ اڑا جس نے دامن صبر و شکیبائی کو جلا کر راکھ کر دیا اور بے اختیار بے حجابانہ نواب صاحب نے رومال آنکھوں پر رکھ کر رونا شروع کر دیا اور دوسری طرف کموں طوائفہ بھی اپنے معزز دیرینہ مشتاق کو لبیک کہتی ہوئی مجمع سے الگ ہوگئی اور نواب صاحب کے حرم سرا میں بحیثیت زوجہ محترمہ داخل ہوگئیں اور ایسی ان کے حرم میں داخل ہوئی کہ نواب صاحب کو مار کر ہی دم لیا۔

یہ وہ سزا تھی جو مرد حق سے بدعہدی کی وجہ سے ملی حالانکہ اگر نواب سند ھے' حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں مذکورہ نذر پیش بھی کر دیتے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نہ لیتے اور زبانی شکریہ ہی قبول فرما لیتے۔ بہر حال تیر جستہ جو ایک مرتبہ فقیر کی زبان سے نکل جاتا ہے بارگاہ ایزدی سے وہ کسی بھی حالت میں رائیگاں نہیں جاتا ہے۔

## کشف باطنی کا یقین:

ایک مرتبہ ملک محمد ٹھیکیدار لاہور میں کتاب ''تحفہ میراں و شیریں فرہاد'' مصنف حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی طباعت کیلئے لاہور میں چار ماہ تک مقیم رہے۔ ان کا قیام موری دروازہ کے اندر مقابل پنڈت من پھول صاحب سی ایس آئی میاں سزادار کے ہاں تھا۔ یہیں ان سے اکثر احباب کی ملاقات رہتی تھی اور ان کے ہمراہ ڈاکٹر عبدالرحیم صاحب

Marfat.com

بھی مقیم تھے۔

ایک روز صبح کو پنڈت گنیش مل جو پنڈت من پھول کے صاحبزادہ تھے اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے معتقد اور محبّ تھے ملک محمد ٹھیکیدار صاحب کے پاس تشریف لائے۔ ان کے ہاتھ میں ایک رکابی تھی جس میں کچھ مٹھائی تھی ان کو دے کر فرمایا کہ ہمارے گھر میں تیار کی گئی ہے۔اس میں سے چند دانے ملک محمد ٹھیکیدار نے کھائے۔ جس پر پنڈت گنیش مل ان کی طرف دیکھ کر مسکرائے چونکہ ان سے بے تکلفی اور مزاح رہتا تھا اس لئے پنڈت گنیش کی مسکراہٹ سے ملک صاحب کو شبہ ہوا تو انہوں نے مزید مٹھائی کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ اس میں بھنگ کی ملاوٹ تھی۔ جس کی وجہ سے ملک محمد ٹھیکیدار صاحب کا گلہ قدرے خشک ہو گیا۔ چونکہ ملک صاحب نشہ نہ کرتے تھے اس وجہ سے ان کی حالت بگڑ گئی اور وہ بے ہوش ہو گئے۔ میاں سزادار اور دیگر دوست گھبرا گئے اور علاج معالجہ کیلئے دوڑے۔ ملک محمد ٹھیکیدار کی یہ حالت دیکھ کر پنڈت صاحب بھی گھبرا گئے اور فی الفور کسی ڈاکٹر صاحب کو بلوایا گیا۔ ان ڈاکٹر صاحب کے علاج معالجہ کے بعد دوسرے روز جا کر ملک صاحب کو ہوش آیا۔ تیسرے روز ایک منظوم خط حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا ڈاک کے ذریعے موصول ہوا جس میں ان کی تکلیف کا حال مندرج تھا اور یہ خط اس روز کا لکھا ہوا تھا جس روز ملک صاحب بے ہوش ہوئے تھے۔

یہ خط ملک محمد ٹھیکیدار کو بحالت صحت ملا اور جب دوستوں نے اس کو پڑھا تو ان کے دل میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے کشف باطنی کا یقین اور زیادہ ہو گیا۔ کام ختم ہونے کے بعد ملک محمد ٹھیکیدار لاہور سے واپس چلے گئے۔ لیکن یہاں کے دوستوں کی محفل کی یاد ان کے دل میں ایک کسک بپا رکھتی۔ بہر حال حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے لاہور روانگی سے پہلے ذیل کا دوہڑا لکھ بھیجا۔

دور وسندیاں سجناں دلوں نہ کوئی سکھ سہنیا
جے تدھ پریت پرانی کیتی ساڈا نہیوں نہ بہیا

Marfat.com

رل بیٹھن دی لذت بھلی یا اوہ نشہ نہ رہیا
نہیں تاں ہوندی دس محمدؒ ایڈ وچھوڑا کہیا

## بدعہدی کی سزا:

میاں عبدالغنی سب انسپکٹر پولیس راجہ محمد حسن صاحب مرحوم سب رجسٹرار جہلم کے مقدمہ قتل میں تفتیش کر رہے تھے کہ دوران تفتیش مسمی شیر باز سکنہ لہڑی تحصیل جہلم ان کی حراست سے فرار ہو گیا جس پر وہ ایک ماہ قید سخت کے سزایاب ہوئے۔ پھر ملک محمد ٹھیکیدار کی ضمانت پر قید سے رہا ہوئے اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور التجائے دعا کی۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے پڑھنے کو وظیفہ بتایا۔ اس عمل کے کرنے سے اپیل میں بری ہو کر عہدہ پر بحال ہوئے۔ کچھ عرصہ کے بعد پھر کسی جرم میں زیر عتاب ہو کر قید میں چلے گئے۔ ملک محمد ٹھیکیدار جہلم نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کیلئے دعائے خیر طلب کی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کچھ ورد بتایا جو انہوں نے جا کر ان کو سمجھا دیا اور انہوں نے چند روز وہ وظیفہ کیا اور اس وظیفہ کی بدولت قید سے رہائی پائی اور ان کی خطا معاف ہو گئی۔ بعد رہائی ان کی تعیناتی تھانہ ڈوہمن ہو گئی اور قید سے رہا ہونے کے بعد ان سے یہ خطا ہو گئی کہ ایک ہفتہ جہلم میں رہنے کے باوجود بھی وہ دربار شریف نہ گئے اور نہ ہی جا کر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا شکریہ ادا کیا۔ حالانکہ یہ کوئی مشکل کام نہ تھا۔ دوسری غلطی یہ ہوئی کہ دوران قید انہوں نے نذر مانی تھی کہ اگر میں اس قید سے رہا ہو گیا اور اپنے سابقہ عہدے پر بحال ہو گیا تو مبلغ پچاس روپیہ دربار شریف حضرت صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں نذر کروں گا تاکہ آپ اس کو کام عمارت دربار میں صرف فرمائیں۔ مگر جب تھانہ ڈوہمن میں تعیناتی اور عہدہ کی بحالی ہو گئی تو ان کو سات ماہ کی تنخواہ یک مشت ملی ایسے میں انہوں نے پچاس روپے دربار شریف میں بھیجنے کے اپنے عہد کو فراموش کر دیا۔

چند ماہ گزرنے کے بعد حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے جاتی چک سے واپسی پر

Marfat.com

جہلم میں ملک محمد ٹھیکیدار کے ہاں قیام کیا۔ اتفاقاً میاں عبدالغنی صاحب کسی کار سرکار سے جہلم آئے اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خبر پا کر باغ متصل محلہ عیدگاہ میں حاضر ہوئے۔ اس وقت ملک محمد ٹھیکیدار اور بابو حبیب علی خاں مرحوم شہید کے علاوہ چند کسان بھی موجود تھے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس وقت نماز عصر پڑھ رہے تھے اور جب نماز سے فارغ ہو کر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرف توجہ دی تو اس وقت میاں عبدالغنی نے اٹھ کر سلام کیا اور ایک روپیہ آگے رکھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے غور سے دیکھا اور فرمایا کہ یہ عبدالغنی ہے۔ جواب میں فرمایا گیا کہ حضرت! یہ وہی ہیں۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عبدالغنی! تم اپنے کام سے باز نہیں آئے۔ تمہارا فلاں فلاں قصور ہے اور وہ باتیں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی وقت زبان مبارک سے جلال میں آ کر فرمائیں جو کہ ہم لوگوں کو معلوم نہ تھیں۔ یہ جرم تو کرتا ہے اور دو مرتبہ کی سفارش سے تو بچ گیا اور اب تیسرا موقع آتا ہے اور اب تو نہ بچے گا اور خبردار کسی کو میری طرف مت بھیجنا۔ اتنا فرما کر آپ رحمۃ اللہ علیہ اس جگہ سے اٹھ کر چل دیئے اور اس وقت چہرہ مبارک پر رعب اور جلال تھا۔ شام کو جب وضو کرنے کو ملک محمد ٹھیکیدار نے کوزہ پانی کا آگے رکھا تو اس وقت تبسم فرما کر کچھ کلام کیا۔ عرض کیا گیا کہ عبدالغنی بیچارہ پریشان ہے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں نے اس کو بددعا نہیں دی لیکن اس کی صورت دیکھ کر مجھ کو دکھایا گیا کہ عنقریب اس پر بسبب گناہوں کے کوئی سختی آنے والی ہے۔ ماہ مئی میں یہ بات ہوئی اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ واپس دربار شریف تشریف لے گئے۔ ماہ جون میں عبدالغنی صاحب کا ایک خط ملک محمد ٹھیکیدار کے پاس آیا کہ میں ایک مقدمہ میں ملزم گردانا گیا ہوں اور ساتھ ہی لکھا تھا کہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان شاید پورا ہوتا ہے۔ چند ہی روز گزرے ہوں گے کہ میاں عبدالغنی معطل ہو کر پولیس لائن جہلم آ گیا اور مقدمہ شروع ہو گیا۔ اس وقت میاں عبدالغنی نے بابو حبیب اللہ خاں کو اپنی منت ماننے کا سارا قصہ سنایا۔ حالانکہ یہ بات کسی کو بھی معلوم نہ تھی کہ اس نے کوئی منت مانگی ہے اور ساتھ ہی اس نے یہ بھی

Marfat.com

کہا کہ مجھے خیال آیا ہے کہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نذر قبول نہیں فرماتے ہیں اور ان کو اس بات کی کیا پرواہ ہے اور وہ یہ بھی واپس کر دیں گے۔ اس واسطے روپیہ نذر کرنے میں میری رائے بدل گئی۔ بابو حبیب علی خاں صاحب کو ایک سو روپیہ دے کر عاجزی سے کہا کہ دربار شریف جا کر یہ میری طرف سے نذر کر دینا اور دعا کروانا۔

بابو حبیب اللہ خان نے بصد اصرار یہ رقم لی اور دربار شریف روانہ ہوئے اور ساتھ میں جاتے ہوئے ملک محمد ٹھیکیدار کو بھی لے کر گئے اور وہ رقم جا کر پیش کی تو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے نہایت خفگی کے ساتھ اسے دور ہٹا دیا اور فرمایا کہ اسے میرے روبرو نہ لاؤ اور کوئی ایسا ذکر نہ کرو۔ جب شام کو رخصت لے کر واپس روانہ ہونے لگے تو ملک محمد ٹھیکیدار نے عرض کیا کہ یا حضرت! اگر میاں عبدالغنی قید ہو گیا تو اس کا بال بچہ ناز پروردہ تباہ حال ہو جائے گا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس وقت خاموشی اختیار کی اور پھر فرمایا کہ اچھا! خدا اس کو اس قید سے بچاوے۔

ملک محمد ٹھیکیدار اور بابو حبیب اللہ خاں خوشی خوشی واپس آئے اور وہ روپیہ عبدالغنی کو واپس کر دیا۔ وہی بات ظہور پذیر ہوئی جو کہ زبان مبارک سے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائی تھی۔ میاں عبدالغنی ملازمت سے برخاست ہو گیا اور قید ہونے سے بچ گیا لیکن اس کی حالت بے پر پرندے کی مانند ہے اور وہ مردہ بدست زندہ ہے۔ اللہ عزوجل کے بندوں سے بدعہدی کرنا بہت بڑا گناہ ہے جس کی سزا مالک الملک کی جانب سے ضرور ملتی ہے اور بندہ کے پاس سوائے پچھتاوے کے علاوہ کچھ بھی نہیں رہتا۔

## نشانِ کرامت ظاہر ہو گیا:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ [illegible] ۲-۱۳۱۹ھ میں جب دربار [illegible] حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی چار دیواری تعمیر کر[illegible]ہے تھے تو مسمی کالا بیلدار جو مع [illegible] وعیال یہاں آ رہا تھا اور گدھوں پر لاد لاد کر پڑیاں [illegible]تا تھا۔ گویا وہ اس کام کا ٹھیکیدا[illegible] اس کا ایک ہی لڑکا تھا وہ قضائے الٰہی سے فوت ہو گیا [illegible]ند کی موت سے وہ بے تاب [illegible] اور آہ و نالہ

Marfat.com

کرتا ہوا حضرت قبلہ کے پاس آیا اور رو رو کر عرض کرنے لگا کہ حضرت نے دربار کی برکت سے صدہا بے اولادوں کو خدا نے بخشی ہے اور میرا تو صرف ایک لڑکا تھا وہ بھی مجھ کو داغ مفارقت دے گیا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس وقت چارپائی پر استراحت فرماتے تھے۔ اس کی دردآمیز یاد نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کے دل کو ہلا دیا۔ مجمع حاضرین بھی اس کلام سے متاثر ہو گئے۔

اس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ عزوجل کے حکم سے تمہارے گھر عنقریب ایک فرزند پیدا ہوگا اس کے داہنے شانے پر سیاہ رنگ کا داغ ہوگا۔ چنانچہ اس کے دوسرے سال ہی اللہ عزوجل نے اس کو فرزند عطا کیا اور اس پر وہ نشان کرامت بھی ظاہر ہو گیا۔

## وصال کی خبر:

سائیں غلام رسول رحمۃ اللہ علیہ اپنے دور کے ایک مجذوب بزرگ تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ صاحبزادہ عبدالحکیم دمڑی شریف والوں کی اولاد سے چلے آ رہے تھے اور مقام سنگی ضلع جہلم میں ان کا مزار ہے۔ ایک مرتبہ ملک محمد ٹھیکیدار اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بمقام پنجوٹی پہاڑ کے دامن میں موجود تھے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک روز بعد از فراغت وظائف ملک محمد ٹھیکیدار کو خلوت میں بلوایا اور ارشاد فرمایا کہ قدرے شیرینی اور میوہ جات جو موجود ہیں وہ ہمارے روبرو پیش کرو۔ جب یہ سب آپ رحمۃ اللہ علیہ کے روبرو لائے گئے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ صاحبزادہ سائیں غلام رسول صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا آج انتقال ہو گیا ہے۔ ان کے نام پر فاتحہ پڑھو اور تقسیم کردو۔

ملک محمد ٹھیکیدار صاحب کہتے ہیں کہ میں اس خبر کو سن کر بیتاب ہو گیا۔ کیونکہ میرے والدین کو آپ کے خاندان سے تعلقات مریدی تھے اور خاکسار کو بھی غلامی کا دعویٰ ہے۔ نہایت درد دل پیدا ہوا اور خیال آیا کہ اس قدر دوری سے قبلہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے کشف سے صاحبزادہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کی خبر دے دی۔ جب ایک ماہ بعد میں

Marfat.com

جہلم آیا تو معلوم ہوا کہ وہی روز اور وہی ساعت جب صاحبزادہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوا جس دن ان کو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے پہاڑ پر اطلاع دی تھی۔ حالانکہ پنچوئی راستہ پہاڑ ویران مقام ہے اور چکڑال شریف سے دور دراز مسافت پر ہے۔

## خلوت میں توبہ:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو اکثر سفر درپیش رہتا تھا۔ کیونکہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کسی نہ کسی بزرگ کے مزار پر حاضری دیا کرتے تھے یا پھر دور دراز کے علاقوں میں جا کر عبادت و ریاضت کیا کرتے تھے۔ اس لئے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک اسپ مادی گھوڑی پال رکھی تھی جو کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے سفر و حضر میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا ساتھ دیتی تھی۔ ایک مرتبہ ضلع گوجرانوالہ کے ایک عیار چور نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی اس گھوڑی کو چرانے کا ارادہ کیا۔ اس مقصد کیلئے ایک زین مع لگام لے کر دربار شریف کے مشرقی جانب گڑھے میں ریگ کے اندر چھپا دیا تاکہ گھوڑی کو بھگانے میں آسانی رہے۔

جس رات اس چور نے گھوڑی کو چرانے کا پختہ ارادہ کیا اس دن بعد از نماز مغرب حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے دو خادمان کو گھوڑی کی نگہبانی پر مامور کر دیا۔ رات کو دونوں نے اپنے بستر گھوڑی کے قریب لگائے اور ان میں سے ایک خادم نے دوسرے خادم کو کہا کہ آج خلاف معمول کیا بات ہوگئی کہ گھوڑی کی خاص حفاظت کا حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے حکم دیا ہے۔ دوسرے نے جواب دیا کہ ہر روز دوسرے سے جدا ہوتا ہے۔

الغرض رات کو جب چور نے آن کر دیکھا تو دونو جوان گھوڑی کے نگہبان موجود ہیں تو اس نے خیال کیا کہ کوئی مسافر آن کر یہاں سو رہے ہیں چلو کل سہی۔ اس نے دوسرے روز بھی کوشش کی لیکن انہی دونوں جوانوں کو گھوڑی کی نگہبانی کیلئے پایا۔ تیسرے روز بھی جب یہی اتفاق ہوا تو اس کو جستجو ہوئی اور اس نے اس بات کی تحقیق ادھر ادھر سے کی تو اس کے علم میں آیا کہ جس رات اس نے گھوڑی چرانے کا ارادہ کیا تھا اسی رات سے یہ دونوں نوجوان گھوڑی کی نگرانی پر متعین ہوئے ہیں۔

Marfat.com

اس تحقیق نے اس چور کے دل میں خوفِ الٰہی پیدا کر دیا اور وہ سمجھ گیا کہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی کرامت ہے۔ اگلے دن جب بعد از دوپہر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ دوپہر کے وقت قیلولہ میں استراحت فرما رہے تھے تو وہ چور آیا اور آتے ہی آپ رحمۃ اللہ علیہ کے قدموں میں سر رکھ کر گڑگڑا کر رونا شروع ہو گیا اور عضو تقصیر کا خواستگار ہوا اور اپنی ہی زبان سے تمام ماجرا کہہ سنایا۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اسے خلوت میں توبہ کی تلقین کی اور آئندہ کیلئے ترک معاصی کی تلقین کی اور اسے قدرے نقدی دے کر رخصت کیا۔ وہ شخص مدت العمر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہا اور وہ پانچ وقت کا نمازی اور روزے کا پابند ہو گیا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی میں کبھی بھی اس بات کا انکشاف نہ کیا۔ جبکہ بعد از وفات حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس بات کا انکشاف ہوا۔

## ستر برس کی عمر میں فرزند عطا ہوئے:

ایک مرتبہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ درکالی شریف تشریف لے جاتے ہوئے براستہ چکڑال شریف مقام چوہا سے گزرے۔ وہاں صاحبزادہ سائیں وہاب الدین صاحب اپنی بیٹھک میں مع ایک مجمع کے تشریف فرما تھے۔ صاحبزادہ کو جب حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا پتہ چلا تو بڑے ادب اور تعظیم سے ملاقات کی اور ڈیرہ میں لا کر آپ کو بٹھایا اور کھانا حاضر کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کھانا تناول فرمایا۔ اس مقام پر صاحبزادہ صاحب کی اولاد سے کوئی فرزند نہ تھا جبکہ ان کے حرم میں چار بیویاں تھیں۔ صاحبزادہ صاحب جو کہ حضرت سرکار کے نواسے تھے انہوں نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے طلب دعا کی درخواست کی کہ صاحبزادہ سائیں وہاب الدین کے ہاں کوئی اولاد ہو۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے نہایت توجہ سے دعا فرمائی اور اللہ عزوجل نے یکے بعد دیگرے صاحبزادہ سائیں وہاب الدین کو ستر برس کی عمر میں دو فرزند عطا کئے۔ پہلے صاحبزادے کلاں غلام اکبر نہایت پاکیزہ، بابرکت، نیک سیرت، صفائی باطن آباؤ اجداد کے

Marfat.com

اطوار پر قائم رہے اور جبکہ دوسرے صاحبزادے کا نام حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے نام پر محمد رکھا گیا۔

## ذاتی شہرت مطلوب نہیں:

ایک مرتبہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ مقام بیلہ شاہ نواز میں تشریف فرما تھے۔ میاں شرف الدین ساکن مغد وپور آپ کا خادم تھا۔ اس کو تپ دق یعنی چوتھا بخار آتا تھا اور وہ دو ماہ سے برابر بخار سے لاچار تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے دریا کے کنارے پر اس کو طلب کیا اور جب وہ حاضر ہوا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حال دریافت کیا۔ اس نے عرض حال کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے کہا کہ یہاں ہمارے روبرو غسل کرو۔

اس نے اسی وقت چار وناچار تعمیل ارشاد کی اور جب غسل سے فارغ ہوا تو فرمایا کہ ہوشیار ہو جاؤ تمہارا بخار دریا میں غرق ہو گیا ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی توجہ خاص سے وہ اسی وقت تندرست ہو گیا اور خود آپ رحمۃ اللہ علیہ دربار کھڑی شریف واپس تشریف لے گئے۔ اس اثناء میں اس دیہات اور اس کے آس پاس کے علاقہ کے لوگ تپ دق سے بیمار ہونا شروع ہو گئے اور دیکھتے ہی دیکھتے سینکڑوں لوگ اس بیماری میں مبتلا ہو گئے۔ اب ہر شخص عقیدت میں دریا کے اس کنارے پر بیٹھ کر غسل کرنے لگا اور شفایاب ہونے لگا۔ ایک عرصہ تک یہ معمول رہا۔

پھر کسی سے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس خبر کو سنا تو کہا کہ ہم نے تو صرف میاں شرف الدین کو غسل کرنے کو کہا تھا اور لوگ کس طرح خود بخود شروع ہو گئے۔ یہ فرمانا تھا کہ وہ فائدہ بند ہو گیا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو ذاتی شہرت مطلوب نہ تھی جس سے نفسانی خواہشات کی تکمیل ہوتی ہو۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ چونکہ ریا کاری سے پاک تھے اس لئے ظاہری مشہوری سے پرہیز فرمایا کرتے تھے۔

رہناں کیر ظہیر فقیر بن کے پیر نہ شیخ امام میاں
کلھہ گلھد محمد ارکھ سر تے نیواں ہواگے خاص و عام میاں

Marfat.com

## مردانِ خدا کی ناراضگی کا خوف:

ملک محمد ٹھیکیدار کے والد بزرگوار سیف علی صاحب مرحوم بمقام موضع سماہنی تحصیل بھمبر میں تھے۔ انہوں نے ملک محمد ٹھیکیدار کیلئے ایک سواری اور خط لکھا اور اپنے پاس طلب کیا۔ ملک محمد ٹھیکیدار ان دنوں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں حاضر رہا کرتے تھے۔ انہوں نے وہ خط میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو دکھایا اور جانے کی اجازت طلب کی لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو کوئی جواب نہ دیا اور خاموشی اختیار کیئے رکھی۔ جس سے وہ سمجھ گئے کہ ان کا سماہنی جانا درست نہ ہے اس لئے انہوں نے والد صاحب کی خدمت میں معذرت نامہ لکھا اور عدم حاضری کی معافی چاہی۔ کچھ عرصہ کے بعد ان کے والد صاحب جہلم تشریف لائے تو ملک محمد ٹھیکیدار پر اظہار ناراضگی فرمایا۔ جس پر انہوں نے عرض کیا کہ مجھے مردان خدا کی ناراضگی سے خوف آتا ہے وگرنہ میں خوشی سے حاضر ہو جاتا۔

یہ سن کر ان کے والد محترم نے فرمایا کہ ایسے مرد اب اس زمانہ میں کہاں ہیں۔ اس پر ملک محمد ٹھیکیدار نے ان پر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے کمالات و واقعات بیان کئے۔ جس پر انہوں نے قدرے پس و پیش اختیار کی اور چند روز جہلم رہنے کے بعد واپس سماہنی تشریف لے گئے۔ ایک دن حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بذریعہ کشف ان کے والد صاحب کے کلام اور گفتگو کو سنا تو ذیل کا خط ان کی طرف بمقام سماہنی ارسال کیا۔

ہم وہی ہیں تم وہی ہو اے اخی
قحط مردوں کا نہیں کم ہے سعی
کبر کے شر سے چھٹی اب پیروی
اے محمد میں کی سب نے سیف کی

جب یہ خط مبارک ان کے والد صاحب کو ملا تو وہ یہ سمجھے کہ شاید خاکسار نے وہ الفاظ ان کی زبان سے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں ظاہر کئے ہیں۔ جس پر وہ سخت ناراض ہوئے۔ لیکن جب ملک محمد ٹھیکیدار نے اس سلسلہ میں اپنی لاعلمی کا اظہار کیا تو

Marfat.com

ان کے والد محترم کی تسلی ہوگئی۔اس کے بعد ان کے والد محترم نے ایک ایرانی گھوڑا نہایت قیمتی دربار شریف کھڑی کی نذر کیا۔

## فقر کی شرم:

دربار شریف کھڑی کے قریب ایک موضع بانگ دوارہ مشہور ہے۔ وہاں کے باشندے مسمیاں حسن علی وحید جہلم شہر کی طرف کسی کام کے واسطے آرہے تھے۔راستہ میں ایک ساہوکار ہندو سکھ بھی ان کے ہمراہ ہولیا۔وہ بھی اس موضع میں دوکانداری اور ساہوکاری کیا کرتا تھا۔مسمی حسن علی مدت سے اس کا مقروض چلا آرہا تھا۔جب جہلم کی آبادی کے قریب پہنچے تو حیدر مع حسن علی نے موقع پاکر ساہوکار کو قتل کر کے کھیت میں ڈال دیا اور خود بازار سے اشیائے ضروری خرید وفروخت کر کے مع حیدر گھر کو واپس چلا گیا۔لاش کے ظاہر ہونے پر پولیس میں اطلاع ہوئی اور بابو حبیب علی خان صاحب مرحوم سب انسپکٹر صدر تھانہ جہلم نے موقع پر پہنچ کر تفتیش شروع کی۔نعش کی شناخت ہونے پر موضع بانگ دوارہ بالکل قریب ہے اور قریباً ایک ماہ تک کوئی سراغ نہ ملا۔

بابو حبیب اللہ علی مرحوم حضرت کا جاں نثار اور موؤدب ومحب تھا۔روبرو حضرت کے بہت کم کلام کیا کرتا تھا۔خاکسار کے ذریعہ ہی حضرت قبلہ مرحوم سے عرض کروائی کہ حضور توجہ فرمائیں کہ اصل قاتل پکڑا جائے کیونکہ مجھ کو افسران بالا کی طرف سے عتاب آرہی ہیں۔حضرت قبلہ نے یہ سن کر تبسم فرمایا اور کوئی جواب نہ دیا۔خاکسار مع بابو صاحب رخصت لے کر جہلم آگئے۔دوسرے روز ہی مسمی حسن علی نے اپنی عورت کو خانگی قصور پر مار پیٹ کیا۔ عورت مذکور نے باہر نکل کر زور زور سے رونا شروع کر دیا اور واویلا مچانا شروع کر دیا۔شور سن کر لوگ جمع ہوگئے۔سب نے با آواز بلند اس عورت مذکور کو کہتے سنا کہ میرے خاوند حسن علی نے فلاں ساہوکار کو قتل کیا ہے۔اب یہ مجھ کو بھی مارنا چاہتا ہے۔اس شور کو سن کر چوکیدار دیہہ نے تھانہ صدر جہلم میں آکر رپورٹ کی۔ بابو صاحب سوار ہوکر بانگ دوارہ پہنچے۔ جاتے ہی حسن علی کو علیحدہ کر کے ایسی طریق سے دریافت کیا کہ اس نے اسی وقت قبول جرم

Marfat.com

کرلیا اور مفصل داستان قتل اپنے بیان میں لکھائی۔ اس نے ساتھ ہی بوجہ عداوت کے حیدر کو بھی الزام قتل میں ناحق شریک جرم کرلیا۔

دونوں کا چالان ہو کر عدالت سے سزائے موت کا حکم ہوا۔ عدالت سیشن سے بھی یہی سزا برقرار رہی۔ مثل مقدمہ چیف کورٹ میں تھی کہ حیدر علی کی والدہ ضعیفہ نے دربار شریف میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے روبرو آہ وفغاں شروع کر دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی معمول کے الفاظ سے تسلی فرمائی۔ وہ روزانہ دربار حضرت کے مقام کے قریب فریاد کرتی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ اس کو کچھ چیز دے کر دلاسہ کرتے اور اس کی دلداری ودلجوئی فرماتے مگر اس نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا دروازہ نہ چھوڑا۔ فرزند عزیز کے غم میں اس کو تاب شکیبائی کہاں۔

ایک روز آپ رحمۃ اللہ علیہ حسب معمول حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ مبارک سے برآمد ہوئے تو اس وقت بے خودی اور استغراق میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کے چہرے مبارک پر ہیبت اور جلال ظاہر ہوتا تھا۔ جب تک ذرہ استراحت اور سکون نہ فرمالیں کسی کو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے روبرو یارائے تکلم نہ ہوتا تھا۔ لیکن وہ ضعیفہ درد رسیدہ فرزند کے غم میں معذور تھی۔ بے صبری اور بے ہوشی کے عالم میں موقع شناس نہ تھی۔ بے تاب ہو کر حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے قدموں میں جاگری اور زور زور سے آہ وفغاں شروع کر دیا۔ اس وقت کا نظارہ دیکھنے والے یاد رکھیں گے۔ جب کہ اس پاکباز خدا کے برگزیدہ نے سلسلہ قادری کی نسبت کو جناب باری تعالیٰ میں پیش کرتے ہوئے اپنا کلاہ مبارک کو سر سے اتار کر بارگاہ الٰہی میں اس طرح التجا کی کہ اے میرے پروردگار عالم تو قادر مطلق ہے تو علیم اور بصیر ہے اور رحیم ہے اور کریم ہے۔ یہ ضعیفہ میرے ظاہری لباس فقر کو دیکھ کر تیرا مقبول بندہ گمان کرتی ہے تو میرے فقر کی شرم رکھ لے اور اپنی رحمت واسع سے اس کے فرزند کو ناحق الزام قتل سے نجات بخش دے۔ اس وقت زائرین کا مجمع موجود تھا اور جب حاضرین نے یہ الفاظ سنے تو سب کو قبولیت کا اثر معلوم ہوا۔ ضعیفہ کو سب نے تسلی دے کر رخصت کیا۔ ہنوز تاریخ پھانسی مقرر ہو چکی تھی کہ ایک روز بوقت شب حسن علی کی آواز سن کر پکارا کہ اے غدار! تو نے مجھے بوجہ عداوت ناحق الزام

Marfat.com

قتل میں سزا دلوائی اور خداوند عالم تجھ کو یہ گناہ کبھی نہ بخشے گا اور میدان حشر میں میرا انتقام تجھ سے لے گا۔

حسن علی چونکہ زندگی سے مایوس ہو چکا تھا اور کسی قدر خواندہ بھی تھا کہ اس کے دل کو حیدر کی راست کلام سے سخت ہراس پیدا ہوا اور صبح کو جب سپرنٹنڈنٹ جیل میں آیا تو اس وقت حسن علی نے نہایت عاجزی سے اور الحاح سے صاحب بہادر کو اصلی حالات سے آگاہ کیا اور اس امر پر حلف اٹھایا کہ ضرور میں نے حیدر کو بوجہ عداوت ناحق شریک جرم ٹھہرایا ہے اور اس میں صرف اللہ تعالیٰ کے ڈر سے اس وقت راست بیان کرتا ہوں۔ خوف خدا نے میرے دل کو گھیر لیا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ جیل ایک صاحب یورپین تھا اس کے دل پر حسن علی کی زبان کے الفاظ نے جو راستی اور صداقت پر مبنی تھے پورا اثر کیا۔ وہ بیان اس کا اپنی قلم سے لکھ کر مسٹر اگینو صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر کے پاس بھیج دیا۔

صاحب بہادر نے راجہ جہان دار خان صاحب سی آئی اے اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بہادر کو تصدیق بیان کے واسطے بھیجا اور بعد از تصدیق بیان صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر نے چیف کورٹ کو لکھا تو حیدر کو بری کر دیا گیا اور وہ اپنے گھر جا کر مع اپنی والدہ خود دربار شریف میں حاضر ہوا اور چند بیگہ اراضی کاشت دربار شریف لنگر کے واسطے نذر کی۔

## عہدہ پر بحالی:

سجاول شاہ صاحب ساکن موضع دھنگ دے سیّداں تحصیل گوجر خان جن کو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے روحانی تعلق ہے فرماتے ہیں کہ میں مسمی دلیل خاں صوبیدار توپ خانہ جو شاہ صاحب کا محبّ ہے چند روز رخصت لے کر گھر کو آیا۔ جو شخص اس کی جگہ قائم مقام مقرر ہوا تھا۔ اس نے شرارت سے چند الزامات غبن مال سرکاری دلیل خان مذکور پر اس کی عدم موجودگی میں قائم کر دیئے اور کمان افسر کو ہر حیلہ سے صوبیدار کے خلاف کر لیا۔ دلیل خاں صوبے دار بعد ایام رخصت جب حاضر ہوا تو کمان افسر نے جس کو اس کی بددیانتی کا کامل یقین کرایا گیا تھا اس نے صوبے دار مذکور کو بے عزتی سے حدود چھاؤنی سے باہر نکال

Marfat.com

دیا اور حکم دیا کہ صرف برخاستگی کی سزا جو تم کو دی گئی ہے یہ تمہارے پر مہربانی ہے اس وقت بے چارہ صوبے دار بحالت یاس واندوہ واپس آ گیا اور اپنی داستان دردانگیز شاہ صاحب کی طرف بذریعہ عریضہ ارسال کی۔

شاہ صاحب نے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے اس بے گناہ کی سفارش کی۔ شاہ صاحب کی عرض سن کر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر وہ صوبے داران الزام سے بری ہے جو اس کے مخالف نے ناحق اس پر قائم کیے ہیں تو اللہ عزوجل اس کو اس کے عہدے پر بحال کر دے گا جس سے شاہ صاحب کو تسلی ہو گئی۔ چند روز بعد اس کا خط بنام شاہ صاحب آیا کہ کمان افسر صاحب نے بذریعہ چٹھی سہ ماہ بعد مجھ کو گھر سے طلب فرما کر اپنے سابقہ عہدہ پر بحال کر دیا ہے۔

بزبان توحق سخن مے گفت

آنچہ گفتی ہماں شدی ہر باز

## مردانِ خدا ہر لباس میں ظاہر ہو کر مدد کرتے ہیں:

ایک مرتبہ سیّد عبداللہ شاہ صاحب ساکن موضع گڈوری تحصیل جہلم کو حج کیلئے کافی زیادہ زادِراہ دے کر ارشاد فرمایا کہ اگر حج کے موقع پر مزید کچھ اور ضرورت پیش آئی تو وہ بھی کفایت ہو گی۔ شاہ صاحب بیت اللہ پہنچ کر بیمار ہو گئے اور اسی سبب سے اخراجات میں کافی زیادتی ہو گئی اور رقم برائے نام رہ گئی۔ اسی خیال میں حیران و پریشان ہو کر امداد طلب کی تو دیکھا کہ ایک آدمی کابلی وضع کا روبرو آیا اور آتے ہی چند پونڈ شاہ صاحب کے ہاتھ میں دے کر ان کی پشت کی جانب چلا گیا۔

شاہ صاحب نے پونڈوں کو دیکھا اور اس مرد کی طرف مڑ کر دیکھنا چاہا تو کسی آدمی کو موجود نہ پایا۔ حیران ہوئے کہ صرف ایک دم میں وہ میدان سے غائب ہو گیا ہے۔ اسی وقت انہیں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان یاد آ گیا کہ یہ لوگ یعنی مردان خدا ہر لباس میں ظاہر ہو کر امداد کیا کرتے ہیں۔

Marfat.com

## وجد طاری ہو گیا:

حاجی الحرمین مولوی امام الدین صاحب سیالکوٹی مہاجر بیت اللہ جن دنوں میں بمقام جہلم مقیم تھے ان دنوں وہ جامع مسجد محلہ کشمیریاں کو تعمیر کروا رہے تھے۔ اس دوران ان کو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے دیدار کا شوق پیدا ہوا۔ حافظ صاحب باکمال عابد، متقی اور باوقار خدا رسیدہ بزرگ تھے۔ نہایت خوش بیان اور پر تاثیر واعظ تھے۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں صاحب ارشاد خلیفہ تھے۔ پنجاب و ہند میں آپ کے صدہا مرید تھے۔ خوش لباس اور امیرانہ طرز کے پیر تھے۔

ایک روز ملک محمد ٹھیکیدار کے ہمراہ جہلم سے چل کر دربار شریف پہنچے۔ اس وقت دوپہر کا وقت تھا اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ حجرہ کے مشرقی جانب دربار شریف کے صحن میں زمین پر صرف ایک بوریا پر استراحت فرما رہے تھے۔ ہماری آہٹ سے اٹھ کر بیٹھ گئے اور ہم دونوں نے قدم بوسی کی سعادت حاصل کی اور حافظ صاحب نے نہایت تعظیم سے میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو سلام پیش کیا۔

ملک محمد ٹھیکیدار نے حافظ صاحب کا مفصل حال عرض کیا اور اس وقت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بغرض مصافحہ ہاتھ آگے بڑھایا اور بس اتنا ہی تھا کہ حافظ صاحب چیخ مار کر زار و زار رونے لگے اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا چہرہ مبارک دیکھتے ہی ان پر وجد طاری ہو گیا۔ تھوڑی دیر خاموش بیٹھ کر پا برہنہ کہیں غائب ہو گئے۔ ملک محمد ٹھیکیدار اس دوران ان کے کھانے کا انتظام کر رہا تھا۔ کھانے کے انتظام کے بعد جب ان کو تلاش کیا گیا تو وہاں کہیں بھی نہ ملے۔

ملک محمد ٹھیکیدار کو تنہا ہی بعد از انتظار بوقت عصر کھانا کھانا پڑا۔ جب حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو معلوم ہوا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ان کی تلاش کا حکم فرمایا۔ آخر کار بعد از مغرب دربار کے اندر مزار حضرت پیرا غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ پر آستانہ بوسی کرتے ہوئے مل گئے۔ دیکھا تو چہرہ مبارک فق اور آنسو جاری تھے۔ باصرار کھانا حاضر کیا اور معمول سے کم

Marfat.com

غذا کھا کر ہی الگ ہو گئے۔

حافظ صاحب سے بہت اصرار کے بعد اس تغیر حال کا دریافت کیا تو حافظ صاحب نے کچھ کہنے سے انکار کر دیا۔ بہر حال اس کے بعد وہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں نہایت انکساری کے ساتھ مریدانہ انداز میں حاضری دیتے رہے۔ حافظ صاحب چونکہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ سے تعلق رکھتے تھے اور کثیر تعداد میں ان کے مرید بھی تھے اور بہت مرتبہ حج بیت اللہ شریف سے مشرف ہوئے۔

ایک مرتبہ ہجرت کر کے مدینہ منورہ چلے گئے اور ۲۲ سال تک مدینہ منورہ اور مکہ شریف میں مہاجر بن کے رہے اور تمام تعلقات دنیاوی اور امیرانہ ٹھاٹھ چھوڑ کر محبوب ازل کے آستانہ پر جان قربان کر دی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا مقبرہ حرم بیت اللہ شریف میں زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ اکثر حجاج کے ہاتھ حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں کافی نقدی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بجھوایا کرتے تھے۔

## بیٹا عطا ہوا:

راجہ محمد خان' حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے جاں نثار فدائی' محب و مرید صادق ہیں ان کی شادی کے موقعہ پر حضرت قبلہ میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بھی وہاں تشریف فرما تھے شادی کو چند سال گزر گئے تو کوئی فرزند پیدا نہ ہوا۔ اس وقت راجہ صاحب نے بباعث شرم وحیاء خود تو زبان سے کچھ نہ کہا بلکہ آپ رحمۃ اللہ علیہ سے ایک مرید خاص کے ذریعہ طلب دُعا کا خواستگار ہوا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ انشاء اللہ العزیز جلد لڑکا پیدا ہوگا لیکن ہمارے نام پر اس کا نام رکھنا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ عزوجل نے انہیں فرزند عطا کیا۔

## بعد وصال کرامت:

سیّد سجاول شاہ صاحب جو ساکن موضع دھنگ دی سیّداں کے فرزند نے بندوق سے شکار کھیلتے ہوئے غلطی سے ایک آدمی کو ہلاک کیا۔ علاوہ اس کے بلا لائسنس خلاف

Marfat.com

ورزی قانون اسلحہ کا جرم کیا۔ ان کا ایک بھائی جمعدار رسالہ رخصت پر آیا ہوا تھا۔ اس کی بندوق کو ناجائز استعمال کرنا ان جرائم کے ارتکاب سے گرفتار ہو کر چالان ہوا۔

سجاول صاحب کا حضرت قبلہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ مرحوم سے تعلق مریدی ہے اور شاہ صاحب ایک باتاثیر عابد اہل وجد و شوق ہیں۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے آپ کا روحانی تعلق و رابطہ ہے اور کمال ارادت ہے اور حضرت قبلہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی بھی شاہ صاحب پر خاص توجہ و نظر تھی۔

فرزند عزیز کے درد سے بے قرار ہو گئے۔ وکلاء پیروان نے بھی مایوسی ظاہر کی۔ صاحبزادی کی والدہ صاحبہ کو نہایت اندوہ تھا۔ بحالت اضطراب شاہ صاحب کو کہا کہ آپ ہر روز دربار شریف کھڑی پر دوڑتے ہو۔ اب میرے فرزند کو خلاصی دلواؤ۔ وہ حضرت کس دن ہمارے کام آئیں گے۔ آج کے روز سے زیادہ کیا مصیبت ہوگی۔ اسی بات کو بحالت خواب بی بی صاحبہ کو حضرت قبلہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت ہوئی ارشاد فرماتے ہیں کہ بی بی جیو تسلی رکھیں تمہارا فرزند بند دے خلاص ہو کر تمہارے پاس ضرور آوے گا۔ لیکن تم شاہ صاحب کو اس طرح طعنہ زنی نہ کرو۔

چنانچہ بی بی صاحبہ نے بیدار ہو کر اسی وقت اپنا خواب شاہ صاحب کو سنایا اور حضرت صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جو حلیہ اور وضع دیکھا تھا بیان کیا۔ جب شاہ صاحب نے خواب سنا تو فرمایا کہ بی بی جیو وہی میرا مرشد ہے اور ہماری امداد پر آمادہ ہے۔ خدا کے فضل سے تمہارا فرزند بخیریت تمہارے پاس آتا ہے۔ تاریخ پیشی مقدمہ عدالت میں حاضر ہوتے ہی جج صاحب نے صاحبزادہ کو بریت کا حکم دیا اور حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے بعد از انتقال اپنے راسخ الاعتقاد محب کی امداد فرمائی۔

Marfat.com

# حلیہ مبارک

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا فہم وادراک بہت تیز تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ باریک سے باریک اشارہ کو بھی جلد سمجھ جاتے تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا قد موزوں و بلند تھا۔ رنگ گندم گوں' سر مبارک کلاں' خوشنما تھا۔ پیشانی کشادہ تھی اور آنکھیں خوبصورت سرخی مائل ہوتھیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے بازو قوی اور سینہ کشادہ تھا۔ جسم طاقتور اور نہایت موزوں تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ پیادہ سفر میں بھی تیز رفتار تھے۔ الغرض جو کوئی آپ رحمۃ اللہ علیہ کو ایک مرتبہ دیکھتا وہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا شیدا ہو جاتا تھا۔

پھونک ڈالا ہے میری آتش نوائی نے مجھے
اور میری زندگانی کا یہی ساماں بھی ہے

Marfat.com

# سلسلہ رشد و ہدایت

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ ۱۲۹۸ھ میں بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک کے سجادہ نشین مقرر ہوئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مسند سجادگی پر بیٹھنے کے بعد رشد و ہدایت کا لازوال سلسلہ شروع کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کو وعظ و تلقین کے لئے شعروں کا بھی جا بجا استعمال کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی بدولت بے شمار لوگ راہِ راست پر آئے اور بے شمار لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے وصال تک مسلسل چھبیس سال تک اس منصب پر فائز رہے اور لوگوں کو عشق حقیقی کے اسرار و رموز سے آگاہ فرماتے رہے۔

سوداگری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے
او بے خبر جزا کی تمنا بھی چھوڑ دے

Marfat.com

# دنیا مسافر خانہ ہے

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کریم النفس، حلیم الطبع، روشن دماغ، زیرک بلند خیال، بلند ہمت، طاقتور، دلیر، فصیح اللسان، عالم و فاضل، عابد و زاہد، اہل و درد و شوق سخن فہم وفا شعار، خوش نویس، شاہسوار پہلوان اور تنومند تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نہایت سادگی پسند تھے اور اپنی ذات کے واسطے کسی آرائش کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ عابد، زاہد اور اہل ریاضت تھے۔ لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خصوصیات اور امتیازی اوصاف قابل ذکر ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ دل میں درد اور شوق غالب رکھتے تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اندر عشق الٰہی کی آگ شعلہ زن تھی۔

ایک دفعہ فضل الٰہی صاحب نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو سردیوں میں سرد پانی سے وضو کرتے ہوئے دیکھ کر اپنی مرضی سے ایک حمام بڑا جس میں غسل کے واسطے بھی گرم پانی کافی ہو سکے امرتسر سے منگوا کر دربار شریف لاکر حاضر کیا۔ جب آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے دیکھا تو نہایت ناراضگی کا اظہار کیا اور ارشاد فرمایا کہ تمہارا یہ خیال ہے کہ مجھ کو ایسے سامان تکلف اور زیبائش کے میسر نہیں آسکتے۔ میں محتاج نہیں ہوں لیکن فقیر ہوں اور فقیر کے واسطے یہ دنیا مسافر خانہ ہے اور یہ سامان جس کو تم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہو فقیر کی نظر میں اس کی کوئی قیمت نہیں ہے۔

پھر فرمایا کہ فقیری تو بہت دور کی منزل ہے لیکن اس عاجز کی نظر میں خاک اور زر برابر ہیں۔ اس کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ نے وہ حمام واپس کر دیا۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے سینہ مبارک میں غیر معمولی تپش تھی۔ قریب

Marfat.com

جانے والے کو حرارت محسوس ہوتی تھی۔ وہ صرف گوشہ نشین عابد زاہد نہ تھے بلکہ سراپا درد اور شوق الٰہی کی تصویر تھے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی ریاضت شاقہ انتہائی بشری طاقت پر پہنچی ہوئی تھی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ذات مبارک تمام کمالات انسانی کا جامع تھی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ قادر الکلام کثیر التصانیف ولی اللہ تھے۔ فارسی، اردو اور ہندی میں بے تکلف سرعت سے اشعار لکھتے تھے۔ جب آپ رحمۃ اللہ علیہ کاغذ قلم لے کر بیٹھتے تھے تو قلم خود بخود رواں چلتا تھا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ مسلسل لکھتے چلے جاتے تھے۔ احباب کو اکثر خطوط کا جواب فارسی نظم، رباعی دوہڑے میں دیتے تھے۔

## ظاہری زیب وزینت سے نفرت:

ایک مرتبہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فضل الٰہی صاحب کی طرف یہ پیغام بھیجا کہ سواری کی زین کے واسطے گدی کا پارچہ مارکین درکار ہے وہ بھیجیں۔ اس نے خوشی سے محبت کے جوش میں آکر بجائے مارکین کے عمدہ قسم کا کپڑا ارسال کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو چونکہ ظاہری زیب و زینت سے نفرت تھی اس لئے وہ کپڑا فوراً واپس بھجوا دیا اور ذیل کا ناراضگی نامہ بھی بھیجا۔

کم نرا ہر وجہ اکانا
نہیں کئے پر عمل کمانا
مارکین میرے درکار
کہن مرینہ متھے مار

# حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بحیثیت مصنف

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بے شمار کتب تصنیف کیں جن میں سے بیشتر اب نہیں ملتیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف ''مرزا صاحباں'' کے آخر میں اپنی کچھ تصانیف کی فہرست پیش کی ہے جو ذیل ہے۔

قصے بوہت کہے دوہڑے بیت شجرے پمن پیر دے سااشعار ہے جیو
انگریزیاں نتاں دی کھیڈ وانگر گھوڑا طبع تے پیر اسوار رہے جیو
میرے شعر دے سارنوں سو جانے بھریا قصے سیپ موتی اسرار ہے جیو
سارا فقر دی رمز دے نال بھریا قصے سیپ موتی اسرار ہے جیو
میری عاجزی ناقصی دیکھ کے تے لطف پیر والا ہو یا یار ہے جیو
ایس خشک زمین نوں بھاگ لایوں کلر شور ہو یا گلزار ہے جیو
عقل دو تیاندی جھڑے چاک ہوندی جدوں پھر دیدنی چمکار ہے جیو
دیکھ سیف ملوکے دے وچ قصے رنگ رنگ دا شعر اظہار ہے جیو
سوہنے بوہت سوہنے دکھوں من موہنے کیتا شعر جو پہاڑے دار ہے جیو
تحفہ رسول ﷺ تے تحفہ میرا منصور شاہ دا ذکر اذکار ہے جیو
صنعان دا ذکر بیان کیتا جیوں راویاں تھیں اخبار ہے جیو
مہندی عشق نیرنگ نوں نظم دے وچ تیار ہے جیو
ہن صاحباں واسطے جو کیتی کھول دے نال سوار ہے جیو
باراں گنج ونڈے یاراں رنج ناہیں اجے طبع نوں جوش بخار ہے جیو

Marfat.com

## سفر العشق سیف الملوک:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ۷۸ سالہ زندگی میں بے شمار کتابیں تحریر کیں اور ان گنت دوہے واشعار کہے مگر آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تمام ادبی شہرت سفر العشق سیف الملوک کی رہین منت ہے۔ ساری دنیا آج آپ رحمۃ اللہ علیہ کو صرف اسی کتاب کے مصنف کی حیثیت سے جانتی ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کتاب ۱۲۷۹ھ بمطابق ۱۸۶۲ء کو تصنیف کی اور اس وقت ان کی عمر تینتیس برس تھی۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس تصنیف کو سفر العشق کے نام سے موسوم کیا ہے۔

بات مجازی رمز حقانی ون وناں دِی کاٹھی
سفر العشق کتاب بنائی سیف چھپی وِچ لاٹھی

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا یہ سفرِ عشق حقیقت میں ان حال کی واردات ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس میں ان کی ذاتی بڑائی کے ساتھ ساتھ انسانیت کی عظمتیں بھی ڈھیروں بیان کی گئی ہیں اور یہ بھی حقیقت کہ میاں صاحب کو جہاں تصوف کے راگ نے اس قصے میں بڑا فائدہ پہنچایا وہاں ان کے ظاہر علم نے بھی اس فن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں بڑی مدد کی۔ ایسی ہی حقیقت کی جانب مذکورہ بالا شعر میں اشارہ کیا گیا ہے۔ سفر العشق کی فنی ترتیب اور تصنیف کو وہ اپنی فکری آزمائش قرار دے چکے تھے۔ اسی لیے وہ ذیل کے شعروں میں اس کا کھل کر اظہار کرتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔

شاعروں آزمائش آہی ایس قصے وِچ بھائی
ہر رنگوں خوش سخن مناوے تاں اس دِی دانائی
واہ واہ باغ ارم دا نیسا دیوس رب بہاراں
ٹھنڈی تتی ای نہ لگوس رونق رہے ہزاراں
ناز نیاز تے سفر عاشق دا ایس قصے وِچ آیا
سفر العشق محمدؐ بخشا نام دلیلوں پایا

Marfat.com

## سی حرفی:

یہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی ایک مختصر نظم ہے جس کے کل صفحات آٹھ ہیں اور اس نظم یعنی سی حرفی جو کہ پنجابی شاعری کی ایک صنف ہے کے تیس بند ہیں اور ہر بند چار چار مصرعوں پر مشتمل ہے اور ہر ایک بند حروف تہجی سے بالترتیب شروع ہوتا ہے اس میں میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ہجر و فراق کا مضمون بیان کیا ہے۔

الف آ میراں تک حال میں
اس مشکل سخت محال میں
بن تیری اوٹ پناہ ناں
میں عاجز او گنہار دی!

ب بہت ظہیر خوار ہاں
سب خلقت تھیں بریار ہاں
میری جرم حسابوں باہر ہے
ہیں کنتر لاکھ ہزار دی

ت تک جناب کریم میں
درڑ سہٹی آن یتیم میں
رکھ ستھ سرے نے والیا
میں بردی ہاں سرکار دی

ث ثابت نال یقین میں
ستھ پائیا حبل متین میں
چھڈ پلانس نہ خاوندا
توڑ آس نہ آسا دار دی

ج جال ہوس دی پھتیاں

Marfat.com

میرے تن من پیاں رسیاں
گڈ مچھی جالوں تڑفدی
پھر دسیں خبر بحار دی!
ح حد ہوئی تاں بولیا
اس مرض گناہوں رولیا
توں نہ طبیبا حاذقا!
کرکاری میں بیمار دی
خ خاوند منوں وساریا
میں جتیا پاسا ہاریا
ہن رنگ گیا بدرنگ ہو
جاں مدد ہوئی نہ سار دی!
د در درمنگاں بھکھیا
میری بہا اینویں سی لکھیا
تو شہنشاہ کریم ہیں
دیہہ روٹی صبر قرار دی!
ذ ذوقوں دل بے ذوق ہے
گل غفلت سندا علوق ہی
میری ہتھیں پیریں بیڑیاں
لاچی شوق پیار دی
ر راہ زن نفس شیطان دے
جو دشمن میری جان دے
نت لٹن رخت اکلیاں

Marfat.com

کون کوک سی لاچار دی
ز زور تیری دی مان تے
ہتھ پایا نفس شیطان تے
کر مدد شاہ بہاورا
تیری تیغ عدوں مار دی
س سنگ سہیلی ساتھ ناں
اس نڈی ڈونگھیری ہاتھ ناں
میں بائیں ترن نہ جاندی
کون آنے کشتی پاردی
ش شام نپی دن ڈریا
میرا گدو چکر کھو بیا
سب ساتھی شہریں جاوڑے
مینوں آئی رات اجاڑ دی
ص صبر تحمل پچھیا
جاں سر تے بدل گجیا
میری تمن لگی کتبے
اوس بجلی دی حمکار دی
ض ضارب آؤ گج کے
تیری پچھے پیاں بھجکے
سن دئیں نہ قیدی دشمناں
تینوں قسم سچے ستار دی
ط طرف تیری دی اوٹ ہے

Marfat.com

تیرا نام اساڈا کوٹ ہی
ہر تر تفنگوں گولیوں
مینوں راکھی اوس حصار دی
ظ ظلم کیتا میں آپ تے
دن راتیں پھریویں پاپ تے
اک گھڑی نہ کیتی بندگی
اوس خالق سر جہار دی
ع عرضی ہویاں آن کے
تیرا سخی دوارہ جان کے
پاخیر مسافر منگتے!
کر پوری آس پکھار دی!
غ غم الم کمال ہے
اس غمِ تھیں بدر ہلال ہے
کدی لاچمکارا مہر دا
کمڑ ظلمت لیل اند ہار دی
ف فسق فجور گناہ میں
سب کیتی عمر تباہ میں
ہن گذری ہتھ نہ آوندی
تدر ورد آئیں مار دی
ق قول قدیم بھلائیا
چھڈ یار خصم گل لائیا
میں ستیاں اندر گندگی

Marfat.com

تج سج سچے دلدار دی
ک کرم کریں تا جیو ساں
تیری ہتھیں مہرا پیوساں
میرا شافی اوہ تریاق ہے
بس کہڑ سی شیطان مار دی
ل لیں خبر بیمار دی
نت تینوں کھلی دنگار دی
ویہہ شربت شوق وصال دا
نہیں حاجت عرق انار دی
م منگن ہار جناب تھیں
لکھ باہر انت حساب تھیں
سب پان مراداں منگیاں
میں آس اجے دربار دی
ن نشر ہویاں وچہ کشوراں
ہر شہراں بحراں لشکراں
شاہ عرب عجم عراق دی
آ چمن خاک مزار دی
و واہ واہ مرشد پاک توں
جند کھولی تیری خاک توں
ویہہ اک گھٹ ہوٹھا اپنا
جو ستی کھوڑے خمار دی
ہ ہول قیامت روز دا

Marfat.com

اوس مشکل سینے سوز دا
جاں نیکی بدی تو لینسی!
اوہ اوکھی گھڑی شمار دی
لا لائیں ڈہل نہ آنوندا
میرے عیب نہ دھرچت خاوندا
توں شاہنشاہ کریم ہین
رکھ عزت میں کوڑ مار دی
الف ایتھے اوتھے اج کل
وچہ وطن سفر وچہ اگ جل
میں چاہاں شفاعت مرحمت
تد دلیاں دی سردار دی
ی یار تیرے ہر کم دا!
کر آخر چپ محمدا
مت کرے ملامت غوغیوں
اوہ خاطر نازک یار دی

## سسی پنوں:

یہ سرزمین سندھ کی لازوال داستان ہے جسے بے شمار شعراء نے نظم میں بیان کیا ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنے متقدمین شعراء کو دیکھتے ہوئے اس لازوال داستان کو قلم بند کیا۔ انہوں نے اسے سی حرفی کے انداز میں لکھا ہے اور یہ صرف چھ صفحات پر مشتمل ہے اور اس کے کل تیس بند ہیں۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس داستان کو علامتی انداز میں لکھا ہے اور مسلسل داستان کے طور پر تحریر نہیں کیا انہوں نے اس میں جا بجا قرآن مجید اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے بھی پیش کئے ہیں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

کی یہ سی حرفی ''پنج گنج'' میں شامل ہے۔

## مرزا صاحباں:

مرزا صاحباں پنجابی کی ایک مشہور رومانی داستان ہے جسے پنجابی زبان کے بہت سے شاعروں نے لکھا ہے اور سب سے زیادہ شہرت حافظ برخودار نے حاصل کی ہے اگرچہ ان سے پہلے اس داستان کو پیلو شاعر نے لکھا تھا اور وہ مشہور بھی ہے مگر حافظ برخوردار کو زیادہ مقبولیت ملی ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنے ان دونوں پیشروؤں کی شہرت و مقبولیت کو دیکھتے ہوئے ۱۲۸۸ھ کو یہ داستان نظم کی۔

## شیریں فرہاد:

یہ کتاب شیریں فرہاد کی رومانی داستان پر مبنی ہے جو کہ اس کے نام سے ہی ظاہر ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس تصنیف میں فارسی کے مشہور شعراء نظامی گنجوی رحمۃ اللہ علیہ اور امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کی مثنویوں سے بھرپور استفادہ کیا ہے لیکن کہیں بعض مقامات پر آپ رحمۃ اللہ علیہ صرف نظر کر گئے ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کتاب ۱۲۷۴ھ کو تصنیف کی۔

## سوہنی مہینوال

سوہنی مہینوال کا قصہ شاہ جہاں کے دور میں پیش آیا مگر اس قصے کا مصدقہ تاریخی حوالے سے کوئی ثبوت نہیں ملتا سوہنی مہینوال پنجاب کی ایک مشہور رومانی لازوال داستان ہے اور اس داستان کو پنجابی زبان کے بہت سے شاعروں نے اپنے اپنے انداز میں منظوم بیان کیا ہے سو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس رومانی داستان کو لکھا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہی بتایا ہے کہ یہ داستان مغل فرمانروا شاہ جہاں کے عہد میں رونما ہوئی۔

## ہیر رانجھا:

یہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی آخری تصنیف ہے جو ۱۳۱۵ھ ہجری میں لکھی گئی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی یہ تصنیف مشہور قصے ہیر رانجھا کی بنیاد پر ہے۔

Marfat.com

## بارہ ماہ:

یہ پنجابی شاعری کی ایک مقبول اور سدا بہار صنف ہے اور اس میں شاعر بارہ ماہ (بارہ ماسہ) یعنی بارہ مہینوں کے حوالے اور موسموں کی رعایت سے اپنے جذبات بیان کرتا ہے یہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی دوسری مختصر تصنیف بتائی جاتی ہے۔

## تحفہ میراں:

یہ کتاب درحقیقت حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی حضور سیّدنا غوث اعظم حضرت سیّد عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے اظہار عقیدت ہے۔ جس میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے اپنی عقیدت وارادت کے ساتھ ساتھ حضور سیّدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب وفضائل بیان کئے ہیں انہوں نے یہ مناقب وفضائل جن مستند ومعتبر کتابوں سے لیے ہیں ان کے نام بھی درج کئے ہیں۔ میاں صاحب نے یہ کتاب ۱۲۷۴ھ میں لکھی۔

## قصہ شیخ صنعان:

اس کتاب کا موضوع بھی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات برکات ہے۔ اس میں انہوں نے شیخ صنعان کی غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے روگردانی کے بعد انہیں پیش آنے والے حالات بیان کئے ہیں۔ میاں صاحب نے یہ کتاب مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور کتاب ''نفحات الانس'' اور عزیز اللہ حقانی کے قصہ شیخ صنعان سے اثر لیتے ہوئے تحریر کی تھی۔ اس کتاب کا سن تصنیف ۱۲۷۴ھ ہے۔

## قصہ شاہ منصور رحمۃ اللہ علیہ:

اس میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت حسین بن منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت اور حالات وواقعات بیان کئے ہیں جو انہیں نعرہ مستانہ انا الحق لگانے کے بعد پیش آئے۔ حضرت حسین بن منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قصہ پنجابی شاعری کی مشہور صنف سی حرفی میں لکھا گیا ہے۔ جس میں حروف تہجی کے اعتبار سے شعر کہے جاتے ہیں۔ حضرت میاں محمد

Marfat.com

بخش رحمۃ اللہ علیہ نے یہ قصہ ۱۲۷۵ھ میں تحریر کیا اس کے آخر میں انہوں نے اپنی کچھ اور تصانیف کا ذکر بھی کیا ہے۔

## تحفہ رسولیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اس کتاب میں سیرت پاک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ساتھ معجزات کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ اصل میں یہ کتاب ملا معین کاشفی کی مشہور کتاب ''معارج النبوۃ'' کا پنجابی منظوم ترجمہ ہے جس میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے ایک سو بارہ معجزات نبوی بیان کئے ہیں۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کتاب سیف الملوک کے بعد تحریر کی ہے اور اس کا سن تصنیف ۱۲۸۱ھ ہے۔

## گلزار تحفہ:

اس کتاب کا ذکر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور تصنیف ''مرزا صاحباں'' اور ''قصہ سخی خواص خاں'' کے آخر میں کیا ہے مگر اس کتاب کا کوئی مطبوعہ یا مخطوطہ ابھی تک کسی کو بھی دستیاب نہیں ہو سکا۔

## سخی خواص خاں:

اس کتاب میں سخی خواص خاں کی بہادری و شجاعت، انصاف پسندی اور اس کی زندگی کے حالات و واقعات پیش کئے گئے ہیں جو کہ شیر شاہ سوری کی ایک کنیز کا بیٹا تھا اور ترقی کرتے ہوئے فوج کا جرنیل بن گیا تھا۔ یہ کتاب بھی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے پنجابی شاعری کی مشہور صنف سی حرفی کی صورت میں تحریر کی ہے اور ۱۲۸۲ھ کی یادگار ہے۔

## ہدایت المسلمین:

پہلے اس کتاب کا نام ''ردوہابیت'' رکھا گیا تھا کیونکہ یہ کتاب عبدالوہاب نجدی کے افکار و عقائد سے متعلق ہے اور بعد میں ''ہدایت المسلمین'' کر دیا گیا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۲۹۷ھ میں یہ کتاب لکھ کر محمد بن عبدالوہاب نجدی کے افکار کا ابطال کیا ہے

Marfat.com

اوران کے افکار وعقائد کی خوب قلعی کھولی ہے۔

## پنج گنج:

پنج گنج میں عام طور پر پانچ سی حرفیاں ہوتی ہیں۔مگر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی اس پنج گنج میں سات سی حرفیاں شامل ہیں۔جن کے موضوعات میں ہجر وفراق' فنا و بے ثباتی' مرشد سے عقیدت اور وحدت الوجود کے علاوہ پند ونصائح بھی شامل ہیں یعنی اس کا موضوع تصوف ہے اور یہ کتاب حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۳۰۵ھ میں تصنیف کی تھی۔

## تذکرہ مقیمی:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی یہ واحد اور آخری تصنیف ہے جو کہ فارسی نظم ونثر میں تحریر کی گئی ہے اس میں انہوں نے حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ طریقت کے بزرگوں اور صوفیوں کے حالات وکرامات کا تذکرہ کیا ہے۔حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کتاب ۱۳۲۴ھ میں لکھی تھی۔

## نیرنگ عشق:

اصل میں یہ کتاب مولانا غنیمت کنجاہی کی مشہور فارسی مثنوی ہے جو کہ انہوں نے اورنگ زیب کے عہد میں لکھی۔مولانا نے اس دور کے دوستوں عزیز اور شاہد کی محبت کی داستان بیان کی ہے اور اپنی شاعرانہ خوبیوں سے اسے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے امر کر کے رکھ دیا ہے اس مشہور مثنوی کا آغاز اس مشہور شعر سے ہوتا ہے۔

بنام شاہد نازک خیالاں عزیز کاطر آشفتہ حالاں

Marfat.com

# حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا نظریہ عشق

ایمان اور عشق دونوں الگ الگ چیزیں ہیں۔ دونوں کی منزل اور فکر الگ الگ ہے۔ ایمان کا کام انسان کو راہِ راست پر ڈالنا ہے جبکہ عشق کا کام معبودِ حقیقی تک پہنچانا ہے۔ بقول سخی شاہ نواز رحمۃ اللہ علیہ!

سلامت رہے بازی عشق سجن دی، سر قربانی دھریئے
وچہ بازار صفائی والے، جلن تصدق کریئے

عشق ایک ایسا موضوع ہے جس پر شاید ہی کوئی شاعر یا مصنف پوری طرح حاوی ہو کر اس کی وضاحت کر سکا ہو۔ البتہ ہر ایک نے اپنی بساط کے مطابق اس موضوع پر خامہ فرسائی ضرور کی ہے اور اب بھی کر رہا ہے۔ انسان ایک ایسی مخلوق ہے جس کو دنیا سے شدید محبت ہے اور یہی محبت اسے خسارے کی جانب لے جاتی ہے۔

عشق مجازی سے عشق حقیقی کی جانب پیش قدمی کا سہرا عمومی طور پر اولیائے اللہ رحمۃ اللہ علیہم کا وطیرہ رہا ہے اور پھر عشق حقیقی کے اندر ڈوب کر انہوں نے اس کے مفہوم کو جس طرح واضح کرنے کی سعی کی ہے وہ قابل تعریف اور راہنمائے نو واردان ثابت ہوئی ہے اور عشق حقیقی کو سمجھنے اور پانے کی جدوجہد میں مددگار اور معاون ثابت ہوئی ہے۔ چونکہ عشق حقیقی اللہ عزوجل کا نور ہے اور وہ عالم ظاہر و باطن میں واضح نظر آتا ہے۔

عشق ایک ایسی شے ہے جو ایک مرتبہ انسان کو لگ جائے تو پھر اس کی جان نہیں چھوڑتا اور اگر اس عشق کی منزل محبوبِ حقیقی ہو تو پھر جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ بقول حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ!

Marfat.com

در رہِ عشق ازاں سوئے فنا صد خطرست
تانگوئی کہ چو عمرم پسیر آمد رستم

عشق حقیقی ایک ایسی شے ہے جس کی تجلیات اور جلوہ نمائیاں اور رعنائیاں عاشق بن کر ظہور ہوتی ہیں اور معشوق بن کر اپنی طرف کھینچتی ہیں اور پھر راز و نیاز، سوز و ساز سے روشناس کرا کر انسان کو صرف اپنے رنگ میں رنگ کر دنیا و مافیہا سے اس کا منہ موڑ کر مالک حقیقی کی جانب لے جاتی ہیں اور انسان پھر سے وصال و دیدار الٰہی کا طلب گار بن کر ولایت کے اونچے مراتب پر پہنچتا ہے۔ بقول حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ!

شاد باش اے عشق خوش سودائے ما
اے طبیب جملہ علت ہائے ما
اے دوائے نخوت و ناموس ما
اے تو افلاطون و جالینوس ما

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بھی عشق حقیقی کے رسیا تھے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جو عشق حقیقی کے نشے سے سرفراز ہو وہ دنیاوی اشیاء کی جانب آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا اور یہی وہ بات ہے جو کسی شاعر کے دل اور خیال میں سوز کا نیا طوفان اٹھا کر قاری کے دل و دماغ پر چھا جاتا ہے اور قاری کو عشق حقیقت کے بحر ذخار میں محفوظ طریقہ سے آگاہی اور اس کو پار کرنے کے طریقوں سے روشناس کرواتا ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے عشق کے خارزار میں خوب دشت نوردی کی تھی اور بہت سی ناکامیوں سے ہمکنار ہونے کے بعد ہی وہ کامیابی کے زینے پر اپنے قدم جمانے میں کامیاب ہوئے تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو آغاز شباب میں ہی محرومی عشق کا زہر پینا پڑا تھا اور یہ عشق ہی تھا جس نے ان کی زندگی کا رخ یکسر موڑ دیا تھا اور ایک نئی دنیا سے روشناس کروایا تھا اور ایک نہایت خوبرو، خوش لباس، خوش باش اور وجیہہ نوجوان ہونے کے باوصف فقیری لباس پہننے پر مجبور ہو گئے تھے اور ان کے اندر انسان میں دکھ درد جھیلنے کی قوت پیدا ہو گئی تھی، اور ان کے جذبہ احساس میں اثر

Marfat.com

پذیری اور قبولیت کی کیفیت پیدا ہوگئی تھی جس کی وجہ سے ان کے فکر و نظر میں بلندی، وسعت اور نکھار پیدا ہوگیا تھا۔

عشق کی راہ وہ کٹھن راہ ہے کہ جس میں فنا کے بعد بھی بے شمار خطرات ہیں اور اس کا یہ مطلب نہیں کہ جان گئی تو خطرت ختم ہوگئے بلکہ سب کچھ سلامتی پر ہی منحصر ہے۔ عشق ومحبت یا غم محبت ہی وہ ایسی شے ہے جس سے کسی شخص کے اندر انقلاب بپا ہوتا ہے۔ اس کے کلام میں وہ تاثیر اور گھلاوٹ پیدا ہوتی ہے اور یہی وہ شے ہے جو کسی شاعر کو دوسروں سے ممتاز کرتی ہے اور نئی دنیا سے روشناس کرواتی ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بھی اس درد آشنائی سے خالی نہ تھے اور ہمہ وقت عشق کی کٹھنائیوں کو برداشت کرتے رہتے تھے جس کی وجہ سے ان کا کلام باتاثیر اور شیرینی میں اپنی مثال آپ بن گیا تھا اور عشق کی کٹھنائیوں کے بارے میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اُچی جائی نہوں لگایا بنی مصیبت بھاری
یاراں باجھ محمدؒ بخشا! کون کرے غم خواری
غم بوہتے، غم خوار نہ کوئی گن گن دساں کینوں
جس دے پچھے جرم گوریا مکھ نہ دسیوس مینوں
جو کج باب میرے دکھ کردے ہے کیہہ خبر کسے نوں
سوئیو جانے قدر محمد! تن من لگدی جینوں

پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ عشق کے اسی دکھ اور درد کے بارے میں یوں فرماتے ہیں:

ثمرے، کوئل کو کو کردے کیسی کوک سناندے
کیتھے سکھ محمد بخشا بھرے جہاں دکھاں دے

عشق الٰہی کا اپنا ہی ایک درد اور ایک مزہ ہوتا ہے جو بیان سے باہر ہوتا ہے اور جب یہ درد دل کے اندر پوری طرح رچ بس جائے تو اس سے دل سدا بے قراری کی حالت میں آ جاتا ہے اور محبت کے فراق کی آگ سے ہمیشہ روشن رہتا ہے۔ یہ تپش اس قدر زیادہ

Marfat.com

ہوتی ہے کہ اس کا احساس اس وقت تک دوسروں کو نہیں ہوتا جب تک عاشق الٰہی اپنے اس دکھ کا خود اظہار نہ کرے۔ چونکہ عشق حقیقی شرف انسانی کا باعث ہوتا ہے اس لئے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس بارے میں اس طرح ارشاد فرماتے ہیں:

جہناں عشق خرید نہ کیتا اینو میں آن بگیتے
عشقے باجھ محمدؐ بخشا! کیا آدم کیا کتے
جے لکھ زہد عبادت کریئے بن عاشقوں کس کاری
جاں جاں عشق نہ ساڑے تینوں تاں تاں نبھے یاری
جہیاں درد عشق دا نہیں کو پھل پان دیداروں
جے رب روگ عشق دا لاوے لوڑ میں کچھ داروں

عشق حقیقی وہ عشق ہے جس کی تڑپ میں ایک خاص سوز' ایک خاص کیفیت ہوتی ہے۔ اس کیفیت کی خوشبو میں ایک نرالی مستی اور درافتگی ہے۔ یہی خوشبو ہر سو پھیل کر اپنی موجودگی کا پتہ دیتی ہے۔ یہ خوشبو ایسی ہے کہ اسے مشک کی مانند لاکھوں پردوں میں بھی چھپایا جائے پھر بھی نہیں چھپتی۔ عشق اپنی بے پناہ وسعتوں سے جس طرح انسانی دل کو اپنے گھیرے میں لیتا ہے اس سے عاشق کا دل طوفانوں کی زد میں رہتا ہے۔ لیکن اگر کوئی دل عاشق اس سے خالی ہے تو پھر وہ عاشق نہیں ہو سکتا محض ایک تماشا بن جاتا ہے۔ عشق جب کسی کو اپنے بحر بیکراں میں غرق کرتا ہے تو پھر اس سے اس کو چھٹکارا پانا ناممکن نظر آتا ہے۔

اس بارے میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ یوں فرماتے ہیں:

اپر چلی مونہوں جلی اندر نہیں تجلی
جب لگ عشقوں جان نہ جلی بھٹھ جلی کیا جلی
آخر نیک نہ چھٹن ہوگا جو پھاتا اس پھاہی
دھاڑو عشق محمدؐ بخشا لئے پاندھی راہی

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جس انسان کو عشق نہیں ہے وہ انسان

Marfat.com

نہیں ہے حیوان ہے بلکہ حیوان سے بھی بدتر ہے۔ کیونکہ حیوان بھی اپنے مالک سے محبت کرتا ہے۔ اس کی ہر بات مانتا ہے۔ خواہ وہ کتنا ہی بھوکا ہو کبھی اپنی زبان پر اف تک کا لفظ نہیں لاتا۔ جبکہ انسان وہی ہے جس کو اپنے مالک حقیقی سے عشق ہو اور اس عشق کے اندر وہ اپنی جان تک کی پرواہ نہ کرے۔ اسی لئے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جس دل اندر عشق نہ رچیا کتے اس تھیں چنگے
خاوند دے در راکھی کردے صابر بھکھے ننگے
خاص انسان اوہناں نوں کہیے جہاں عشق کمایا
دھڑ سر نال نہ آدم ہوندا جاں جاں سر نہ پایا

عشق کی حقیقت کو پانا اس قدر آسان نہیں ہے۔ جس نے عشق کی حقیقت کو پالیا گویا اسے ساری کائنات مل گئی۔ جس طرح عاشق مجازی کی آنکھیں ہمہ وقت خوں رنگ ہوتی ہیں اور دل ویران ہوتا ہے اسی طرح عاشق حقیقی کی آنکھیں سرخ اور روشن ہوتی ہیں ان کا دل تشکر کے جذبات سے لبریز ہوتا ہے۔

عشق کی منازل طے کرنا آسان کام نہیں ہے اس کیلئے بے پناہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تب ہی جا کر عاشق منزل مقصود پر پہنچ کر اس کا اجر پاتا ہے۔ عشق میں اگر صبرو تحمل، قوت برداشت نہ ہو تو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوتا اور زندگی بے معنی ہو جاتی ہے۔ عشق الٰہی کی تپش جب دل کے اندر اپنی تپش سے سوز زیادہ کرتی ہے تو عاشق کا دل پگھل کر موم کی مانند ہو جاتا ہے اور اس کی طبع موم کی مانند حلیم اور متواضع بن جاتی ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ عشق کی منازل کے بارے میں فرماتے ہیں:

پل صراط عشق دا پینڈا سو جانے جو ٹردا
آسن بہشت دلیری دیندا نرگ و چھوڑ کھردا
لکھ جہاز ایسے وچ ڈبے کیہڑا پار اتردا
ایس ندی دیاں موجاں تک کے دل ویراں ڈردا

Marfat.com

عاشق بنن سکھ بالا ناہیں ویکھاں مینہوں پتنگ دے

خوشیاں نال جلن وچ آتش موتوں ذرا نہ سنگ دے

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ عشق کے بارے میں ایک خاص نظریہ کے حامل تھے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ عشق حقیقی اور عشق مجازی میں چنداں فرق نہیں سمجھتے تھے بلکہ عشق حقیقی اور مجازی کو ایک ہی تصویر کے دو رخ گردانتے تھے۔ان کے نزدیک جب تک عشق مجازی نہ ہوگا عشق حقیقی کی راہ نہیں کھل سکتی۔

نہ ہووے دل کوئی بے عشق بازی

حقیقی تے مجازی وچ نہیں فرق

بھانویں ہووے حقیقی یا مجازی

گلابوں ہو گلاب اس پھل دا عرق

عشق حقیقی کے متعلق خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ہمہ اوست دے بھید نیارے

جانن وحدت کے ونجارے

ہر ہر شے دے وِچ کرن نظارے

اصل تجلی طوری نوں

Marfat.com

# واقعہ معراج بزبان حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

حضور نبی کریم ﷺ اللہ عزوجل کے محبوب ہیں۔ اللہ عزوجل نے آپ ﷺ کو معراج کی سعادت عطا فرمائی اور آپ ﷺ آسمانوں کی سیر کو تشریف لے گئے۔ اللہ عزوجل نے آپ ﷺ کو اپنا دیدار و قرب نصیب فرمایا۔ آپ ﷺ کو جنت و دوزخ' لوح و قلم، عرش معلیٰ و کرسی الغرض ہر جگہ کی سیر کروائی گئی۔ آپ ﷺ کی ملاقات دیگر انبیاء کرام علیہم السلام سے ہوئی۔ حضور نبی کریم ﷺ کی اس سعادت کو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ ذیل کے اشعار میں بیان فرماتے ہیں۔

آئی رات مبارک والی بھاگ اساڈے جاگے
سجناں تے خوش مشکاں ڈھلیاں دشمن سر سہاگے
اسماناں پر تارے روشن شمع چراغ یگانے
سکدیاں یاراں نوں آپو ہتے بکاندے پروانے۔
وحی وکیل لیا پاسدانا ــــ گھوڑا جوڑا
آ ملئے ہک جوڑ محمدؐ تینوں قرب نہ تھوڑا
ہر دم سک تساڈی سانوں آئی رات ملن دی
سد گھیلوں وڈیائی دے کے عزت ودھی بجندی
لوح قلم اسماناں زمیاں دوزخ جنت تائیں
کرسی عرش معلےٰ ویکھیں سیر کریں سبھ جائیں
عزت قرب تساڈا ویکھن حوراں ملک پیارے
نالے روح نبیاں سندے ہوون سلامی سارے

Marfat.com

دوزخ جنت وِچ اسماناں جو خلق اللہ وَسدی
پاک جمال تُساڈے کارن ہر دی جان ترسدی
ویکھ جمال حبیبؐ میرے دا صدقے صدقے جاوَن
شرف سعادت پاوَن سارے شُکر بجا لیاوَن
ہویا سوار بُراقے اُتے اوہ سلطان عرب دا
چائی واگ محبت والی ٹُریا راہ طلب دا
لئے لئے نذراں ملدے اگوں روح تمام نبیاں
خدمت اندر حاضر ہوئے بدّے لکھ ولیّاں
سے سنگار کیتے سبھ حُوراں منگل گاوَن کھلیاں
اَج جنجاں دا لاڑا آیا مَل مَل رکھو گلیاں!
اَسرار دا سرگشت سرے تے افسر سی لولاکی
طٰہٰ تے یٰسین پھلاں دا سہرا شرم تے پاکی
سوہنی جھنڈ معنبر سِر تے چمکے نور دِ خانوں
سرمہ سی مازاغ اکھیں وِچ گل تعویز قرآنوں
نعت درود صلوٰۃ سلاموں چھٹیاں کھلن قطاراں
صلے اللہ علیہ وسلّم کرن نقیب پکاراں
چھوڑا اسماناں زمیاں تائیں سرور گیا اگیرے
جتھے وحی نہیں وَنج سکدا ہٹ بیٹھا کر ڈیرے
سرور نے فرمایا اس نوں جے توں ساتھی میرا
چل اگیرے نال اساڈے کیوں بیٹھوں کر ڈیرا
کیتی عرض فرشتے حضرت کوں اسیں بیچارے
جے ہک گٹھ اگیرے ہوواں سڑ جاندے پر سارے

Marfat.com

نہیں مجال اساڈی اگے چمکن نور تجلّے
ایسا قُرب تُسانوں لائق جاہو ہک ہکلّے
جتھے قدم تُساڈا اوتھے ہور نہیں کوئی پجدا
اہل کمال جلال محمدؐ توں ہی توں ہی سُہجدا
سہہ کیتے تھیں گئے اگیرے چاء چاء پردے نوری
قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْاَدنٰی تاہیں پایا شان حضُوری
کیہ کُجھ نعت تُساڈی آکھاں خلقت دے سروارا
لکھ صلوٰۃ سلام تیرے تے لکھ درود ہزارا
تُدھ پڑھوں درود اللہ دے آل اولاد تیری تے
پیرواں اصحاباں اُتّے بھی بنیاد تیری تے
پیر مرید صدیق اکبرؓ سن پہلے یار پیارے
حق جہاں دے ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ ھُمَافِیْ الْغَارِ
یار دوجا فاروق عُمر سی عدل کیتا وس چھڑکے
ایہہ شیطان رجیم رولایا۔ نچے اندر پھڑکے
شب بیدار غنی سی تریجا جامع جو قرآنی
عثمانؓ ذوالنورین پیارا مہتر یوسفؑ ثانی
چوتھا یار پیارا بھائی خاصہ دل دا جانی
دُلدُل دا اسوار علیؓ ہے حیدر شیر حقانی
لَحْمُکَ لَحْمِیْ دَمُکَ دَمِیْ شان جہاندے آیا
سخی بہادر جگ وِچ نادر جس دا عالی پایا
ذوالفقار جہاں نوں اُتری خلعت فقر حضوری
جمل جہاں ہوئی روشنائی شاہ مراداں دے نُوروں

Marfat.com

جمدیاں سُن جس دے اگے بُتّاں سیس نوائے
خیبر کوٹ کفار گرائیوس ڈنکے دین وَجائے
ستّر دو بہتّر واریں راہ اللہ دے وِکیا
دوئے امام دتّے راہ مولیٰ پھیر صبر کر ٹِکیا
ربّا اُنہاں اِماماں پچھّے جو گُل لائی نبیؐ دے
پاک شہید پیارے تیرے آفسر آل نبیؐ دے
ہکناں عشق تیرے دے پلیتے بھر بھر زہر پیالے
خنجر جھاگ محبت وَالی ہکناں بدن حلالے
ہوندی قوّت زور نہ لایا بیٹھے مَن رضائیں
پانی باجھ پیاسے چلّے دین وُنی دے سائیں
عشق تیرے وِچ گھائل ہوئے مائل حُسن ازل دے
سر دِتّے پرسی نہ کیتی شادی کر کر چل دے
پیر سنے وِچ نیر عشق دے بیڑا میرا اتاریں
میں عاجز مسکین بندے نوں نال ایمانے ماریں
توڑے ردّ سوال کریں توڑے عرض قبولے
مَیں بھی دُو نہیں جہانی پھڑیا دامن آل رسولے
یا نبیؐ اللہ جے کُجھ دِتّا قدر تینوں ربّ والی
ذرّے جتنا کھڑا ناہیں ہتھوں ہوندا عالی
او گنہار طفیل تُساڈے اسیں بہشتیں جایئے
رحمت اتے لقاء مہردا پاک جنابوں پایئے
ہور کسے کُجھ نیکی ہوسی توشہ خرچ قبردا
مینوں ہکّو نام تُساڈا گہناں روز حشر دا

Marfat.com

تینوں قوّت بخشی مولیٰ سبھ خلقت بخشاویں
ہوندے زور سوال نہ موڑیں نبیؐ کریم کہاویں
دوست دشمن چنگا مندا جے کوئی ہوئے سوالی
کد کریماں دے دَر اُتّوں مُڑ آوے ہتھ خالی
رَکھی جھول تُساڈے اگّے پاوٗ خیر یتیماں
اوگن ہار کوچجیں بھریا بخشیں نبی کریماںؐ
کیتی بے فرمانی تیری بُھلاّ پھریوس راہوں
نام اللہ دے بخش بے ادبی ناں کر پکڑ گناہوں
سُخن نہیں کوئی ہوندا مَیں تھیں تیری شان قدردا
طٰہٰ تے یٰسین الٰہی صفت تُساڈی کردا
بہت عزّت لولاکی تینوں کی میں صفت سناواں
آل اصحاب سمیت سلاماں ہور درود پُچاواں
آل اولاد تیری دا منگتا میں کنگال زیانی
پاوٗ خیر محمدؐ تائیں صدقہ شاہ جیلانی

# حضور سیّدنا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ سے عقیدت

گنج بخش فیض عالم مظہر نورِ خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را راہنما

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کو برصغیر پاک و ہند کے نامور بزرگ حضرت سیّد علی بن عثمان الہجویری الجلابی المعروف حضور سیّدنا داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ سے بے پناہ محبت و عقیدت تھی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ جب لاہور تشریف لاتے تھے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کا قیام بیرون بھاٹی گیٹ باغ شیخاں میں ہوتا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ جتنے دن بھی لاہور میں رہتے روزانہ بعد نمازِ عشاء پا پیادہ برہنہ پاؤں حضور سیّدنا داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک پر حاضر ہوتے اور سلام پیش کرتے۔ بعدازاں مراقبہ کرتے اور روحانی فیوض و برکات سے مالا مال ہوتے۔ واپسی کے وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ مزارِ پاک سے اس طرح لوٹتے کہ پشت کو مزارِ پاک کی جانب نہ ہونے دیتے تھے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اپنے مریدین کو حضور سیّدنا داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک پر حاضر ہونے کی خاص تلقین فرماتے تھے اور اگر آپ رحمۃ اللہ علیہ کے مریدین میں سے کوئی لاہور جارہا ہوتا تو اس کے ذریعے بھی حضور سیّدنا داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے حضور سلام پیش کیا کرتے تھے۔

Marfat.com

# مرشد کامل کی عظمت

ایک مرتبہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے مرشد کامل کی عظمت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مرشد کامل کی یہ عظمت ہوتی ہے کہ مرید کو دین اور دنیا میں خوشحال اور اس سے بے نیاز کر دیا ہے۔ اسے غم روزی سے آزادی دلاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ اگر بندہ روحانی بیماریوں کا شکار ہو تو ان عوارض سے بھی انہیں بچاتا ہے۔ مرشد کامل ایسا ہوتا ہے کہ وہ اپنے مرید کی دنیا اور دین دونوں پر توجہ دیتا ہے سب سے پہلے وہ اللہ عزوجل کے طالب کو اس دنیا کے جھمیلوں، مزاحمتوں اور آلائشوں سے بچاتا ہے۔ مرشد کامل گو ظاہری اور جسمانی طور پر اپنے مرید اور طالب حق سے دور اور غیر مرئی ہوتا ہے لیکن اپنے مرشدانہ ہدایت کے باوصف کبھی مرید سے نہ تو دور ہوتا ہے اور نہ مرید کی نظروں سے اوجھل ہوتا ہے۔ وہ طالب حق کو جلد ہی معرفت سے ہمکنار کروا دیتا ہے۔ مرشد اپنے مرید کو محبتوں، مشقتوں، مراقبوں، چلوں اور مجاہدوں میں نہیں ڈالتا بلکہ اپنی نظر کرم سے تمام مراحل طے کرا دیتا ہے اور طالب کو مغفرت الٰہی میں پہنچا دیتا ہے۔

مرید کے لئے مرشد کا تصور بحوالہ رشد و ہدایت، خدا شناس اور حق نماز ہی ہوتا ہے اس لئے مرید صادق رات دن تصور شیخ میں ہی رہتا ہے چونکہ مرشد کامل صاحب عین حیاتی ہوتا ہے اس لئے وہ فنا فی اللہ ہو کر بقاء باللہ کا اہل ہو جاتا ہے اور مرید کے روم روم میں اپنا بسیرا کرتا ہے اور یہی اس کی شان نرالی ہے۔

Marfat.com

# حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اور نظریہ تصوف

تصوف حقائق کا حصول اور خلائق کے مال و متاع سے یاس ہے۔ تصوف ایک ایسا اسم ہے جس سے فقر و زہد کے معانی حاصل ہوتے ہیں۔ حضرت خواجہ ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ظاہری افعال کو گناہوں سے اور باطنی حالت میں فضول کام سے اپنے کو آلودہ نہ کرنا اور اللہ عزوجل کے احکام کے مطابق مستقل رہنا ہی تصوف ہے۔

اخلاص سے اللہ عزوجل کی عبادت کرنا' خلق کی خدمت کرنا' اخلاقِ حسنہ کے ساتھ دنیا میں باعزت زندگی بسر کرنا' بندگانِ خدا کی ظاہری باطنی ترقی کی طرف رہنمائی کرنا' تمام اخلاقِ ذمیمہ اور حب دنیا وغیرہ سے پاک رہنے کا نام تصوف ہے۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ باشریعت' باعمل ہونے کے ساتھ ساتھ اہل طریقت میں سے بھی تھے اور وہ جانتے تھے کہ ان سے پہلے عام صوفیاء' شعراء اپنے اپنے کلام میں اور اپنی اپنی کتب میں تصوف کے اسرار و رموز بیان کر چکے ہیں۔ سوانہوں نے بھی اس صدیوں پرانی صوفیائی روایت کو اپناتے ہوئے تصوف کو اپنا نکتہ سخن اور کلام عارفانہ بنایا۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف ''سیف الملوک'' میں عشق مجازی سے عشق حقیقی تک کے سفر کو اس کی باریک رمزوں کے ساتھ شاعرانہ انداز میں اس طرح پیش کیا ہے کہ عشق حقیقی کے طالب کیلئے اس تک رسائی پانا آسان ہو جاتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنی شاہکار تصنیف ''سفر العشق'' میں فرماتے ہیں:

بات مجازی رمز دقانی ون وناں دی کاٹھی
سفر العشق کتاب بنائی سیف چھپی وچ لاٹھی

Marfat.com

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف ''سیف الملوک'' میں تصوف کے انتہائی دقیق اور پوشیدہ اسرار و رموز کو بڑے سادہ انداز میں بیان کیا ہے تا کہ وہ عام طالب عشق حقیقی کی سمجھ میں خوب تر طریقے سے آجائیں۔ وہ اپنا سفر عشق طے کرتا ہوا منزل مراد قرب الٰہی سے ہمکنار ہو سکے۔ اس لئے آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اس میدان میں نہ چلے گھوڑا شینہ حیرت دا گجے
خاص پہلے لا احصی کہہ کے درڑوں ای سن رجے
اس مجلس دا حرم ہو کے پھیر نہ مڑدا کوئی
جو ایہے مست پیالہ پیندا ہوش کھڑا ندا سوئی
جیکر تینوں طلب محمدا اس رستے ٹر اڑیا
مڑآون دی رکھ نہ پکھی ایتھوں کوئی نہ مڑیا
نال ریاضت کریں صفائی سان فکر دی گھس توں
مت خوشبو عشق دی کر سی طالب عہد الستوں
پیر طلب دی کھڑ سن اوتھے اڈیں جب دے بالوں
اگوں پکڑ لیتیں لنگھا سی پڑدے پاڑ خیالوں

تصوف درحقیقت اس عمل روحانی شغل کا نام ہے جس کے ذریعے عاشق الٰہی اپنے نفس یا خودی کو فنا کر کے اللہ عزوجل سے وصال کر کے بقا حاصل کرتے ہیں۔ انسانی زندگی کا جو مقصد اللہ عزوجل نے متعین فرمایا ہے اس کے مطابق انسان نفس، حواس اور عقل و فرد کے دائرے سے اوپر اٹھ کر ایک ایسی خاص روحانی کیفیت میں پہنچ جائے جیسی اسے دنیا میں نظر آ رہی ہے کثرت کے پردے میں نہاں ایک وناتی، محیط کل وحدت کا علم ہو جائے اور اس کی روح وقت اور مقام کی بندشوں سے اوپر اٹھ کر لطافت میں داخل ہو کر قرب الٰہی و دیدار الٰہی سے تخلیقی مراحل سے پہلے کے عرصہ کی طرح یکجائی پا جائے۔ لیکن تصوف کا یہ مشکل ترین اور دشوار راستہ مرشد کامل کے بغیر ہرگز طے نہیں ہو سکتا۔

Marfat.com

مرشد کامل ہی وہ ہستی ہوتی ہے جو طالب اور سچے سالک کو صراط مستقیم یعنی سلوک کی منازل سے روشناس کروا کر اس کی کھٹنائیوں سے با آسان طریقے سے گزارنے کا طریقہ بتلاتا ہے اور تربیت روحانی کے ذریعے اسے اس کی حقیقی منزل سے ہمکنار کرواتا ہے۔ تصوف ایک ایسا دریا ہے جس میں سفر کیلئے مرشد کامل کی شکل میں ایک ملاح کی ضرورت ہوتی ہے۔ مرشد بحر حیات کی لہروں میں پھنسی بے بس روح کو پار لگانے والا ملاح ہے۔ وہ ہجر کے درد میں مبتلا مریض کا علاج کرنیوالا ماہر طبیب ہے۔

مرشد کا اصلی کام باطنی کلمہ کا بھید دینا اور روح کو اس کے شغل کا طریقہ کار بتانا ہے کیونکہ اس کے بغیر پار اترنے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ اس بارے میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس طرح فرماتے ہیں:

ایہہ دریا موہانے باجھوں لنگھن مول نہ ہوندا
اڑھ مردا یا ڈبدا جیہڑا آپ ہکلا پوندا
جینہاں ملاح منایا تاہیں بیڑھی چڑھے نہ اس دی
راہوں پرت پئے وچ باراں مفت نکرمی مس دی
رستہ چھوڑ نبی دا ٹریاں کوئی نہ منزل لگ دا
جے لکھ محنت دیویں کریئے کلر کول نہ اگ دا

چونکہ باطنی سفر میں بہت سی مشکلات پیش آتی ہیں اس لئے ان مشکلات کو حل کرنے کی کنجی مرشد کامل کے پاس ہوتی ہے۔ چونکہ علم روحی کا تعلق انسان کے اندر دلی روحانی مشاہدہ سے ہے اور یہ مشاہدہ ولیوں اور پیغمبروں کی دولت ہے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب سیف الملوک میں تصوف کے کئی ضروری رموز، اصطلاحات، مقامات کو الگ الگ بیان کیا ہے اور سالک و مرشد کے بارے میں اپنے خیالات بیان کرنے کے ساتھ ساتھ تصوف کی مختلف اور مشہور منزلوں کا ذکر کیا ہے جس میں قابل ذکر استغناء، توحید، حیرت اور فقر ہیں۔ مثلاً آپ رحمۃ اللہ علیہ استغناء کا یوں ذکر

Marfat.com

فرماتے ہیں:

بے پرواہی منزل ناہیں جس وچ سود سوداگر
بے نیازی دی جھکہ اگے دو جگ ککھ برابر
ست دریا اوتھے ہک قطرہ ست دوزخ چنگاری
اٹھ بہشت ہوئے گم سارے تاں ہک پھول بہاری

توحید کے بارے میں آپ رحمۃ اللہ علیہ اس طرح گویا ہوتے ہیں کہ

اگوں منزل آوے بھائی وچ وادی توحیدے
عابد کے معبود ملیندے دوئی نہ پیر مریدے
سرکڈھن ہک کلمے وچوں لکھ سراں دے رل کے
اس کلمے تھیں باہر نہ جاوے، خشخش دانہ چل کے
ازل ابد دا جامہ ہکو عالیہ ککماں وچکاروں
پردا روپ محمد بخشا ہے ہکے سرکاروں
توڑے بہتے روپ دسیوں توڑے تھوڑے تھوڑے
اصل اندر سبھ ہک ہوون گے ندیوں نیر وچھوڑے
ازلوں گھن ابد تک بھائی گم ہویا جد سارا
کون دریا فر باہر رہسی ہکو ہک اکارا

منزل حیرت کے بارے میں آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

دم دم تیغ غماں دی مارے حیرت آگ نہ بجھے
آہیں درد اتے لکھ سوزوں رات دہاڑ نہ دسجھے
جاں اوہ مرد حیرانی والا جا بہتا اس جائے
ہوندا گم تحیر اندر اپنا آپ نہ پائے
جے کر اس تھیں پچھے کوئی ہیں توں یا نہیں ہیں

Marfat.com

اندر ہیں یا باہر بیٹھا اتھے یا کہیں ہیں
فانی ہیں باقی میاں یا نہیں توں دوئی
دس سانوں کچھ پتہ نشانی حال تیرے کیہ ہوئی

اس طرح فقر کے بارے میں لکھتے ہیں کہ

وادی فقر فنا دے اندر اگلی منزل آئی
فقر فناء اندر چپ بہتر گل نہ جاندی بائی
فراموشی دی منزل ہوئے گونگے ڈورے جھلے
جاں اک سورج روشن چڑھیا سبھ تارے چھپ چلے
کانگ چڑھے دریا فقر دے جنبش اندر آوے
پھر نفس بریتی بیلا بوٹی ریت چھپاوے
دو جہان محمد بخشا موج اس اک دریاؤں
جے کوئی ایہہ گل کنے ناہیں کہ لف پتوں سوداؤں

اسی طرح حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

خاطر جمع ہوئی جس ویلے خودی دنجیں بیخودیوں
پاک ہووے تاں باہر آوے ہر نیکی بدیوں
جاں ایہ نیکی بدی نہ رہندی اس دم عاشق ہوندا
ہو فنا عشق دا اول یاری کرن کھلوندا

غرضیکہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا بیان کرنے کا اسلوب اس قدر سادہ اور عام فہم ہے کہ معمول پڑھا لکھا آدمی بھی ان کو بخوبی سمجھ سکتا ہے اور اس بارے میں حقیقت تک رسائی باآسانی پا سکتا ہے۔

Marfat.com

# مسئلہ وحدت الوجود

کائنات کا وجود ظل ہے جو اللہ عزوجل کی عطا اور حفاظت کے سبب سے موجود ہے یعنی ممکنات کا وجود حقیقی و اصلی نہیں عارضی وظلی ہے اب اگر وجودِ ظل کا اعتبار نہ کیا جائے تو صرف وجودِ حقیقی ثابت ہوگا اور وجودِ واحد کہا جائے گا۔ صوفیاء کے دو گروہ شروع سے ہی چلے آ رہے ہیں اور ان میں سے ایک گروہ کا مسلک ''نظریہ وحدت الوجود یعنی ہمہ اوست'' ہے جسے ''وجودیت'' کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے جبکہ دوسرا گروہ نظریہ ''ہمہ از اوست'' کا حامی اور پیرو ہے جسے ''وحدت شہود'' بھی کہا جاتا ہے۔ نظریہ وحدت الوجود کے متعلق ایک صوفی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

ہم کوزہ وہم گل کوزہ وہم کوزہ گر

برستہ آں کوزہ خریدار بر اید

''وہ خود ہی کوزہ ہے اور خود ہی اس کی مٹی اور خود ہی کوزہ بنانے والا
اور اس سے بڑھ کر یہ کہ وہ خود ہی خریدار کی شکل میں آ جاتا ہے۔''

مسئلہ وحدت الوجود کے حامی افراد کا کہنا ہے کہ اس کائنات رنگ و بو میں اس کی بلندی و پستی، خشک و تر، جنگل و صحرا، بیابان و باغ الغرض ہر شے اللہ عزوجل کی وحدت کے دریا میں نہال ہے اور کوئی بھی شے اس کی رحمت اور برکت سے کسی بھی لحاظ سے محروم نہیں ہے۔ دریائے وحدت کی طغیانیاں اور عنایات الٰہی کی موج بہار لگی ہوئی ہے اور اس کے سامنے سب برے بھلے برابر ہو جاتے ہیں اور یہی اللہ عزوجل کی ربوبیت کی اعلیٰ شان مثال ہے۔ الغرض اس کائنات میں ہر شے جیسے سورج، ہوا، پانی اور آگ سب کی سب اس کی رحمت کا واضح اظہار کر رہے ہیں اور دریائے وحدت کی طغیانیوں سے جل تھل رہے ہیں۔

Marfat.com

بقول حضرت شیخ شرف الدین بوعلی قلندر رحمۃ اللہ علیہ!

لکھاں جلوے وحدت اندر بے حدائت نہ کائی
پاک نظر بن نظر نہ آون اے محبوب الٰہی

اور بقول خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ علیہ!

ہر صورت وچ وحدت دا جلوہ
کیا آسمان کیا زمین

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بھی نظریہ وحدت الوجود کے قائل ہیں اور آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

آپ دانا آپے بینا ہر کم کردا آپے
واحد لا شریک الٰہی صفتاں نال سنبھاپے
ازل ابد دا جامہ اکچو ایہہ کلماں وچکارواں
ہر دا روپ محمد بخشا! ہے ہکسے سرکاروں
توڑے بوہتے روپ دسیون توڑے تھوڑے تھوڑے
اصل اندر سب ہک ہوون گے ندیوں نیر وچھوڑے
ازلوں گھن ابد تک بھائی! کم ہویا جد سارا
کون دویا پھر باہر رہیں ہکو ہک اکارا
ہکو ہک محمد بخشا! میں توں کوں بچارا

اسی طرح مزید فرماتے ہیں:

قدرت یقیں جس باغ بنائے جگ سنسار تمامی
رنگ برنگے ہوئے لائے کچھ خاصی کچھ عامی
وحدت دا دریا وذیرا جاں موجاں وچ آوے
ڈھاباں وکھریاں بھن، ٹھناں بکر لہر بناوے

Marfat.com

قطرہ وچ پیا دریائے تا اوہ کون کہاوے
جس نے اپنا آپ گواوے آپ اوہو ہو جاوے

جب سالک منزلِ فنا پر پہنچ کر اس میں گم ہو جاتا ہے تو اس کو کسی بھی دنیاوی شے کی قطعی ضرورت نہیں رہتی اور نہ ہی کسی بھی شے کی کشش اسے اپنی جانب متوجہ کر سکتی ہے۔ وہ صرف اور صرف ذاتِ الٰہی کے نورِ یکتا میں اس طرح غرق ہو جاتا ہے کہ وہاں دوئی ختم ہو جاتی ہے۔ قیل وقال کا وجود کہیں بھی باقی نہیں رہتا اور اسے ہر شے میں ذاتِ واحد کا جلوہ ہی نظر آتا ہے اس لئے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جہاں ایک گھٹ بھر کے پیتا وحدت دے مدھ لالوں
علم کلام نہ یاد رہیوئیں گردے قال مقالوں
دوئے جہان بھلائے دل توں خبر نہ رہی احوالوں
رانجھے وچ سما محمد! چھٹی ہیر جنجالوں

مزید وضاحت اس طرح فرماتے ہیں:

جاں توں گم ہوویں وچ اس دے اپنی چھوڑ نشانی
ایہہ توحید محمدؐ بخشا! دسے کون نشانی

ان کے مقابل نظریہ وحدت الشہود کے مطابق اللہ عزوجل کے سوا کچھ بھی نہیں ہے اور اس نظریہ کے بانی حضرت شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

کامل عشق خدایا بخشیں غیر و توں مکھ موڑاں
ہکو جاتاں ہکو تکاں ہکو آکھاں موڑاں

Marfat.com

# اخلاقیات اور حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

دین اسلام ایک ایسا مذہب ہے جس نے دنیا بھر کے ہر معاملہ میں اخلاق پر بے حد زور دیا ہے اور اخلاقی اقدار کو اس طرح اجاگر کیا ہے کہ انسان کی زندگی کا کوئی پہلو بھی اس کی عملی تفسیر سے تشنہ وطلب نہ رہے۔ گو کہ اخلاقی تعلیمات کا درس عربی زبان سے فارسی میں منتقل ہوا اور فارسی شعراء نے بالعموم حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے بالخصوص اپنی تصانیف گلستان سعدی اور بوستان سعدی کے ذریعہ اس کے واضح مفہوم سے آگاہ کیا اور اخلاقیات کو تمام انسانی اوصاف میں سے سب سے اولین اور مقدم وصف قرار دیا۔ یہی وجہ ہے کہ پنجابی شعراء بھی اپنی اپنی تعلیمات میں اخلاق پر سب سے زیادہ زور دیتے چلے آئے ہیں اور دیتے چلے جائیں گے۔ اسی روش کی پیروی کرتے ہوئے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی شاعری میں بالعموم اور قصہ سیف الملوک میں بالخصوص بہت واضح انداز میں تصریح کی ہے اور ان کے اشعار نے بہت زیادہ مقبولیت پائی ہے جو کہ اخلاقی تعلیم کا مرقع ہیں۔ اخلاقی تعلیم کے حوالے سے حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ناں ملیے تے ملیے نا ہیں جے ملیے تے ہس کے
مٹھا بول اندر وڑ ملیے عاشق دا دل کھس کے
پچھوں جے کجھ کرتا ہووے کر لئے اپنا کر کے
اول نال محبت رہئے اگے اوس دے مر کے
نال تواضع کر اشنائی جیو جدوں دس کر لئے
لاڈ نمول تکبر جھلے جو اس دے سر دھریئے

Marfat.com

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اسی طرح مختصر اور آسان الفاظ میں مقولوں کے ذریعے بندے کو اخلاقیات کا سبق سکھاتے ہیں کہ بندہ کے اندر باآسانی وہ اپنی پر تاثیر کے ساتھ داخل ہو کر اسے سیدھی راہ پر گامزن کر دیں۔ فارسی کا ایک مشہور مقولہ ہے:

''ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد۔''

یعنی جو کسی کی خدمت کرتا ہے دنیا اس کی خدمت کرتی ہے۔

اس مقولہ کو حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نہایت ہی پیارے انداز میں یوں بیان کرتے ہیں:

خدمت اس دی لازم مینوں ہتھیں دیاں پیالے
ٹر آئے دی کرن تواضع ایہہ بھلیا ندے جالے
جے سو چاکر نوکر ہووے خدمت والا اگے
ہتھیں خدمت کرئیے آپوں جاں ساجن ہتھ لگے
اپنی خدمت بے شک کیجئے خدمت گاراں تائیں
خدمت گار رہیئے بن آپوں پاس پیارے سائیں
جائز ہوئے دوئے دے ہتھیں ۔ جے خدمت دلبر دی
بادشاہاں دے بدلے سبھ خلق نمازاں پڑھدی
توڑے سیکڑیاں دے سر تے حاکم صاحب ہوئیے
آپ سجن دی خدمت اندر بدھے لک لکھوئیے

ایک اور مقام پر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس طرح فرماتے ہیں:

دشمن مرے تے خوشی نہ کریئے سجناں وی مر جاناں
ڈیگر تے دن گیا محمد! اوڑک توں ڈب جانا

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کئی جگہ پر سیف الملوک میں اخلاقیات کا درس دیتے نظر آتے ہیں اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کے اس مقولے کی تشریح

Marfat.com

سیف الملوک میں درج ذیل طریقے سے کی ہے۔ حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کا مقولہ:

دوست آں باشد کہ گیرد دست دوست
در پریشاں حالی و در ماندگی

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی تشریح:

اوکھے ویلے کاری آدمی بھلیاں دی اشنائی
اڑیا آکھن دی لج پالن جو انسان وفائی
اس بے فیضی سنگی نالوں بہتر یار اکیلا
دنیائے جو کم نہ آوے اوکھے سوکھے ویلے
سکھاں عیشاں موجاں اندر ہر کوئی یار کہندا
سنگی سو جو تنگی تک کے بنے پنجھال دکھاں دا
کول ہووے تو خیراں انر یار اشنا کہاوے
دو ہم پیاں دکھیارے چیتا منوں وسارے
اوڑک نفع ہووے گا کنوں ایسے سنگ دو رنگوں
سڑ دا پار تکے سڑ جاوے سنگ نسنگ پتنگوں
ایک بیڑی پر موجاں مانے دیکھدیں اک رہڑدا
اس رہڑدے نوں پھڑیویں ناہیں دا جسدی پڑدا
کاہدا سنگ محبت کیسی کیہہ ایہی اشنائی
مویاں گٹیاں تدھ یاد نہ کیتا خوشیں عمر لنگھائی

یہی وجہ ہے کہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی شاعری تصوف، سلوک، توحید فنا و بقاء کے علاوہ اخلاقیات کا اعلیٰ پیمانہ پر درس دیتی نظر آتی ہے اور یہی کسی بھی بزرگ کی اور صوفی شاعر کی عظمت کا اعلیٰ نشان ہوتا ہے۔

Marfat.com

# عمل کا درس

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مثنوی قصہ سیف الملوک کے ذریعے جہاں دیگر تمام باتوں کا ذکر کیا ہے اور درس دیا ہے وہاں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس بات پر بھی زور دیتے ہیں کہ عمل کے بغیر دنیا میں انسان کسی کام کا نہ ہے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے عمل کا جو درس دیا ہے وہ کچھ اس طرح ہے:

جھل جھل ہار نہ ہار میں ہمت ہکدن پھرسی پاسا
بھکھا منگن چڑھے محمدؐ! اوڑک بھردا کاسا
مردا ہمت ہار نہ مولے ہمت کوئی کہے نامردا
ہمت نال لگیں جس لوڑے پائے باجھ نہ مردا
جہاں تک ساس نراس نہ ہوویں ساس ٹٹے مڑ آسا
لوڑ کرن تھیں ہٹ سی ناہیں ہٹ گیسوں کے ہاسا
ہمت مرداں دی ہر جائی کر دی کم ہزاراں
شمع پتنگاں پھلاں بھوراں یار ملائے یاراں
مردا نیندے مرد تیندے کر دے مرد لویراں
سیون مرد پوشاک بناون شاد کرن دیگراں
مرد ملے تاں درد نہ چھوڑے اوگن دے گن کردا
کامل مرد محمدؐ بخشا! لعل بناون پتھر دا
جاں مقصود میسر ہوندا رنجوں راحت تھیندی
یاد نہ رہے قصہ کوئی جدوں فراغت تھیندی

Marfat.com

جے توں طالب راہ عشق دا چھڈ وہماں وسواساں
ہمت دا لک نہیں محمد! رکھ اساں پیا پاساں
ہالی موک کر بندے واسیاں مردے دھیے سڑ دے
سارے رنج بھلے جد رج کے من پائیاں گھر کھڑ دے

الغرض حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ بے عملی کی نفی فرماتے ہوئے انسان کو عمل کے ذریعے نیکی کا درس دیتے ہیں اور قصہ سیف الملوک میں قدم بہ قدم پر وہ عمل کی جانب بندے کو راغب فرماتے ہیں تا کہ انسان جو کہ بحکم ربی عمل کی تفسیر ہے صحیح معنوں میں کائنات میں اپنے آپ کو اجاگر کر کے عمل کا نمونہ اعلیٰ بن جائے۔ تا کہ اس کے اندر حس الٰہی اور اوصاف الٰہی کا مکمل پرتو نظر آئے۔

Marfat.com

# حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ مبارک کی پختہ تعمیر

کل عمارات کھڑی شریف جو کے گنجان درختوں کے اندر اور چار دیواری کلاں جو احاطہ دربار کو گھیرے ہوئے ہے یہ تمام حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے خود تعمیر کروائی۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے آباؤ اجداد سے ہر ایک مسند نشین دربار نے اپنے عہد میں حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر گنبد تعمیر کروانے کی آرزو کی۔ جب کسی صاحب نے انتظام کی طرف توجہ کی تو کوئی ناگہانی وجوہات درپیش آجاتے تھے۔ جس سے اس کام میں رکاوٹ پڑ جاتی تھی اور دربار قلندریہ سے کسی کو ایسی تعمیر کی اجازت نہ مل سکی۔ لیکن اس خدمت کا بار گراں آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ذمہ تھا۔

پیر میرے دی دھوم چوفیرے آون ولی سلامی
جُمن خاک کریندے خدمت دعوے ار کھ غلامی

حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو روحانی نسبت حاصل تھی گویا دو قلب ایک جان تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے بے شمار روحانی فیوض و برکات حاصل کئے تھے اور یہی وجہ تھی کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ انہیں اپنے رہبر و راہنما مانتے تھے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے روحی اتحاد اور یگانگت نے گوارا نہ کیا کہ ایسے عالیشان افسر اولیاء بے مزار گنبد دیکھ سکتے۔ خلوص قلبی اور سوزوں سے حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک کے روبرو باادب ایستادہ ہو کر تعمیر گنبد کے واسطے اجازت طلب کی اور

Marfat.com

عالی جناب غازی قلندر رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے روحانی فرزند کی التجا اور دلی تمنا کو شرف قبولیت بخشا اور روضہ مبارک کی تعمیر کی منظوری ہو گئی۔ چنانچہ چندے مدت میں خاطر خواہ انتظام ہو کر روضہ مبارک اور مسجد شریف کی عالیشان تعمیر اختتام پذیر ہوئی۔

## قطعہ روضہ مبارک:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بعد از تعمیر روضہ مبارک اندر ذیل کا قطعہ مندرج کروایا۔

آن جہان معرفت را بادشاہ
قبلۂ عالم جناب پیر شاہ
مطلع انوار و اسرار ازل
ہادیٔ راہ خدائے لم یزل
قطب عالم غوث وقت اندجہاں
مقتدا و پیشوائے کاملاں
سید السادات شاہ اولیاء
مفخر اسلام و شیخ اتقیاء
شیر مرد و غازی راہ خدا
آں شہید در شہور کبریا
در طریقت راہنمائے سالکاں
درحقیقت پیشوائے عارفاں
متصرف جان او در ہر جہات
بہر استمداد ما بعد از وفات
آں شدت او ہر چہ میگفت رز دہن
بر زبان او خدا گفتہ سخن

Marfat.com

اے خوشا چشمیکہ دیدار تو دید
فرح آں گوشے کہ گفتارت شنید
ہر کہ مرید آستان تو نہاد
نامرادی باشد ارید بد مراد
دیر شد در بند عصیا نم اسیر
دستگیرم شو طفیل دستگیر
منکہ برخاک درت در ماندہ ام
گو ملک باشم سگ ناخواندہ ام

Marfat.com

# وصال حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

## وصال کے متعلق پیشین گوئی:

ملک محمد ٹھیکیدار جو کہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے خاص مریدوں میں شامل ہیں فرماتے ہیں کہ میں ایک روز آپ رحمۃ اللہ علیہ کی قدم بوسی کیلئے حاضر ہوا اور قدم بوسی کے بعد باجازت واپس اپنے گھر جہلم آیا اور کاروبار میں مشغول ہو گیا کہ اچانک آپ رحمۃ اللہ علیہ کے وصال سے سات یوم قبل مجھے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا خط مبارک موصول ہوا اور وہ منظوم تھا اور اس میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وصال کے بارے میں اشعار کے ذریعے پیشین گوئی فرمائی تھی کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ عنقریب رخصت ہونے والے ہیں۔

ملک محمد ٹھیکیدار فرماتے ہیں کہ میں جب دربار شریف سے رخصت ہوا تھا تو اس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ کا مزاج تندرست تھا اور کوئی تازہ علامت بیماری نہ تھی لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے خط مبارک میں اس طرح تحریر فرمایا تھا:

الف آ نوندا دیر لگاناہیں پہر وقت گیاں پچھوں تاؤناں توں
دلدار تیرے جدوں دور گئے' کدوں وقت ضروری اوناں توں
ہویا جیوا داس نہ پاس جانی جانی میر لڑے ناں ستاوناں توں
جاوے رزق مہار محمدا جاں ملکا نال قطار دے جاوناں توں

گو اس خط سے اشارتاً خبر انتقال سے میں سمجھ گیا تھا کہ لیکن اس سے درست تاریخ کا پتہ نہ تھا اس لئے میں اپنے کام میں مشغول ہو گیا اور وہاں نہ جا سکا اور ایک ماہ کا عرصہ گزر گیا۔ اس کے بعد مجھے دوسرا منظوم خط بذریعہ ڈاک ملا جو کہ درج ذیل تھا:

Marfat.com

تیری دوستی دانت چاہیوں سن جان میری ایہو جان میری
قوت لیا نوچہ قوت جانی ایویں زندگی ناں آسان میری
تاڑ تاڑ ٹروندی تاڑ نبض وچہ تار دی خبر پہچان میری
ہوویں ملک نے پلک نہ رہیں غافل اج بہلک سن گھبی تان میری
سجناں یاد نہیں ہون تینوں اوہ گھڑیاں اوہ ویلے
رو رو جدوں پکڑی آہے ہس ہس کڑ دے میلے
سنگ سنگاں تھیس نال پیداں بہندی ہو اکیلے
ملک رے وچہ چھپڑ محمد سانوں چھوڑ البیلے

اس خط کو پاتے ہی یارا صبر نہ رہا اور دل بے قرار ہو گیا اور تیسرے روز سب کام چھوڑ کر چلا آیا اور دربار شریف جا کر قدم بوس ہوا اور عرض کیا کہ ابھی میرا وہاں رہنا ضروری تھا لیکن بموجب ارشاد حضور جلد تر آ گیا ہوں۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ خدا کے ہاتھ میں سب کام ہیں۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی توجہ سے میری عدم موجوگی میں ہی سب کام ایسے خاطر خواہ ہو گئے کہ میری موجودگی میں توقع نہیں تھی۔ وصال کے روز بوقت عصر ایک آدمی صاحبزادہ میاں عطا محمد صاحب کا خط مع سواری میری طرف آیا اور جس میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی علالت سے جو دائمی مفارقت کا پیش خیمہ تھی کل حال لکھا تھا۔ خاکسار اسی وقت غم سے بے تاب ہو کر چلا گیا اور دربار شریف شام کے بعد پہنچا۔ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ اس وقت بالکل خاموش تھے اور چشم پر مژدہ چارپائی پر دراز بے ہوشی کا عالم تھا۔ اسی روز اسی حال میں بعد از نصف شب دو بجے رات روح مبارک نے قفس عنصری سے پرواز کیا۔ اس نامہ مبارک کو غور سے دوبارہ دیکھا تو میرے دل پر غم کی تلوار چل گئی۔ ۲۴ روز قبل از وفات خاکسار بابو حبیب علی خاں انسپکٹر پولیس حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر تھے۔ اس روز حضرت قبلہ میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے خاکسار کو علیحدہ حجرہ مبارک میں جس جگہ بعد از

Marfat.com

وصال آپ رحمۃ اللہ علیہ کو غسل دیا تھا دیر تک کچھ فرماتے رہے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کے ہر لفظ سے دائمی مفارقت کا اشارہ پایا جاتا تھا۔ اس تصور سے خاکسار کے حواس بجا نہ رہے۔ صرف روز اور وقت انتقال کا صاف لفظوں میں ظاہر نہ فرمایا تھا اور سب تقریر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی صاف صاف سفر آخرت کے آثار کو ظاہر کر رہی تھی اور وقت رخصت خاکسار کے سر پر دست شفقت رکھ کر فرمایا کہ فقیر کو یاد رکھنا اور قبر پر بھی اسی طرح آتے رہنا۔ اگر فقیر کو ارحم الراحمین نے راست باز گروہ میں شامل کیا تو تم کو اسی طرح دیکھا کروں گا۔

اس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ کا مزاج درست تھا۔ البتہ نقرس کی وجہ سے جو چند سال سے متواتر تکلیف چلی آرہی تھی سوائے اس کے اور کسی قسم کا تغیر نہ تھا۔ اس وجہ سے خاکسار کو ذرہ برابر گمان نہ تھا کہ ایسی جلدی یہ کوہ غم سر پر ٹوٹنے والا ہے۔ ایسے وقت بابو حبیب علی خان نے بعد از قدم بوسی مبلغ ڈیڑھ صد روپیہ نذرانہ پیش کر کے عرض کیا کہ حضور! میری ترقی عہدہ انسپکٹر پر ہوئی ہے اور میں نے یہ نذر مانی تھی کہ اول ماہ کی تنخواہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے حضور پیش کروں گا اور یہ وہ تنخواہ ہے اسے قبول فرمایا جائے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ روپیہ پاس رکھ اور فقیر کے بعد مناسب طریق پر خرچ کرنا۔ چنانچہ وہ سب روپیہ حبیب علی خان نے بعد از وصال حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ ایک ماہ میں ہر جمعرات کے روز حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے نام پر فاتحہ پڑھا کر مساکین کو طعام وغیرہ میں تقسیم کیا۔

## وصال:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ ایک روز بعد از نماز عصر وظائف میں مشغول تھے۔ سورج غروب ہوا تو مغرب کی نماز کیلئے وضو کیا۔ سردیوں کے دن تھے اور خادم نے آگ جلائی اور وضو کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ آگ کے قریب چلے گئے۔ بدن میں بے پناہ کمزوری عود کر چکی تھی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اچانک ایک طرف کو جھک گئے۔ خادم نے اپنی پشتی سے آپ

Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہ کو سہارا دیا اور دوسرے خادم کو آواز دی اور اس کے بعد دونوں نے مل کر آپ رحمۃ اللہ علیہ کو چارپائی پر لٹا دیا۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ ایک دن اور ایک رات بے ہوش رہے۔ ان پر فالج نے حملہ کیا تھا۔ سات ذوالحجہ ۱۳۲۴ھ کو بمطابق جنوری ۱۹۰۷ء کو آپ رحمۃ اللہ علیہ کا روشن سورج ہمیشہ کیلئے غروب ہو گیا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

## تاریخ وصال:

قبلۂ عارفان حق آگاہ
جانشین جناب پیرا شاہ
غوث وقت ولی و حق ابدال
بیکساں را مدام پُشت و پناہ
پاکبازاں محمد بخش خوانند
منکر انند سر بسر گمراہ
ہر کہ از در گہیش بنا بدسر
روئے ادباد ہمچو موئے سیاہ
یسیر ایں و آں بگو مغفور
سال ترحیل آں شہے ذیجاہ

لفظ ایں وآں کے دونوں الٹ حرف سے تاریخ ۱۳۲۴ھ برآمد ہوتی ہے۔

## تحقیق تاریخ وصال:

بحوالہ چھماہی کھوج شمارہ جولائی دسمبر ۱۹۸۲ء از ڈاکٹر سید اختر جعفری:

''بمطابق موتی بخش کشتہ! آپ رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کا سال ۱۳۲۴ھ بمطابق ۱۹۰۷ء ہے۔''

Marfat.com

عبدالغفور قریشی مصنف پنجابی ادب کی کہانی اور احمد حسین قریشی مصنف پنجابی کے پانچ قدیم شاعر اور تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہندوستان کے مقالہ شریف کنجاہی کے مطابق تاریخ وصال ۱۹۰۴ء ہے۔

میاں سکندر کے مطابق:

''حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی عمر مبارک ۷۸ سال اور تاریخ وصال ۱۹۰۷ء ہے۔''

ماہنامہ وارث شاہ ملتان کے ایڈیٹر شکور صابری بھی اس تاریخ سے متفق ہیں۔ جبکہ ملک محمد ٹھیکیدار جہلم کی بیٹی بیگم افضل حسین کے مطابق میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ وصال ۳۱ جنوری ۱۹۰۷ء ہے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ مبارک پر لکھے ہوئے اشعار کے مطابق آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ وصال ۱۳۲۴ھ ہی نکلتی ہے۔

## مزارِ مبارک پر درج اشعار:

بی سیرایں و آں بگو مغفور
یاسر قول بزرگی رازداں
خواب گاہ شیر یزدانی بخواں

اس حوالے سے ۱۳۲۴ھ بمطابق ۱۹۰۷ء ہی بنتا ہے اور اس لحاظ سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عمر مبارک ۷۸ سال ہی بنتی ہے۔

## اخباری خبر:

بحوالہ سراج الاخبار از مولوی فقیر محمد ایڈیٹر مورخہ ۲۹ جنوری ۱۹۰۷ء:

ایک ولی کی وفات:۔

''نہایت افسوس کے ساتھ لکھا جاتا ہے کہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ صاحب درگاہی خانقاہ پیرا شاہ صاحب واقع علاقہ کھڑی شریف

Marfat.com

ریاست جموں۔ جو کہ بڑے زاہد اور صاحب درد و سوز تھے ۲۱ جنوری کی رات کو ۱۲ بجے کے قریب اس دار فانی سے ملک جاودانی کر رحلت فرما گئے ہیں۔

انا للّٰہ و انا الیہ راجعون

آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ذاتی یادگار سے پنجابی زبان میں ہزاروں اشعار زبان زد خاص و عام ہیں۔ خاص طور پر سیف الملوک کا قصہ پنجاب کے ہر قصبہ اور ہر گاؤں میں بڑی عظمت اور بڑی وقعت سے پڑھا جاتا ہے اور سنا جاتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے تقریباً ۸۰ سال کی عمر تجرد اور زہد کی حالت میں عشق حقیقی کے ذوق و شوق میں بالکل یکسوئی سے بسر کی ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ سلف صالحین اور مشائخ کرام کا نمونہ تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں امیر و غریب کے یکساں برتاؤ دیکھے جاتے تھے۔ بدھ کے روز صبح کے وقت ایک روز پہلے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا جنازہ ہزاروں افراد کی جمعیت میں پڑھا گیا اور مسجد کے پاس حضرت پیرا پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے دروازے کے باہر جنوب کی جانب جہاں پر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے لئے پہلے سے ہی قبر بنوا رکھی تھی جس میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کو دفن کیا گیا۔"

## مزارِ پاک:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے زمانہ حیات میں ہی اپنی قبر کے واسطے موقع پسند فرما کر قبر کھدوا رکھی تھی۔ قبر تیار کروا کر مٹی سے برابر کروا دی گئی تھی۔ چونکہ موسم گرما میں پہاڑی پر قیام فرماتے تھے اس لئے اس جگہ پر بھی ایک قبر کھودی گئی تھی۔ لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ہمیشہ آرزو تھی کہ حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی ہمسائیگی سے بعد از وصال بھی الگ نہ ہوں اور جیسا کہ حیات میں تعلق ہے وہ بعد از وصال بھی اور اللہ عزوجل کرے کہ میدان قیامت

Marfat.com

میں بھی یہی زیرِ سایہ علم قادری حشر ہو۔اس لئے حضرت پیر غازی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی ہمسائیگی میں وہی قبر کام آئی جو کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسی آرزو کی تکمیل کیلئے کھدوار کھی تھی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ اسی میں مدفون ہوئے۔

بعد وصال مریدان نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا عالیشان مزار تعمیر کروایا اور آپ کا مزار زیارت گاہ خاص و عام ہے۔اہل حاجات یہاں آپ رحمۃ اللہ علیہ کے وسیلہ سے مانگتے ہیں اور دلی مرادیں پاتے ہیں اور بقول مولانا نظامی رحمۃ اللہ علیہ:

مرا زندہ پندار چوں خویشتن
من آئم بجان گر تو آئی بہ تن
مداں خالے از ہمنشینی مرا
کہ بینم تیرا گر نہ بینی مرا

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک کے گنبد پر ذیل کی تحریر کندہ ہے جس سے مزارِ پاک کی تعمیر کا پتہ چلتا ہے۔

گنبد ہمشکل ماہ آسمان
مرقد قطب زماں را سائباں
از عطا بائیش بنائے شد بلند
برطواف آں ہجوم زائراں
ہاں گر آئی بردرش امیدوار
فاتحہ را از سرا اخلاص خواں
بعد ازاں معروضی کن حاجات را
مظہر عون خداوندش بداں
سال تعمیر بنائے سر بلند
دار خیال آمد ملک رانا گہاں

Marfat.com

باسر قول بزرگی رازدان
خواب گاہ شیر یزدانی نجواں

## عرس مبارک:

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کا عرس مبارک ہر سال سات ماہ ذوالحج کی تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے زمانہ حیات میں کوہ سخن کے مقام پر جس جگہ وہ جسم اطہر مدفون ہے اور اب عالی شان روضہ دکھائی دیتا ہے۔ پہاڑ کی قبر میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی زندیعنی ایک گوڈری جس کا وزن بیس سیر سے کم نہ ہوگا اسی پر آپ پیوند لگاتے اور پیوند لگاتے لگاتے اس کا وزن زیادہ ہو گیا تھا اور آغاز زمانہ تجرد اور طریق سلوک میں وہی آپ رحمۃ اللہ علیہ کا بستر اور اسباب تھا۔ اسی ملبوس میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے روحانی مدارج طے کئے تھے اور اس واسطے وہ ایک متبرک لباس تھا۔ اس کے علاوہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا ایک دانت مبارک اور ایک عصا ہاتھ کا ہر سہ اشیاء کو اس قبر میں دفن کیا گیا ہے۔

اس مقام سے جس جگہ سال ہا سال آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مجاہدہ و مراقبہ اور ریاضت و عبادت کی ہے اہل یقین کو وہاں سے انوار تجلیات اور کشائش حاصل ہوتی ہیں۔ ہر سال وہاں عرس کے موقع پر محبان آپ جناب جمع ہو کر ایک صاحبزادہ دربار کی نگرانی میں عرس کیا کرتے ہیں۔ ہر سال سات ذوالحج کو خاص دربار شریف کھڑی روضہ مبارکہ زیر اہتمام صاحبزادہ میاں عطا محمد صاحب سجادہ نشین حضرت قبلہ مرحوم کا شاندار عرس مبارک ہوتا ہے اور میاں شریف الدین صاحب خلیفہ دربار کی سعی و کوشش ہوتی ہے اور بخوبی انتظام ہوتا ہے اور حاضرین کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ حفاظ و ناظرہ خوان، صحن دربار میں ایک مکلف فرش پر بیٹھ کر اول قرآن شریف کے ختم کرتے ہیں۔ بعد ختم قرآن شریف نظمیں مدحیہ، قصائید نعتیہ پڑھے جاتے ہیں اور اس وقت حاضرین محبان آپ رحمۃ اللہ علیہ جناب کے دلوں پر عجیب رقت طاری ہوتی ہے اور بعد اس کے کھانا کھلایا جاتا ہے۔

Marfat.com

# فرمودات

- اغنیاء کی صحبت فقیر کے دل کو مردہ کر دیتی ہے۔
- فقیر وہ ہے جس کو فقر سے انس ہو جس طرح غنی کو فقر سے نفرت ہو۔
- فقیر کو حضور مرشد سے زیادہ کوئی چیز مفید نہیں۔
- فقیر وہ ہے جس کا ادراک نہ ہو اور نا دل میں خورسند ہو۔
- نفس انسان گرسنگی اور تنہائی سے راہ راست پر آ جاتا ہے۔
- دل کی زندگی محبت ہے جس دل میں محبت کی آگ نہ ہو وہ دل زندہ نہیں۔
- ایمان محض محبت ہے اور محبت ایمان سے ہوتی ہے اگر تم میں ان میں سے ایک بھی نہیں تو دونوں کالعدم ہیں۔
- جو کسی کے احسان کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ عزوجل کا شکریہ بھی ادا نہیں کرتا۔
- اس فانی دنیا سے دل نہ لگاؤ کیونکہ اس کی کسی بھی شے کو بقا حاصل نہیں۔
- دنیا اور اس کی تمام چمک ودمک جھوٹی، فریب اور دھوکا ہے اور فنا ہو جائے گی جبکہ سچا عشق ہی انسان کی بقاء کا ضامن ہے۔
- جس دل کے اندر عشق نہیں اس کا مقام کتے سے بھی بدتر ہے۔
- دل میں غرور تکبر کی میراث ہے اس سے بچو ورنہ راندہ درگاہ الٰہی ہو جاؤ گے۔
- ہدایت انہیں لوگوں کا محاصل ہے جو ازل سے سعید ہوں۔
- عشق ہی وہ واحد جذبہ صادق ہے جو انسان کو لحظہ بہ لحظہ جدوجہد میں مصروف رکھتا ہے۔

Marfat.com

- انسان کا خاصہ محبت ہے جو محبت نہیں وہ انسان نہیں۔
- تصوف ایک دریا ہے اور مرشد کامل ایک ملاح، جس کے بغیر کشتی میں بیٹھ کر دریائے وحدت کے پار نہیں اترا جا سکتا۔
- جس انسان کو عشق نہیں ہے وہ انسان نہیں ہے، حیوان ہے بلکہ حیوان سے بھی بدتر ہے۔
- خاص انسان وہی ہیں جن کو اپنے مالک سے حقیقی عشق ہو اور وہ اس کے عشق میں اپنی جان تک کی پرواہ نہ کریں۔
- جو لوگ یقین کے ساتھ اپنے سفر پر روانہ ہوتے ہیں وہ اپنے محبوب سے ضرور واصل ہوتے ہیں۔
- جو تلاش کرتا ہے وہی حاصل کرتا ہے یاری ایسی شے نہیں جو مفت میں ہاتھ آ جائے۔
- شریف وہی ہے جس میں چار طبعیں رحمت، علم، وفا اور محبت ہو۔
- عشق کی آگ میں تلے ہوؤں کا رنگ درد کے ہاتھوں ہمیشہ زرد ہوتا ہے۔
- جہاں کہیں میٹھا چشمہ ہو ہر کوئی اسی طرف جاتا ہے پردیسی مسافر کی بھی جہاں خدمت ہو وہ وہیں ڈیرا لگاتا ہے۔
- مغرور و متکبر دولت مند سے وہ مزدور شخص اچھا ہے جو محنت مزدوری کر کے رزق حلال کماتا ہے۔
- اگر بحر وحدت پار کرنا چاہتے ہو تو رحمت الٰہی کے امیدوار بنو۔

Marfat.com

# سلسلہ عالیہ قادریہ کے نامور صوفی شاعر

Marfat.com

جو کچھ ہے ظاہر برملا
جاناں میں کیویں ماسوا
مرشد محقق وچ وجا
ہمہ اوست کاڈھ تڑا سبق
کل شے وچ کل ڈھو سے
ہمہ اوست کا درس کیتو سے
برکت صحبت پیراں
پی کر بادہ وحدت کوں

Marfat.com

# سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ

سلطان العارفین، سراج الکاملین، فقیر الفقراء حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ اپنے دور کے نابغہ روزگار، صاحب کشف وکرامت بزرگ ہوئے ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق قبیلہ اعوان سے ہے جو کہ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ حضرت بی بی راستی علیہا کا شمار اپنے دور کی نابغہ روزگار اولیاء اللہ خواتین میں ہوتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنی والدہ ماجدہ کا ذکر اپنے کلام میں جا بجا فرماتے ہیں:

رحمت حق بر روان راستی
راستی از راستی آراستی

## ہندوؤں کا مسلمان ہونا:

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ جب اس قابل ہوئے کہ خود اپنے پاؤں پر چل کر گھر سے باہر جانے لگے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کی آنکھوں میں موجود ستاروں جیسی چمک نے اور چاند جیسی روشن پیشانی نے شورکوٹ میں ایک ہنگامہ بپا کر دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی یہ عادت تھی کہ گھر سے نکلتے ہی سر جھکا کر چلنے لگتے لیکن اگر راستہ میں چلتے ہوئے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے نظر اٹھا کر کسی مسلمان کی طرف دیکھ لیا تو اس کے سارے جسم پر لرزہ طاری ہو جاتا تھا اور وہ بے ساختہ پکار اٹھتا تھا۔

"یہ کوئی عام بچہ نہیں ہے بلکہ اس کی آنکھوں میں ایک عجیب سی چمک ہے اور ایسا نور ہے جو کہ براہ راست ہمارے دلوں کو متاثر کرتا ہے۔"

اگر آپ رحمۃ اللہ علیہ کی نظر کبھی کسی ہندو یا غیر مسلم پر پڑ جاتی تھی تو وہ فوراً اپنا مذہب

Marfat.com

چھوڑ کر کلمہ طیبہ پڑھتا اور مسلمان ہو جاتا۔

## ذکر ھو:

حضرت شیخ کالو رحمۃ اللہ علیہ جو کہ حضرت سلطان العارفین سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے۔ایک مرتبہ شورکوٹ میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضری کی سعادت کے لئے آئے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے حجرہ مبارک سے ذکر ''ہو'' کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں۔ وہ تیزی سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کے حجرہ مبارک میں داخل ہوئے لیکن یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ حجرہ مبارک میں کوئی بھی موجود نہ تھا۔ابھی اسی سوچ میں گم تھے کہ حجرہ مبارک کے باہر سے ذکر ''ہو'' کی آواز سنائی دینے لگی۔فوری طور پر باہر آ کر دیکھا تو باہر بھی کوئی موجود نہ تھا۔

اس دوران پھر حجرہ مبارک سے ذکر ''ہو'' کی آواز سنائی دینے لگی۔حجرہ مبارک میں جا کر دیکھا تو پھر کوئی نظر نہ آیا۔اتنے میں دوبارہ حجرہ مبارک کے باہر سے ذکر ''ہو'' کی آوازیں دوبارہ آنا شروع ہو گئیں۔باہر آئے تو کوئی دکھائی نہ دیا۔وہ بے حد پریشان ہوئے کہ یہ کیا ماجرا ہے۔جب معاملہ ان کی سمجھ سے بالاتر ہو گیا تو حیرانگی کی حالت میں یوں گویا ہوئے کہ الٰہی! یہ کیا ماجرا ہے۔پھر قدرے حیرانگی کے بعد شیخ کالو رحمۃ اللہ علیہ نے یہ شعر پڑھا:

اندر ہو باہر ہو باہو کتھ لبھیندا
ہو دا داغ محبت والا دم دم نال سڑیندا

جیسے ہی شیخ کالو رحمۃ اللہ علیہ کی زبان سے یہ شعر ادا ہوا تو حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کی آواز سنائی دی اور ذیل کا شعر سنائی دیا:

جتھے ہو کرے روشنائی چھوڑ اندھارا دیندا
دوہیں جہان غلام تھیندے باہو جیہڑہ نوں صحیح کریندا

اس شعر کے فوری بعد ہی حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ کالو رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان پردہ حجاب ہٹ گیا اور حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو اپنی زیارت سے فیضیاب فرمایا۔

Marfat.com

## چوبیس حروف کلمہ طیبہ:

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں کہ کلمہ طیبہ کے چوبیس حروف ہیں اور دن ورات میں گھڑیاں بھی چوبیس ہوتی ہیں۔ دن رات میں انسان کم وبیش چوبیس ہزار مرتبہ سانس لیتا ہے۔ جب فقیر صدقِ دل سے کلمہ طیبہ کا ورد کرتا ہے تو کلمہ کے ہر حروف کے بدلے میں اُس کے ہر گھڑی کے گناہ اس طرح جل جاتے ہیں جس طرح خشک ایندھن سے آگ۔ کلمہ طیبہ کے صدقِ دل سے پڑھنے کی وجہ سے اُس پر ہر حرف کے بدلے ایک ہزار علم منکشف ہوتے ہیں اور ہر علم سے ہزار عمل جو کہ بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہوتے ہیں۔

کلمہ طیبہ کے ذکر سے فقیر عارف باللہ اور مقربِ حق ہو جاتا ہے اور اُس پر انوارِ الٰہی کی بارش ہوتی رہتی ہے اور رازِ الٰہی اُس پر منکشف ہوتے رہتے ہیں۔ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے ان احمق اور بے شعور آدمیوں پر تعجب ہوتا ہے جو کہ مردہ دل اور مغرور ہیں اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت اور دست بیعت وحکم کے بغیر اور تلقین و تعلیم کی قوت نہ رکھتے ہوئے اندھی تقلید کرتے ہیں۔ ایسے لوگ جب ذکر الٰہی کی نصیحت کرتے ہیں تو اُن کے مریدوں پر اس کا کچھ اثر نہیں ہوتا اور اُن کا نفس گناہوں کی خواہش کو رد نہیں کرتا جس کی وجہ سے معرفت الٰہی کے بھید اُن پر نہیں کھلتے۔

## نظرِ مرشد اور اسم ذات اللہ:

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ واضح رہے کہ اسم ذات اللہ کا تصور اور مرشد کامل کی نظر کے سبب وجود کے نو دروازوں سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ ناک اور نتھنوں سے خون نکلتا ہے، کانوں سے خون جاری ہوتا ہے اور بول و براز کے دونوں راستوں سے خون بہنے لگتا ہے۔

جب ذکر اسم ذات اللہ کے طالب کا سارا وجود خون میں غرق ہو جاتا ہے تو اُس کے وجود کے ساتوں اعضاء ایک ہو جاتے ہیں اور یہی تمام اذکار کا مجموعہ ہے یعنی ذکر قربانی، ذکر سلطانی، ذکر روحانی، ذکر خفی، ذکر یخفی، ذکر نور اور ذکر حضور۔ ان تمام اذکار کا ذاکر بارگاہ

Marfat.com

الٰہی میں مقبول و منظور ہوتا ہے اور ہمیشہ خلوت میں رہ کر حق کا مشاہدہ کرتا ہے۔

## فنافی اللہ' بقاباللہ:

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فنافی اللہ کو روحانی ارتقاء کا تیسرا اور آخری درجہ سمجھتے ہیں۔ جب مرد راہِ حق میں اپنے آپ کو تربیت کے لئے کسی بزرگ کے حوالے کر دیتا ہے اور اُس کی ہدایت کے مطابق تمام دنیاوی خواہشات سے منہ موڑ لیتا ہے تو اُسے فنافی الشیخ کا درجہ حاصل ہو جاتا ہے۔ پھر جب وہ شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہو کر قلب کو زندہ کر لیتا ہے تو اُس کو فنافی الرسول کا مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد جب وہ اللہ عزوجل کی معرفت کا ادراک کر لیتا ہے اور اسے علم الیقین' عین الیقین سے آگے حق الیقین کی صفت حاصل ہو جاتی ہے تو وہ فنافی اللہ کے مرتبے پر پہنچ جاتا ہے اور فنافی اللہ وہ ہوتا ہے جسے بقا باللہ کا مرتبہ حاصل ہو اور یہ اصل میں ''غرق فی التوحید'' کا مقام ہے۔

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس مقام پر اللہ اور اُس بندے کے درمیان سے حجاب اُٹھ جاتے ہیں اور اللہ اُس کو دوست رکھتا ہے۔ فنافی اللہ عشق کا آخری مقام ہے۔

## مراقبہ اور اُس کی منازل:

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ نے مراقبہ کی چار منازل بیان کی ہیں۔ اول وہ مراقبہ جو شریعت طاعت و عبادت و مشاہدہ ناسوت ہے اور اس مراقبہ میں طالب جو کچھ دیکھتا ہے وہ مقامِ ناسوت سے ہوتا ہے۔ دوم وہ مراقبہ جو ملکوت ہے۔ اس مراقبہ والا طالب صاحب ورد و وظائف و طہارت ہوتا ہے اور فرشتوں کی طرح ملکوتی صفت رکھتا ہے اور جو کچھ دیکھتا ہے وہ ملکوت سے ہوتا ہے۔ سوم وہ مراقبہ ہوتا ہے جو اہل جبروت اور اہل اللہ ہے اور اس مراقبہ والا جس چیز کا بھی مشاہدہ کرتا ہے وہ مقامِ جبروت سے ہوتا ہے۔ چہارم مراقبہ لاہوت و اہل معرفت ہے اور اس مراقبہ والا جس شے کا مشاہدہ کرتا ہے وہ مقامِ لاہوت سے ہوتا ہے۔

Marfat.com

باہو را بس بوداں عشق جانی
ساکن لاہوت نظرے لامکانی

## عارفِ حق کی علامت:

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عارفِ حق کی علامت یہ ہے کہ وہ تمام دنیاوی اُمور کو ترک کر دیتا ہے۔ عارف کی دو نشانیاں ہوتی ہیں۔ اول تو اس کی زبان فضول کلام سے بند رہتی ہے۔ دوم یہ کہ ہمیشہ اسرار مع اللہ میں مگن رہتا ہے۔

از مراوات جہاں بگذر بیابی معرفت حق را
فنا فی ذات شد عارف نہ یارائے چنیں کس را

## معراج کی رات:

حضرت سلطانؒ باہو رحمۃ اللہ علیہ دنیا کی فکر سے آزاد سیر و سیاحت میں مصروف رہتے تھے۔ انہی دنوں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے دو مرتبہ کھیتی باڑی کی غرض سے بیلوں کی جوڑی خریدی اور خود اپنے ہاتھوں سے محنت کر کے زمین جوتی۔ مگر دونوں مرتبہ ایسا ہوا کہ جب فصل پکنے کے قریب آئی وہ بیلوں کی جوڑی آپ کو چھوڑ کر کسی نہ کسی جانب چلے جاتے جس سے فصل اور بیل دوسرے لوگ لے جاتے۔ ایک مرتبہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے عزیز و اقارب نے اس کی شکایت آپ رحمۃ اللہ علیہ سے کی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

''فاقے کی رات فقیر کے لئے معراج کی رات ہوتی ہے۔''

نیز فرمایا:

''صبر و شکر یہ ہے کہ فقیر، دنیا اور حب دنیا سے صابر شاکر رہو۔''

## عالم اور فقیر کا فرق:

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علماء میں کثرتِ مطالعہ سے جلالیت پیدا ہو جاتی ہے اور فقیر کو ذکر اسم ذاتِ الٰہی سے معرفت الٰہی کا نور حاصل ہوتا ہے۔ اُس کی

Marfat.com

باطن کی بینائی تیز ہو جاتی ہے۔ جو شخص غیض وغضب کی حالت کو چھوڑ دیتا ہے وہ نورِ الٰہی کو پا لیتا ہے۔ علماء لوگ صرف کتابیں پڑھ کر اُن کا بیان کرتے ہیں جبکہ فقیر ذاتِ الٰہی میں غرق ہو کر عشق حقیقی کی منازل طے کرتا ہے اور اُس پر اسم ذات اللہ کے تمام راز منکشف ہوتے ہیں اور ایک دائمی نعمت اُس کے ہاتھ آ جاتی ہے۔ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ اس کا اظہار اپنے اس شعر میں یوں فرماتے ہیں:

پڑھ پڑھ علم کتاباں والا سارے عالم ہو گئے ہو
عشق کا مطالب جانیں نئیں لوگ بڑے بے چارے ہو

## اعلیٰ درجے کے فقر کی سات اقسام:

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اعلیٰ درجے کے فقر کی سات اقسام ہیں:

۱۔ اس کا لباس تقلیدی نہیں ہوتا بلکہ توحیدی ہوتا ہے۔
۲۔ اگر مٹھی بھر غلہ بھی اُس کے پاس ہو تو وہ صدقہ کر دیتا ہے۔
۳۔ صاحب نظر ہوتا ہے۔
۴۔ شریعت کا پابند ہوتا ہے۔
۵۔ اگر خود محتاج بھی ہو تو طالبوں کو عطا کرتا ہے۔
۶۔ ثابت قدم اور راست گو ہوتا ہے۔
۷۔ اور اگر کوئی مجلس میں آئے تو الا اللہ کی معرفت اور مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دروازہ کھول دیتا ہے اور اگر کوئی نہ آئے تو اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرح بے نیاز ہوتا ہے۔

## حقیقی مرشد کون؟:

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حقیقی مرشد وہ ہوتا ہے جو مقامِ معرفت تک پہنچائے اور پھر مقامِ معرفت سے نورِ توحید میں غرق کر دے۔ کامل اور حقیقی مرشد مشرق سے مغرب تک تمام جہان اور تمام انسانوں کو باطنی تصور وتصرف میں لا کر مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

میں پہنچا کر سرفراز کراتا ہے اور اس قسم کا تفکر دونوں جہان کی عبادت سے افضل ہوتا ہے۔ یہ سب کچھ ایک کامل اور حقیقی مرشد کی راہنمائی میں ممکن ہوتا ہے کیونکہ صاحب غرق کے نزدیک وصل بھی خام خیالی ہے۔ اس لئے جستجو حق کی تلاش کے لئے مرشد کی بارگاہ میں اخلاص سے جائے۔

مرد مرشد میر ساند باتمام
مرشد نامرد ناقص ہست خام

صاحب شریعت شیخ یا مرشد کی تعریف یہ ہے کہ وہ سنت نبوی ﷺ کو زندہ رکھتا ہے اور دل کو زندہ کر کے نفس کی سرکشی کو مٹا دیتا ہے۔

## قبور سے فیض یابی:

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ قبور سے فیض یابی کے شدت سے قائل ہیں اور سلوک میں اسے انتہائی اہم خیال کرتے ہیں اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تحریروں میں اس بات کی جا بجا عکاسی ہوتی ہے کہ اہل قبر کی ہم نشینی زندہ اولیاء کی صحبت و ہم نشینی کے برابر ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ چالیس بار ریاضت اور چلوں سے کسی ولی اللہ کی قبر پر کسی صاحب اجازت کے حکم سے دعوت پڑھنا بہتر ہے۔

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ قبور پر دعوت کا پڑھنا اس لئے ضروری فرماتے ہیں کہ اُن کے نزدیک ولی اللہ کی قبر شمشیر برہنہ ہوتی ہے۔ جس طرح زندگی میں تلوار نیام میں ہوتی ہے وہ بھی نفسانی جسم میں ہوتے ہیں۔ حالت ممات میں وہ تلوار بالکل ننگی ہو جاتی ہے اور پہلے کی نسبت زیادہ کام کرتی ہے۔

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ اس موضوع کی تشریح کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ طالب فیض کی شخصیت میں عشق ایک فعال قوت کی شکل میں موجود ہونا چاہئے اور جب وہ کسی ولی اللہ کی قبر پر حاضر ہو تو اُس کے دل میں شوق کی شدت ہونا ضروری ہے ورنہ اُس کا روحانی رابطہ ممکن نہیں اور جب کوئی متلاشی اس طرح تیار ہو کر قبر پر جا کر نغمہ عشق چھیڑتا ہے تو

Marfat.com

مردِ خدا کی قبر زندہ ہو جاتی ہے اور زندہ ولی کی طرف زائر کے روح و قلب کو نور و حضور سے معمور کر دیتا ہے۔

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں کہ صاحب ولی کی قبر پر دعوت پڑھنے کے بے شمار فوائد ہیں کیونکہ اس سے بڑے بڑے اسراروں سے پردے اُٹھتے ہیں، ماضی و حال و مستقبل کے حالات معلوم ہوتے ہیں اور ہر قسم کی مطلب برآوری ہوتی ہے۔

اولیاء را قبر جنت خانہ
ہر کہ محرم نیست زاں بیگانہ
از قبر بیروں برآید اولیاء
ہم نشین با تو شد بہر از خدا

## جذبہ فقر:

جذبہ فقر حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کی رگ رگ میں سمایا ہوا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی کتب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ پر جذب کا غلبہ رہتا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ صاحب کشف تھے اور جو بھی ان کے مشاہدے میں آیا اس کو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتب و رسائل میں قلم بند فرمایا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ذاتی کشف و وجدان پر مبنی تجربات آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف میں جا بجا نظر آتے ہیں۔ اپنے مقام کے متعلق آپ رحمۃ اللہ علیہ نے جس روحانی مقام کی نشاندہی کی ہے وہ اس اُمت میں چند ہی ہستیوں کو نصیب ہو سکا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"بعض بزرگانِ دین اور مصنفین کی تصانیف الہامی ہے لیکن اس فقیر کو مقامِ الہام سے بالا محض اللہ تعالیٰ کے قرب اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے القائے کلام حاصل ہوا۔"

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل تک پہنچنے کا راستہ وہی ہے جو انبیاء علیہم السلام و اولیاء رحمۃ اللہ علیہم نے اختیار کیا اور اس کی تبلیغ کی۔

Marfat.com

## فرمودات:

- علم حقیقی وہی ہے جس سے معرفت الٰہی حاصل ہو اور حیوانیت کے دائرہ سے نکل کر انسان انسانیت کے درجہ میں پہنچے اور اس کا دل زندہ اور نفس مردہ ہو جائے۔
- شان مسلم یہ ہے کہ وہ جو شیطان کے نام سے غصہ اور رحمان کے نام سے خوش ہوتا ہے۔
- جو شخص اسم اللہ سے منع کرتا ہے وہ یا تو منافق ہے یا کافر اور حاسد و متکبر۔
- جب شکم طعام سے خالی ہو اس وقت معراج فکر حاصل ہوتی ہے۔
- صبر و شکر یہ ہے کہ فقیر دنیا اور حب دنیا سے صابر شاکر ہو۔
- فقر حقیقی وہی ہے جو پیغمبروں کی میراث ہے۔
- مرشد کامل وہ ہے جس کی ایک نظر بھی ہزار سال کے سجدوں سے زیادہ افضلیت اور علم رسمی سے زیادہ اثر رکھتی ہو۔
- علم ایک روشن راستہ ہے جبکہ وسیلہ مرشد ہے۔

Marfat.com

# حضرت بابا بلھے شاہ قادری شطاری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت سیّد عبداللہ المعروف بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ صاحب کشف و کرامت بزرگ ہوئے ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق سادات گھرانے سے تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم سیّد سخی شاہ محمد رحمۃ اللہ علیہ کا شمار اپنے دور کے نابغہ روزگار علمائے دین میں ہوتا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شاہ عنایت قادری شطاری رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پر بیعت کی سعادت حاصل کی اور اُن کی زیرنگرانی سلوک کی منازل طے کیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ پر اپنے مرشد کا اس قدر رنگ چڑھا ہوا تھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شاعری میں مرشد کی تعریف جابجا کی ہے۔

## مرشد پاک سے والہانہ عقیدت:

حضرت بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مرشد پاک کا تعلق ارائیں برادری سے تھا جبکہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق سادات گھرانے سے تھا۔ حضرت بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ پر مرشد کے عشق کا ایسا گہرا رنگ چڑھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ہر در کو خیر باد کہہ کر مرشد کے در کو ہی اپنا قبلہ مان لیا۔ چونکہ آپ رحمۃ اللہ علیہ سیّد تھے اور عالم فاضل بھی تھے ایسے میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا ایک ارائیں کو اپنا مرشد ماننا دھماکہ خیز بات تھی۔ اس پر مصداق یہ کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اہل خاندان کی نظروں میں اپنا مقام جو بنا رکھا تھا وہ بھی عشق مرشد میں گرا لیا۔ شادی سے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے انکار کر دیا اور گھریلو ذمہ داریوں سے اجتناب برتنا شروع کر دیا ہمہ وقت یادالٰہی اور مرشد کامل کے گن گانے میں صرف ہونے لگا۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ہمشیرگان اور دوسرے اہل خانہ نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو شاہ عنایت رحمۃ اللہ علیہ سے والہانہ عقیدت رکھنے سے بہت زیادہ منع فرمایا مگر آپ رحمۃ اللہ علیہ کی سرمستی اور مرشد

Marfat.com

کے ساتھ والہانہ عقیدت میں کوئی فرق نہ آیا جس پر آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے مذہب، ذات اور برادری کے لوگوں کی شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا اور بے شمار قسم کے طعنے برداشت کرنے پڑے بقول آپ رحمۃ اللہ علیہ:

عشق اساں نال کیہی کیتی
لوک مریندے طعنے
مِتر پیارے دے کارن نی
میں لوک اُلاہمیں سہنی ہاں

ایک روز خاندان کے افراد بمعہ ہمشیرگان بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ سے اس معاملے میں لڑنے آن حاضر ہوئے جس کو آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنی کافی میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

بلھے نوں سمجھاون آئیاں بھیناں تے بھرجائیاں
آل نبی اولاد علی دی توں کیوں لیکاں لائیاں
من لے بلھیا ساڈا کہنا چھڈ دے پلہ رائیاں
جیہڑا سانوں سیّد آکھے دوزخ ملن سزائیاں
جے توں لوڑیں باغ بہاراں طالب ہو جا رائیاں

## عشق کی مستی:

عشق ہمیشہ نیا اور تروتازہ ہوتا ہے۔ اس کے ظہور کی عجیب ہی شان ہے۔ یہ رسموں و رواجوں کا دشمن ہے۔ عشق جب کسی عابد میں ظاہر ہوتا ہے تو وہ عبادت گاہوں میں جانا ترک کر دیتا ہے۔ اس کی عبادت گاہ خود اس کا اپنا جسم ہوتی ہے جس کے اندر وہ نورِ الٰہی کا مشاہدہ کرتا ہے۔ عاشق کے دل سے تیرے میرے کا فرق مٹ جاتا ہے اور اس کا دل ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ وہ ہر شے کے اندر اللہ تعالیٰ کو دیکھتا ہے۔ بقول حضرت بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ:

"عشق کی مستی میں بیرونی سجدے فراموش ہو جاتے ہیں اور قوت

Marfat.com

عشق بندہ کو کلمات حق کہنے پر مجبور کر دیتی ہے۔"

## مذہبی کتابوں کا عمل:

حضرت بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مذہبی کتابوں کا عمل سے خالی علم عذابوں کی ایک گٹھری ہے۔ عالم لوگ مذہبی کتابوں کی تشریح کرتے وقت بال کی کھال اتارتے ہیں مگر وہ اندرونی راز سے واقف نہیں ہوتے۔ انہیں نہ تو حقیقت کا ذاتی تجربہ ہے اور نہ ہی وہ کتابوں میں تحریر شدہ باتوں کے مطابق اپنی زندگی گزارتے ہیں۔ علم کا مقصد صحیح راستہ بتلانا ہے اور اس کے حصول میں معاون ہونا ہے۔ جس علم میں نیت صاف نہ ہوں اور نفس پر قابو نہ پایا جاسکے ایسے علم کا کچھ فائدہ نہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اپنی کافی میں یوں بیان کیا ہے:

کیوں پڑھنا ایں گڈ کتاباں دی، سِر چانا ئیں پنڈ عذاباں دی
اگے پینڈا مشکل بھار اے، اِک الف پڑھو چھٹکارا اے
بن حافظ حِفظ قرآن کریں، پھر نعمت وِچ دھیان کریں

## روح کی حقیقت:

چونکہ جسم روح کے سہارے قائم ہے روح لافانی اور ازلی ہے یہ زندگی اور موت سے بالاتر ہے یہ مذہبوں، ملکوں اور قوموں کی بندش سے آزاد ہے یہ نیکی، بدی، خوشی وغمی، دوست ودشمن وغیرہ کی ہر تکرار سے بالاتر ہے اس کو ذی شعور اور پرنور کے تناظر میں جاننے کی ضرورت ہے روح وہ شے ہے جو آفرینش سے پہلے بھی موجود تھی اور جو قیامت کے بعد بھی قائم رہے گی اور جس کا صحیح طریقہ سے ناطہ اپنے اصل ذات الٰہی سے جوڑنے ہی میں مضمر ہے تب ہی انسان مقصد تخلیق کائنات کے اصل راز کی تکمیل کرسکتا ہے اور فرشتوں سے بلند تر اپنا مقام پیدا کرسکتا ہے۔ حضرت بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک روح غافل، بے سمجھ اور سوئی ہوئی، نیند میں غلطاں خراٹے بھر رہی ہے اسی لئے آپ رحمۃ اللہ علیہ اس کو مغرور، جوانی کے نشے میں چور، حسن پر نازاں، سہیلیوں میں محو، فضول باتوں میں مصروف، بے سلیقہ اور بے حیا

Marfat.com

کہہ کر اپنی ذیل کی کافی میں پکارتے ہیں:

اٹھ جاگ گھراڑے مار نہیں
ایہہ سون تیرے درکار نہیں

## معرفت میں کمال:

حضرت بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو معرفت میں وہ کمال حاصل تھا کہ اکثر وہ اپنے آپ سے بھی بے خبر ہو جاتے اور اللہ عزوجل کی محبت میں اس قدر مست اور بے خود ہو جاتے کہ اپنے آپ سے بھی دور ہو جاتے۔ بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بقول حکماء انسان کے عناصر اربعہ آگ، پانی، مٹی اور ہوا ہیں مگر میرے نزدیک یہ اربعہ عناصر نہیں ہیں بلکہ میرے اربعہ عناصر میں تمام کائنات کو بنا کر اس میں خود اللہ عزوجل ہی کا جلوہ نظر آتا ہے بچے میں وہ جلوہ گر ہے ماں باپ میں وہ جلوہ گر ہے زندگی موت میں وہ جلوہ گر ہے پھول اور خوشبو میں وہ موجود ہے غرضیکہ کائنات کے ہر ذرے میں خدا کا نور چمک رہا ہے۔

## خواہشات کے شکار:

حضرت بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انسان کو اللہ عزوجل نے بے شمار فضائل سے نوازا ہے لیکن وہ اللہ عزوجل سے عدم تعلق کی بناء پر اپنی تمام فضیلتوں سے ہاتھ دھو بیٹھا ہے اور اللہ عزوجل کو وہ تقریباً بھول کر شیطان اور حب دنیا کے لالچ میں اتنا مگن ہو گیا ہے کہ اسے اپنی سدھ بدھ تک بھول گئی ہے۔

انسان شروع ہی سے دنیاوی خواہشات کا شکار چلا آ رہا ہے اولاد، دولت، رتبہ، حکومت وغیرہ ہر طرح کی دنیاوی خواہشات کا ننھا سا بیج اس کے من کی دنیا میں اپنی جگہ بناتا ہوا پروان چڑھتا ہے اور بالآخر ایک تناور درخت کا روپ دھار لیتا ہے ایسے میں ہر خواہش کو پورا کرنے کے لئے انسان کو دکھوں اور مصیبتوں کی مسلسل جدوجہد سے گزرنا پڑتا ہے ادھوری خواہش اسے دکھوں اور پریشانیوں کے گڑھے میں دھکیل دیتی ہے اور بڑائی مراد کئی طرح کے بندھنوں اور ذمہ داریوں کا پیش خیمہ بن جاتی ہے۔ ایک خواہش سے کئی خواہشیں

Marfat.com

پیدا ہوتی ہیں جو انسان کو مضبوطی سے دنیاوی زنجیروں میں جکڑ دیتی ہیں نتیجہ میں انسان کے دل میں ہمیشہ ایسے خوفناک جوار بھاٹے اٹھتے رہتے ہیں کہ اس کو ایک لمحہ بھر کے لئے بھی چین نہیں آتا ایسے میں اگر انسان کو مرشد کامل جیسا کہ شاہ عنایت قادری شطاری رحمۃ اللہ علیہ ہیں مل جائے تو پھر اس کو دنیا کی اصلیت کا علم ہو جاتا ہے اور اس کے دل میں مقام حقیقی تک پہنچنے کی تڑپ پیدا ہو جاتی ہے جس سے اس کی رغبت اور جستجو کا رنگ ہی بدل جاتا ہے اور جیسے جیسے یہ تعلق کامل ہوتا جاتا ہے تو وہ قرب اور حضوری کا شرف پاتا ہے۔

## فرمودات:

- اصل عاشق وہی ہے جو اپنے محبوب کے تصور سے مست و بے خود ہو اور ہر کام سے ناآشنا بن جائے۔
- عشق میں لعن طعن رسم دنیا ہے عاشق کو اس کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے اور ہمہ وقت محبوب کے خیالوں میں گم رہنا چاہئے۔
- عشق ایک ایسی بازی ہے جسے فرشتے بھی کھیلنے پر راضی نہیں۔
- عشق میں شرم و حیاء کا کوئی کام نہیں اور اگر ناچنے سے محبوب مل سکے تو اس سے اچھا کون سا کام ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

# اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

امام الوقت، قطب دوراں، مجدد وقت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا شمار نابغہ روزگار اولیاء اللہ میں ہوتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو ظاہری و باطنی علوم پر کمال درجہ حاصل تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اڑتیس (۳۸) سے زیادہ علوم پر مہارت رکھتے تھے اور لوگ دور دور سے اپنے شرعی و فقہی مسائل کے لئے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ پچاس سے زیادہ علوم پر تصانیف فرمائی ہیں اور یہ کتب اپنے موضوعات کے اعتبار سے ایک سند کا درجہ رکھتی ہیں۔

## کمال ایجاد اور وہبی علوم:

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بہت سے مردہ فنون مثلاً علم جفر، تکسیر، ہیئت اور نجوم کو نئی زندگی عطا کی۔ علم توقیت میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا کمال ایجاد کے درجہ پر تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے آٹھ برس کی عمر میں فن تجوید کی مشہور کتاب ہدایۃ النحو پڑھی اور خداداد علم کے زور پر اسی ننھی عمر میں ہی ہدایۃ النحو کی شرح عربی زبان میں لکھ ڈالی۔ اس طرح دیگر علوم میں بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کم عمری میں ہی کمال حاصل کر لیا تھا۔

## سیرتِ مبارکہ:

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ بچپن ہی سے تقویٰ، طہارت، اتباع سنت، پاکیزہ اخلاق اور حسن و سیرت کے اوصاف سے مزین ہو چکے تھے۔ ساڑھے تین برس کی عمر میں صرف ایک نیچا کرتہ پہنے ہوئے باہر سے دولت خانہ کی جانب تشریف لے جا رہے تھے کہ سڑک پر ایک گاڑی میں کچھ طوائفیں بیٹھی ہوئیں کسی رئیس کی تقریب میں گانے

Marfat.com

بچانے کے لئے جارہی تھیں۔ اُن کا سامنا ہوتے ہی فوراً آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کرتے کا دامن اٹھا کر آنکھوں پر رکھ لیا۔

یہ واقعہ دیکھ کر وہ طوائفیں ہنسنے لگیں اور پھر ان میں سے ایک بولی۔ واہ میاں صاحب! آنکھوں کو چھپالیا اور ستر کھول دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے برجستہ جواب دیا!

"جب نظر بہکتی ہے تب دل بہکتا ہے اور جب دل بہکتا ہے تو ستر بہکتا ہے۔"

یہ جواب سن کر وہ سب سکتہ کے عالم میں ہوگئیں۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ ۱۲۸۶ ہجری بمطابق ۱۸۶۹ عیسوی میں جب کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عمر مبارک تیرہ برس دس ماہ تھی آپ رحمۃ اللہ علیہ ایک جلیل القدر عالم عظیم بن چکے تھے۔ اُس وقت سے لے کر صفر ۱۳۴۰ ہجری تک یعنی چون برس تک آپ رحمۃ اللہ علیہ مسلسل دینی علمی خدمات انجام دیتے رہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا ظاہر و باطن یکساں تھا۔ جو کچھ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے دل میں ہوتا تھا وہی کچھ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی زبان مبارک پر ہوتا تھا اور ویسا ہی آپ رحمۃ اللہ علیہ کا عمل ہوتا تھا۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک کوئی شخص کیسا ہی پیارا ہوتا لیکن خلاف شرح بات پر آپ رحمۃ اللہ علیہ کبھی بھی اس کی کوئی رعایت نہ کرتے اور صاف صاف الفاظ میں اس کو ٹوک دیتے۔ جس طرح آپ رحمۃ اللہ علیہ کفار، ملحدوں، مرتدوں اور بے دینوں کے ساتھ سخت تھے۔ ویسے ہی آپ رحمۃ اللہ علیہ سنی مسلمانوں اور علمائے حق کے لئے اَبرِ کرم تھے۔ جب کبھی کسی سنی عالم سے ملاقات ہوتی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے چہرہ کی رونق دیدنی ہوتی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کا دل باغ باغ ہو جاتا اور اُس کی ایسی عزت وقدر کرتے جس کے لائق وہ اپنے آپ کو نہ سمجھتا۔

جب کوئی حاجی بیت اللہ شریف کا حج کر کے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوتا تو اس سے پہلا سوال یہی کیا کرتے کہ کیا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری دی؟ اگر جواب ہاں میں ہوتا تو فوراً اس کے قدم چوم لیتے اور اگر جواب ناں میں ہوتا تو پھر

Marfat.com

اس کی جانب بالکل توجہ نہ فرماتے تھے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کے درِ اقدس سے کبھی کوئی سائل خالی نہ لوٹتا۔ بیوگان کی امداد اور ضرورتمندوں کی حاجت روائی کے لئے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ماہانہ وظائف مقرر کر رکھے تھے اور ایسا صرف مقامی لوگوں کی جانب نہ تھا بلکہ بیرون بریلی بھی باقاعدگی سے منی آرڈر ارسال فرمایا کرتے تھے۔

## معمولاتِ زندگی:

آپ رحمۃ اللہ علیہ ہفتہ میں دو بار جمعہ اور منگل کو لباس تبدیل کیا کرتے تھے۔ البتہ عید الفطر، عید الضحیٰ یا عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روز نیا لباس زیب تن فرماتے تھے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ بشکل نام اقدس حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سویا کرتے تھے۔ اس طرح دونوں ہاتھ ملا کر سر کے نیچے رکھتے اور پاؤں سمیٹ لیتے۔ جس سے سر میم، کہنیاں ح، کم میم، پاؤں دال بن کر گویا نام پاک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا نقشہ بن جاتا تھا۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کتب احادیث پر دوسری کتب بالکل نہ رکھتے تھے۔ جب حدیث شریف کی ترجمانی فرما رہے ہوتے اور اگر درمیان میں کوئی شخص آپ رحمۃ اللہ علیہ کی بات کاٹتا تو سخت کبیدہ خاطر اور ناراض ہوتے۔ مجلس میلاد شریف میں ذکر ولادت شریف کے وقت الصلوٰۃ والسلام پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے اور باقی وقت شروع سے لے کر آخر تک ادباً دوزانو بیٹھے رہتے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ ہنسنے میں کبھی ٹھٹھا نہ لگاتے تھے۔ جماہی آنے پر دانتوں میں انگلی دبا لیتے تھے۔ جس کی وجہ سے کوئی آواز نہ ہوتی۔ قبلہ کی جانب منہ کر کے کبھی بھی نہ تھوکتے تھے۔ نہ قبلہ کی طرف پاؤں پھیلاتے تھے۔ بغیر صوف پڑی دوات سے نفرت کرتے اور اسی طرح لوہے کی قلم سے بھی پرہیز کرتے تھے۔ خط بنواتے وقت اپنا کنگھا اور شیشہ استعمال فرمایا کرتے تھے۔

Marfat.com

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ خلوت نشینی بوقت تصنیف وتالیف' کتب بینی' فتویٰ نویسی اور اوراد واشغال کے وقت اختیار کرتے۔ پانچوں نمازوں کے وقت مسجد میں حاضر ہوتے اور ہمیشہ نماز باجماعت ادا فرماتے۔ گو کہ بے حد حار مزاج تھے مگر شدید گرمی میں بھی ہمیشہ عمامہ اور انگرکھا کے ساتھ نماز ادا کرتے۔ خصوصاً فرض نماز کبھی بھی ٹوپی اور کرتے کے بغیر ادا نہیں کی۔ اکثر گھر سے ہی وضو کر کے مسجد میں تشریف لے جاتے اور اگر کبھی مسجد میں وضو کرنا پڑتا تو مٹی کے لوٹے سے اتر جانب کی فصیل پر بیٹھ کر وضو فرماتے۔ غسل اور وضو میں خصوصی اختیاط برتتے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے وضو کے لئے عموماً دو لوٹے پانی رکھا جاتا۔ نماز سے فارغ ہو کر گھر واپس تشریف لے جاتے تھے لیکن عصر کی نماز پڑھ کر پھاٹک میں چارپائی پر تشریف رکھتے اور چاروں طرف کرسیاں بچھا دی' جاتیں۔ زیارت کا اشتیاق رکھنے والے حضرت کرسیوں پر بیٹھتے اور اپنی حاجتیں پیش کرتے۔ ان کی حاجتیں پوری کی جاتیں اور اگر کسی شخص کو کوئی شے دیتے اور وہ بایاں ہاتھ آگے بڑھاتا تو فوراً اپنا ہاتھ روک لیتے اور فرماتے کہ دائیں ہاتھ میں لو بائیں ہاتھ میں شیطان لیتا ہے۔ اسی طرح تحریر میں بھی دائیں جانب سے ابتداء کرتے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ذات مبارکہ الحب فی اللہ والبغض فی اللہ کی زندہ تصویر تھی۔ اللہ عزوجل اور حضور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھنے والوں کو اپنا عزیز جانتے اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن کو اپنا دشمن جانتے تھے۔ مخالف سے کبھی بھی کج خلقی سے پیش نہ آتے تھے۔

خوش اخلاقی کا یہ عالم تھا کہ جس سے ایک مرتبہ کلام کرتے اس کے دل کو گرویدہ بنا لیتے۔ کبھی دشمن سے سخت کلامی نہ فرماتے اور ہمیشہ حلم سے کام لیتے۔ لیکن دین کے معاملے میں کبھی نرمی نہ فرماتے تھے۔

## بیعت وخلافت:

اعلیٰ حضرت حضرت مولانا احمد رضا خان بریلی رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد ماجد حضرت

Marfat.com

مولانا نقی علی خان کے ہمراہ مارہرہ شریف حاضر ہوئے اور حضور پُر نور سیّد شاہ آلِ رسول احمدی رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پرست پر ۱۲۹۴ ہجری بمطابق ۱۸۷۷ عیسوی میں سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ میں بیعت ہوئے۔ بیعت کے فوراً بعد ہی مرشد پاک نے آپ دونوں حضرات کو خلافت نامہ عطا فرما کر خرقہ مقدسہ سے بھی سرفراز فرمایا۔

حضرت مولانا سیّد ابوالحسن نوری عرف میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سیّد آلِ رسول رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا کہ حضور! آپ رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں تو طویل بامشقت ومجاہدات و ریاضات کے بعد خلافت واجازت دی جاتی ہے تو پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ ان دونوں حضرات کو بیعت کرتے ہی خلافت بھی دے دی گئی ہے؟

سیّد آلِ رسول رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میاں صاحب اور لوگ زنگ آلود اور میلا کچیلا دل لے کر آتے ہیں۔ اس کی صفائی کے لئے اور پاکیزگی کے لئے مجاہدات، طویل ریاضات شاقہ کی ضرورت پڑتی ہے اور یہ دونوں حضرات صاف ستھرا اور پاکیزہ دل لے کر ہمارے پاس آئے ہیں ان کو صرف اتصال نسبت کی ضرورت تھی اور وہ مرید ہوتے ہی ان کو حاصل ہوگئی۔

مجھے اس بات کی بہت فکر رہتی تھی کہ جب قیامت کے روز اللہ عزوجل فرمائے گا کہ اے آل رسول! تو میرے لئے کیا لایا ہے تو میں بارگاہ الٰہی میں کون سی شے پیش کروں گا۔ لیکن آج میری وہ فکر دور ہوگئی ہے کیونکہ جب اللہ عزوجل پوچھے گا کہ آل رسول تو میرے لئے کیا لایا ہے تو میں عرض کروں گا کہ

''الٰہی! میں تیرے لئے احمد رضا لایا ہوں۔''

## شریعت اور طریقت:

جب ملحدین، فاسقین اور نام نہاد صوفیوں نے جھوٹی طریقت کی آڑ میں شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حملے کرنے شروع کئے اور شریعت کو طریقت کا مخالف بنانے لگے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی شدت سے مخالفت کی اور اس مسئلے کی تمام جزیات وتفصیلات کو اپنی کتاب

Marfat.com

''مقال العرفا'' میں قرآن و حدیث و اقوال علماء صلی باطن سے ثابت کیا کہ شریعت اصل ہے اور طریقت اس کی فرع۔ شریعت منبع ہے اور طریقت اس کے نکلا ہوا دریا۔ طریقت کی جدائی شریعت سے محال و دشوار ہے۔ شریعت ہی پر طریقت کا دارومدار ہے۔ شریعت ہی اصل کار اور محک و معیار ہے۔ شریعت ہی وہ راہ ہے جس سے وصول الی اللہ ہے۔ اس کے سوا آدمی جو راہ بھی چلے گا اللہ عزوجل کی راہ سے دور پڑے گا۔ طریقت اس راہ روشن کا ٹکڑا ہے۔ اس کا اس سے جدا ہونا محال و ناسزا ہے۔ طریقت میں جو کچھ منکشف ہوتا ہے شریعت مطہرہ ہی کے اتباع کا صدقہ ہے۔ جس حقیقت کو شریعت رد فرمائے وہ حقیقت نہیں بے دینی اور زندقہ ہے۔

## وصال مبارک:

اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۵ صفر ۱۳۴۰ ہجری بمطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ عیسوی کو جمعۃ المبارک کے دن دو بج کر ۳۸ منٹ پر عین آذان جمعہ میں حی الفلاح کی پکار پر جان جاناں سپرد آفرین کی۔

بقول حضرت مولانا حسنین رحمۃ اللہ علیہ! اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے وصیت نامہ تحریر فرمایا اور پھر خود اس پر عمل کروایا۔ وصال شریف کے تمام کام گھڑی دیکھ کر ٹھیک وقت پر ارشاد ہوتے رہے اور جب دو بجنے میں چار منٹ رہ گئے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے وقت پوچھا۔ عرض کیا گیا کہ اس وقت ایک بج کر چھپن منٹ ہوئے ہیں۔ فرمایا گھڑی کھلی سامنے رکھ دو۔ پھر حضرت مولانا محمد حامد رضا خان سے ارشاد فرمایا کہ وضو کرواؤ۔ قرآن عظیم لاؤ۔ پھر مصطفےٰ رضا خان سے فرمایا کہ سورۂ یٰسین اور سورۂ رعد کی تلاوت کرو۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے حسب ارشاد دونوں سورتیں تلاوت کی گئیں۔ پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے موجود حضرات کے سلام کا جواب دیا۔

بوقت وصال آپ رحمۃ اللہ علیہ کے چہرہ مبارک کلفت مسرت تھی۔ غسل شریف میں علمائے عظام سادات عظام اور حفاظ عالی مقام شریک ہوئے۔ سیّد اظہر علی صاحب نے لحد

Marfat.com

کھودی۔ حسب وصیت صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ نے غسل دیا اور جناب حافظ امیر حسن صاحب مراد آبادی نے مدد دی۔

حضرت صدر الافاضل استاد العلماء مولانا سیّد نعیم الدین مراد آبادی نے کفن شریف بچھایا۔ غسل و تکفین کے بعد عورتوں کو زیارت کا موقع دیا گیا۔ جنازہ اٹھایا گیا جو ہمہ وقت کم از کم بیس کاندھوں پر رہا۔ پھر جامع عید گاہ تک جنازے کو لایا گیا اور وہاں نماز جنازہ پڑھائی گئی اور پھر عید گاہ سے جنازہ شہر بریلی شریف محلہ سوداگران میں دارالعلوم منظر الاسلام کے شمالی جانب ایک پیکر وجلال وہیبت بلند عمارت کے اندر لایا گیا اور دفن کیا گیا۔

## فرمودات:

- متکبر شخص کے ساتھ قیام وطعام سے پرہیز کرو اس سے ایمان میں خلل واقع ہوتا ہے۔
- متقی مزدور اللہ تعالیٰ کے نزدیک فاسق حکمران سے زیادہ عزت دار ہے۔
- جو خدا سے ڈرنے والا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ عزت والا ہے۔
- غریب اور مسکین آدمی اُس شخص سے بہتر ہے جو بدکار اور ریاکار ہے۔
- طلب صادق ہو تو راہِ حق کے دروازے خود بخود کھل جاتے ہیں اور منزلِ مقصود سامنے آجاتی ہے۔

Marfat.com

# کتابیات

۱۔ سیرتِ پاک حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ از علامہ فقیر محمد جاوید قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۔ تذکرہ حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ از محمد حسن زاہد

۳۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سفیر از محمد ثاقب قادری

۴۔ میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ از غلام حسین اظہر

۵۔ شرح کلام حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ از ابوالکاشف قادری رحمۃ اللہ علیہ

۶۔ سیف الملوک مترجم میاں ظفر مقبول

۷۔ کلام حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ از صوفی تاج دین

۸۔ اقوالِ اولیاء از علامہ فقیر محمد جاوید قادری رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

Marfat.com

# ہماری چند دیگر مطبوعات




ناشر
اکبر بک سیلرز

Marfat.com